# شمالی آئرلینڈ

# گلوب

## تمام تارکین وطن والدین کے لئے آئرلینڈ کا پروگرام

معلوماتی پیک برائے شمالی آئرلینڈ

Urdu Northern Ireland.indd 1 14/May/2009 14:36 14/May/2009

# تعارف

گلوب:۔ تمام تارکین وطن والدین کے لئے آئرلینڈ کا پروگرام 24 ماہ کا ایک ایسا منصوبہ ہے جس کا مقصد تارکین وطن والدین کی آئرلینڈ میں رہنے اور اپنے بچوں کی کفالت کرنے میں مدد دینا ہے۔
یہ ریسورس پیک اس منصوبے کی 3 اجزاء میں سے ایک ہے ۔
ریسورس پیک آئرلینڈ میں زندگی کے تمام پہلووں پرمحیط والدین کے لئے ایک معاون معلوماتی کتابچے کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ یہ 6 مختلف موضوعات پر تازہ ترین معلومات اور دوسرے ذرائع کے روابط پرمشتمل ہے جن تک آپ مزید معلومات کے لئے رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔
ہرحصے کو آسان رسائی کے لئے الگ الگ پیش کیاگیاہےتاکہ اگر اس میں کوئی موضوع آپ کے لئے خاص اہمیت رکھتا ہے تو آپ اس تک فوری رسائی حاصل کریں۔

## سیکشن نمبر1

آئرلینڈ میں رہنا ...... ایک مختصر تعارف

## سیکشن نمبر 2

آئرلینڈ میں رہنا ......... عملی معلومات

## سیکشن نمبر 3

قانونی معلومات

## سیکشن نمبر 4

صحت اور سماجی خدمات کا نظام

## سیکشن نمبر 5

نظام

## سیکشن نمبر 6

تفریحی اور سماجی سرگرمیاں

ان سیکشنوں کو یا تو سوالات و جوابات یا پھر کسی موضوع پردی گئی معلومات میں مزید تقسیم کر دیا گیا ہے۔ یہ تقسیم کسی خاص سیکشن کاپتہ لگانےیا خاص سوال کا جواب حاصل کرنے میں آسانی پیداکرتی ہے۔

ان 6 سیکشنوں کے آخر میں عام طور پر استعمال ہونے والے مخفف الفاظ اور سرنامے کے علاوہ الفاظ کی فرہنگ /لغت بھی دی گئی ہے۔

# اعتراف خد مات

ان معلومات کی تشکیل میں بہت سے ذرائع سے مدد لی گئ ہے اور ہم ایسے تمام افراد کی مدد اوران کے متعلقه شعبه میں تجربے کا اعتراف کرتے ہیں۔

پہلی بات تو یه ہے که ہم اس پراجیکٹ کے لئے سرحد پار فنڈ دینے والوں کاشکریه ادا کرنا چاہیں گے جنھوں نے ہمیں اس منصوبے پر عمل درآمد کے لئے وسائل فراہم کیے ۔

دوسری بات یه که ہم اس پراجیِکٹ کی انتظامی کمیٹی کے افراد کا شکریه ادا کرنا چاہتے ہیں جنھوں نے اس ٹول کٹToolkit کے لئے وقت اور وسائل مہیا کیے۔

تیسری بات یه که ہم اپنی مشاورتی کمیٹی کا بھی شکریه ادا کرنا چاہیں گے جنھوں نے سرحد کے دونوں اطراف سے پریکٹیشنرز اور والدین دونوں کو یکجا کیا جن میں سے بہت سے خود بھی تارکین وطن والدین ہیں۔


ہم ان تمام لوگوں کا بھی شکریه ادا کرتے ہیں اور ان کی بھرپور تعریف بھی کرتے ہیں جنھوں نے اپنی رائے دی اوراس ریسورس پیک کے مختلف حصوں کا اضافه بھی کیا۔ جن میں برنارڈوس تورسیتھا (Barnardos Tuar Ceatha)، وزیر برائے باہمی ارتباط ، شمولیت اور متنوع سروسزشمالی آئرلینڈ، ہیلتھ سروس ایگزیکٹیواور ISPCCکے اندرونی مبصرین شامل ہیں۔

ہم ان تمام پریکٹیشرز، والدین اور نوجوان لوگوں کے ممنون ہیں جنھوں نے ہمارے مشاورتی عمل میں حصه لیا جو پورے آئرلینڈ میں منعقد ہوا اور ویب کے ذریعے بھی انجام دیاگیا۔ آپ کی حمایت اور اس معلوماتی پیک کو بنانے میں ہمیں مطلوبه معلومات مہیا کرنے پر ہم آپ کاتہه دل سے شکریه ادا کرتے ہیں۔

آخر پر ہم اُن تمام لوگوں کا بھی شکریه ادا کرنا چاہتے ہیں۔ جنھوں نے اس پر وگرام میں ہماری مدد کی۔ آپ کا بہت بہت شکریه ۔

فیونا ڈائر Fiona Dwyer [تمام آئی پی آئی پیIPIP پراجیکٹ کوآرڈینیٹر،ISPCC ]

میری نیکولسن Mary Nicholson [تمام آئی پی آئی پیIPIP پراجیکٹ مینجراورایڈوکیسی مینجر ، ISPCC]



## میں کہاں تلاش کرسکتاہوں؟

گورنمنٹ سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر1

آبادی سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر1

بل ادا کرنے سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر2

کرائے سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر2

اپنے بچے کے حقوق سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر3

گھریلو زیادتی سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر3

ویکسی نیشن سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر4

نگرانی سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر4

ہوم ورک سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر5

سکول کے نظم و ضبط سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر5

ثقافت سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر6

لائبریری سے متعلق معلومات؟ - دیکھیے سیکشن نمبر6

Urdu Northern Ireland.indd 4 14/May/2009 14:36 14/May/2009

# مندرجات


سیکشن 1:

شمالی آئرلینڈ میں رہنا۔ ایک مختصر تعارف.....5

سیکشن 2:

شمالی آئرلینڈ میں رہنا۔ عملی معلومات.....7

سیکشن 3:

شمالی آئرلینڈ میں قانونی معلومات.....17

سیکشن 4:

صحت و سماجی خدمات کا نظام.....19

سیکشن 5:

شمالی آئرلینڈ کا تعلیمی نظام.....27

سیکشن 6:

تفریحی اور سماجی سرگرمیاں.....33

فرہنگ / لغت.....35

مخفف الفاظ اور سرنامے.....36

# اہم حقائق

شمالی آئرلینڈ آئرلینڈ کے جزیرے پر مشتمل ہے۔ چونکہ یہ جزیرے کے شمالی حصے میں واقع ہے۔اس لئے شماِلی آئرلینڈ کہلاتا ہے۔
شمالی آئرلینڈ کی آبادی کا اندازا1،741،619 ہے۔ [2006ء کے اعداد وشمارکے مطابق]
شمالی آئرلینڈ کا سب سے بڑا شہر بلفاسٹ (Belfast)ہے۔ شمالی آئرلینڈ کی سرکاری کرنسی پاونڈ سڑلنگ ہےجو قیمتوں سے پہلے£ کی شکل میں لکھی جاتی ہے۔
شمالی آئرلینڈ کی سرکاری زبان انگلش ہے۔
شمالی آئرلینڈ سلطنت برطانیہ اور شمالی آئرلینڈ کاایک حصہ ہے۔


# آئرلینڈ کا محل وقوع

## شمالی آئرلینڈ کہاں واقع ہے؟

شمالی آئرلینڈ آئرلینڈ کے جزیرے پر واقع ہے جو شمالی مغربی یورپ میں واقع ایک جزیرہ ہے۔ آئرلینڈ کے مشرق میں سب سے نزدیک ترین ہمسایہ سلطنت برطانیہ [انگلینڈ،سکاٹ لینڈ اور ویلز] ہے جسے آئرش سمندر آئرلینڈ سے علیحدہ کرتا ہے۔
شمالی آئرلینڈ [جو سلطنت برطانیہ کاحصہ ہے] جزیرہ آئرلینڈ کے 1\6حصے کااحاطہ کیے ہوئے ہے اور جمہوریہ آئرلینڈ 5\6 حصے پر مشتمل ہے۔
شمالی آئرلینڈ 6 کاونٹیزمیں تقسیم کیا گیا ہے جو السٹر کے صوبے میں شامل ہیں۔




## آئرلینڈ کے صوبے




1- لنسٹر (Leinster)
2- منسٹر (Munster)
3- کوناٹ (Connaught)
4- السٹر (Ulster)

## السٹر:

صوبہ السٹر جزیرے کے شمال میں واقع ہے۔السٹر کی اکثریت شمالی آئرلینڈ کا حصہ ہے۔السٹر میں کل 9 کاونٹیزہیں جن میں سے 6 شمالی آئرلینڈ سے تعلق رکھتی ہیں اور بقیہ 3 جمہوریہ آئرلینڈ کا حصہ ہیں۔

| نام | آئرش نام | کاونٹی، قصبہ یا شہر |
|---|---|---|
| اینٹرم Antrim | اونٹرائیم Aontroim | بلفاسٹBelfast |
| ارماغ Armagh | آرڈمہاچا Ard Mhacha | ارماغ Armagh |
| ڈائون Down | ڈنDun | ڈاون پیٹرکDownpatick |
| فرماناغ Fermanagh | فرمناچ Fir Manach | اینس کیلنInniskillen |
| لنڈن ڈیری Londonderry | ڈوئیرے Doire | ڈیریDerry |
| ٹائیرونTyrone | ٹیر اوغین Tir Eoghain | دماغDmagh |

# شمالی آئرلینڈ کی مختصرترین تاریخ

## شمالی آئرلینڈ کی تاریخ کیاہے؟

آئرلینڈ کی ایک بہت طویل تاریخ ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کا آغازتقریبا 7000B.C.میں ہوا تھا اوراس کے ابتدائی لوگ سکاٹ لینڈ سے ہجرت کرکے برطانیہ آئے تھے۔
آئرلینڈ پر بہت سے مختلف گروہوں نے حملے اور دراندازی کی تھی جن میں سیلٹس (Celts) ویکنگز (Vikings)، نازمنز [Normans] اور انگِریز شامل تھے۔
1916ء میں مشرقی شورش پیدا ہونے تک انگلینڈ نے تقریباً 800 سال آئرلینڈ پر حکومت کی جب قوم پرستی کے حامیوں نے اعلان کیا تھا کہ آئرلینڈ ایک آزاد مملکت ہے۔
1920ء میں گورنمنٹ آف آئرلینڈ ایکٹ نے آئرلینڈ کے جزیرے کو شمالی آئرلینڈ [جزیرے کے شمال مشرق میں 6 کاونٹیاں ] اور جنوبی آئرلینڈ [دیگر26 کاونٹیاں ] میں تقسیم کیا تھا۔ 26 کاونٹیاں خاص طور پر کیتھولک اور 6 کاونٹیاں پروٹیسٹنٹ عقیدے سے تعلق رکھتی تھیں۔
1921ء میں شمالی آئرلینڈ سرکاری طور پر سلطنت برطانیہ کے حصے کے طور پر قائم ہوگئی تھی جسے گورنمنٹ آف آئرلینڈ ایکٹ 1920ء کے اتباع میں ایک خودمختار حکومت بنا دیا گیا تھا۔
جمہوریہ آئرلینڈ کی فوج (IRA)آئرلینڈ کے تمام جزیروں کو آئرش آزاد ریاست [اب جمہوریہ آِئرلینڈ] کے حصے کے طور پر دیکھنا چاہتی تھی اور اتحاد کے حامی (Unionists)شمالی آئرلینڈ کو سلطنت برطانیہ کے حصے کے طور پر قائم چاہتے تھے۔
شمالی آئرلینڈ کے کیتھولک عقیدہ رکھنے والوں کا کہنا تھا کہ جب خاص طور پر پروٹیسٹنٹ اتحادیوں کا حکومت پر کنٹرول تھا تو ان کے ساتھ امتیاز ی سلوک کیا جاتا تھا۔
1966ء میں شروع ہونے والے فسادات اور شورش شمالی آئرلینڈ میں مسلح کشمکش کے 30 سالوں پر منتج ہوئی تھی۔
1969ء میں برٹش آرمی کو شمالی آئرلینڈ میں امن وامان قائم کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا۔
1972ءکا سال شمالی آئرلینڈ میں ہونے والی شدید کشمکش کا سال تھا۔
1985ءمیں اینگلوآئرش Anglo – Irishمعاہد ہ پر آئرلینڈ اور برطانیہ نے دستخط کیےتھےاوراس بات کی توثیق کی تھی کہ شمالی آئرلینڈ ایک آزاد جمہوریہ ہوگی جب تک شمال میں اکثریت کی منشاء ہوگی۔
1998ءمیں برطانیہ اور آئرلینڈ کے قائدین نے «گڈ فرائی ڈے معاہدے» پر دستخط کیے تھے۔
2005ءمیں IRA نے کھلم کھلا اپنی مسلح مہم کو ختم کرنے کا اعلان کیا۔
8مئی 2007ء کو شمالی آئرلینڈ کو حکومتی اختیارات واپس دے دئیے گئے۔

# حکومت

## کیا شمالی آئرلینڈ میں حکومت ہے؟

جی ہاں، اگرچہ شمالی آئرلینڈ سلطنت برطانیہ کا حصہ ہے لیکن اُن کی اپنی حکومت ہے۔

8 مئی 2007ء کو بروز منگل شمالی آئرلینڈ اسمبلی کو انتقال اقتدار (جہاں حکومت برطانیہ کی طرف سے شمالی آئر لینڈ کو اقتدار کی منتقلی ہوئی تھی) کے ذریعے بحال کیا گیا اور 12 وزیروں کی چار رکنی ایگزیکٹیو (مجلس عامہ) کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔

## شمالی آئرلینڈ میں کون نگران انچارج ہے؟

وزیر اول اور ڈپٹی وزیر اول حکومت چلانےکی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ وہ دونوں اکٹھے وزیر اول اور ڈپٹی وزیر اول کے دفتر(OFMDFM) کو تشکیل دیتے ہیں ۔
وہاں10 محکمانہ وزیر بھی ہیں جو حکومت کے مختلف شعبوں کے ذمہ دار ہیں جن میں تعلیم ، صحت، سماجی پالیسی اور علی ہذا القیاس شامل ہیں۔
وزیر اول اور ڈپٹی وزیر اول اور10 محکمانہ وزیروں سے مجلس عامہ بنتی ہے جو بڑے بڑے مسائل اور معاملات اتفاق سے حل کرنے کے لئے کام کرتی ہے اورمحکموں کی ذمہ داریوں کو کم کرتے ہیں۔

## پارلیمنٹ کو کیا کہا جاتاہے؟

شمالی آئرلینڈ میں پارلیمنٹ کو شمالی آئرلینڈ اسمبلی کہا جاتا ہے۔ اسے شمالی آئرلینڈ کی حکومتی محکموں کے فرائض کے حوالے سے فیصلے کرنے اور قانون بنانے کا مکمل اختیارحاصل ہوتا ہے۔
ایگزیکٹیو کمیٹی جسے اسمبلی کی طرف سےتفویض کردہ اختیارات استعمال کرنے حق حاصل ہوتا ہے، وہ اسمبلی کے غور کے لئے «ایگزیکٹیو بلز» کی شکل میں نئی قانون سازی کے لئے تجاویز پیش کرتی ہے۔ یہ حکومت کے لئے ہر سال ایک پروگرام پیش کرتی ہے جس کے ساتھ اسمبلی کی منظوری کے لئے ایک متفقہ بجٹ بھی ہوتا ہے۔

## پارلیمنٹ کے نمائندوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

فی الوقت اسمبلی قانون ساز اسمبلی کے 108 منتخب ارکان(MLAs) پر مشتمل ہے۔(MLAs)کی ذمہ داریوں میں اپنے حلقہ انتخاب کی نمائندگی کرنا شامل ہوتا ہے۔

## کیا میں انتخابات میں ووٹ دے سکتا ہوں؟

اگر آپ یوکے ،جمہوریہ آئرلینڈ ، مالٹا یا قبرص سے تعلق رکھتے ہیں تو آپ شمالی آئرلینڈ کے انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں۔ اگر آپ یورپین یونین سے تعلق رکھتے ہیں تو آپ یورپین یونین کے انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں۔

# آبادی کا پروفائل (خاکہ)

## شمالی آئرلینڈ میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟

اس وقت ائرلینڈ میں 1,741,619لوگ رہ رہے ہیں۔ (2006ء کے اعداد وشمارکے مطابق NISRA)

1,741,619 لوگوں کی آبادی میں سے 853,404 افراد مرد اور888,215 خواتین ہیں۔

## مجموعی طور پر

- 380,141 افراد کی عمریں 0 سے 16 سال کی ہیں
- 343,298 افراد کی عمریں 16 سے 29 سال کی ہیں
- 375,419 افراد کی عمریں 30 سے 44 سال کے درمیان ہیں
- 403,414 افراد کی عمریں 45 سے 64 سال کے درمیان ہیں
- 239,347 افراد کی عمریں 65 سال یا اس کے اوپر ہیں۔

## سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟

بلفاسٹ (Belfast)شمالی آئرلینڈ کا سب سے بڑا شہر ہے اور سب سے زیادہ آبادی بھی اسی کی ہے۔ بلفاسٹ میں 268،000 لوگ رہتے ہیں۔

## آبادی کے لحاظ سے شمالی آئرلینڈ کا دوسرا بڑا شہر کون سا ہے؟

شمالی آئرلینڈ کی شماریاتی اور تحقیقی ادارے (NISRA)کی طرف سے 2006ء کے شمار کے مطابق لس برن (Lisburn)پیشتر آبادی کے لحاظ سے شمالی آئرلینڈ کا دوسرا بڑا شہر ہے۔ جس کی آبادی 112,929افراد پر مشتمل ہے۔


# رقوم

## شمالی آئرلینڈ میں کون سی کرنسی استعمال ہوتی ہے؟

شمالی آئرلینڈ سلطنت برطانیہ کا ایک حصہ ہے اور کرنسی کے طور پر پاؤنڈ سٹرلنگ استعمال کرتاہے۔

## سٹرلنگ بینک نوٹس کس طرح کے دکھائی دیتے ہیں؟

شمالی آئرلینڈ میں 4 مختلف قدر والے نوٹ ہوتے ہیں یعنی
5 پاؤنڈ، 10 پاؤنڈ، 20پاؤنڈ،05 پاؤنڈ ۔



## سکے کس طرح کے دکھائی دیتے ہیں؟

یہاں8 مختلف سٹرلنگ سکےاستعمال کیے جاتے ہیں۔



2 پاؤنڈ،1 پاؤنڈ،50 پنس، 20 پنس، 10 پنس، 5 پنس، 2 پنس اور ایک پنس
چھوٹے سکوں پرP لکھا جاتا ہے ۔P کا مطلب پنس ہے اور ایک پاؤنڈ میں ایک سو پنس ہوتے ہیں۔

# مفید رابطے

شمالی آئرلینڈ کےمحل وقوع سے متعلق معلومات کے لئے دیکھیں

**شعبہ ماحولیات**

فون (028) 9054 0540
ویب سائٹ www.doeni.gov.uk

آئرلینڈ کی تاریخ سے متعلق معلومات کے لئے دیکھیں

**آئرش تاریخ آن لائن**

ویب سائٹ www.irishhistoryonline.ie

شمالی آئرلینڈ کی حکومت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھیں

**شمالی آئرلینڈ ایگزیکٹیو**

ویب سائٹ www.northernireland.gov.uk

شمالی آئرلینڈ کی آبادی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھیں

**ادارہ شماریات و تحقیق، شمالی آئرلینڈ**

ویب سائٹ www.nisra.gov.uk

## رہائش

شمالی آئرلینڈ میں دستیاب رہائش کی بڑی اقسام کیا ہیں؟
شمالی آئرلینڈ میں لوگوں کی رہائش کی بڑی اقسام درج ذیل ہیں:۔

- کرائے پر نجی رہائش –
- نجی ملکیت کی رہائش –
- سماجی ہاؤسنگ –

## کرائے پر نجی رہائش

### کیا میں کرائے پر رہائش لے سکتا ہوں ؟

کرائے کی رہائش کے متلاشی افراد کے لئے کرائے پر رہائش لینے یا اسے شیئر کرنے کے حوالے سےاخبارات میں بہت سے اشتہارشائع ہوتے ہیں اور انٹرنیٹ پر آن لائن بھی دیئےجاتے ہیں۔ دو مشہور آن لائن سرچز یہ ہیں:
www.letsni.com اور www.letbynet.com

### کرائے کی رہائش کی مختلف قسمیں کون سی ہیں؟

کرائےکی رہائش کی کئی مختلف قسمیں ہیں۔ بعض مکمل گھر ہوتے ہیں، دوسرے ایسے مکانات ہیں جو فلیٹس میں تقسیم کیے گئے ہیں اور دیگر اقسام میں جدید بلاکوں پر مشتمل اپارٹمنٹس ہیں۔

### بیڈ سیٹBedsit کیاہے؟

بیڈ سیٹ جسے سٹوڈیو بھی کہا جاتاہے۔ ایک چھوٹا سا فلیٹ ہوتا ہے جہاں رہنے اور سونے کے لئے ایک ہی کمرہ ہوتا ہے اور اس میں ایک چھوٹا سا باورچی خانہ اورعام طور پر ایک باتھ روم بھی ہوتا ہے۔

### کیا مجھے اپنا فرنیچر خود لانے کی ضرورت ہے؟

نہیں ۔ زیادہ تر کرائے کی رہائش آراستہ ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہےکہ اس میں تمام بنیادی فرنیچر ہوگا جس کی آپ کو ضرورت ہے۔ آپ غیر آراستہ رہائش بھی کرائے پر لے سکتے ہیں۔

### مجھے کرایہ اکثر کیسے ادا کرنا ہوگا؟

کرایہ عام طور پر ماہانہ ادا کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا انحصار آپ کے مالک مکان پر ہوتا ہے۔

### پٹہLeaseکیا ہوتا ہے؟

پٹہ جائیدار کے مالک یا زمین دار اورکرائے پر رہائش لینے والے شخص کے درمیان ہونے والا ایک معاہدہ ہوتا ہے۔ پٹہ ایک قانونی دستاویزہوتی ہے لہذا اس میں درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہیں۔

- زمین دار اور کرائے دار کانام
- آپ کو کتنا کرایہ ادا کرنا پڑے گا
- جائیدار کا پتہ
- آپ کو کب کرایہ ادا کرنا پڑے گا
- پٹہ کی تاریخیں (تاریخ آغاز اور تاریخ اختتام)
- گھر میں فرنیچر اور دیگرلوازمات کیا ہیں

### کرائے کی کتابRent Book کیاہے؟

کرائے کی کتاب ایک کاپی ہے جس میں مندرجہ بالا تمام معلومات درج کی جاتی ہیں اور جو کرایہ آپ ادا کرتے ہیں اس کی تفصیل کا ریکارڈ رکھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ آپ کے حقوق میں سےایک حق ہے۔ اس لئے آپ کو یہ اطمینان کرلینا چاہیے کہ آپ نے اپنے زمیندار یامالک سے کرائے کی کتاب حاصل کرلی ہے۔

### ڈیپازٹ Deposit کیا ہے؟

ڈیپازٹ کم ازکم ایک ماہ کے کرائے(لیکن زیادہ بھی ہو سکتا ہے) کی ادائیگی ہے۔
جب آپ پہلے کرائے کی رہائش گاہ میں داخل ہوتے ہیں تو آپ کو یہ ضرور ادا کرنا چاہیے۔ مالک یا زمیندار آپ کا ڈیپازٹ رکھے گا اورجب آپ جائیں گےاور اس کی پراپرٹی بہتر حالت میں ہوگی تو وہ آپ کو یہ واپس کردے گا۔ اگر آپ اس کی جائیداد کوکوئی نقصان پہنچاتے ہیں یا مقررہ وقت سے پہلے چھوڑ جاتے ہیں تو مالک یا زمیندار آپ کا ڈیپازٹ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔

### امتیاز کیاہے؟

اگر آپ جائیداد کرائے پر لے رہے ہیں اور آپ کو یہ گمان ہو کہ آپ کو امتیاز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وہ لوگ جو پراپرٹی کرائے پر دے رہے ہیں، ان کو آپ کے خلاف نسل، جنس، جنسی میلان، مذہب ، عقیدہ یا معذوری کی وجہ سے امتیاز نہیں برتنا چاہیے۔ وہ قانون کی خلاف ورزی کریں گے اگر وہ نسل، جنس، معذوری، جنسی میلان، مذہب یا عقیدہ کی وجہ سے:۔

آپ کو پراپرٹی کرائے پر دینے سے انکار کریں یا دوسرے لوگوں کے مقابلے میں آپ کو کڑی شرائط پر پراپرٹی کرائے پر دینے کی پیشکش کریں۔

- ہاؤسنگ ویٹنگ لسٹ پر آپ سے مختلف طریقے سے سلوک کریں۔ –
- دوسرے کرایہ داروں سے اس انداز سے آپ سے مختلف سلوک کریں ک
- ہ صرف آپ کو فائدے یا سہولتوں کی اجازت ہو مثلاً لانڈری یا با غ۔ –
- آپ کو بے دخل کریں یا آپ کو پریشان کریں۔ –

## نجی ملکیت والی رہائش

### اگر میں ایک مکان یا اپارٹمنٹ خریدنا چاہوں تو اس کے متعلق کیا خیال ہے؟

شمالی آئرلینڈ میں جائیداد خریدنا بہت مہنگا ہے۔

### میں ایک مکان یا اپارٹمنٹ کیسے خرید سکتا ہوں؟

زیادہ تر مکانات یااپارٹمنٹ اسٹیٹ ایجنٹس کے ذریعے فروخت کیے جاتے ہیں اور پورے آئرلینڈ بشمول قصبات میں بہت سارے اسٹیٹ ایجنٹس موجود ہیں۔ آپ نے جو پراپرٹی خریدنی ہے،اس کے اخباروں اور انٹرنیٹ پر بھی اشتہارات دیئے جاتے ہیں۔

### کیا مجھے فیس ادا کرنا پڑے گی ؟

- مختلف فیس ہیں جو ایک پراپرٹی خریدتے وقت ادا کی جاتی ہیں مثال کے طور پر:۔
- سروے فیس
- تشخیصی فیس
- سٹمیپ ڈیوٹی لینڈ ٹیکس۔ ایسی جائیداد جو125,000 پاؤنڈ سے زیادہ مالیت کی ہو، اس پر یہ ٹیکس ادا کیا جاتا ہے اورقیمت خرید کا کم ازکم ایک فی صد دیا جاتا ہے۔ –
- زمین کی رجسٹری کی فیس
- مقامی حکام کی سرچsearch
- وہ فیس جوکسی رہن پر رقم دینے والے نے لی ہو یا کسی اور آدمی نے جو رہن کا انتظام کرتاہے۔ مثال کے طور پر رہن سے متعلق دلدل۔
- خریدار کے وکیل کی فیس
- مالیت کا اضافی ٹیکس (VAT)
- خاتمے\ہٹانے کے اخراجات
- کوئی بھی آخری بل۔ مثال کے طور پر گیس اور بجلی کا بل جوآپ کو موجودہ گھر چھوڑتے وقت ادا کرنے پڑیں۔

## سوشل ہاؤسنگ

### سوشل ہاوسنگ کیا ہے؟

کرائے کا سوشل گھر ہاؤسنگ ایگزیکٹیو اور ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز مہیا کرتی ہیں۔ تمام سوشل مالک مکان کامقصد بہتر معیاری اور کم خرچ گھران لوگوں کو مہیا کرنا ہوتا ہے جن کو گھر کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہرسوشل مالک مکان ایک آزاد اور خود مختار حیثیت رکھتا ہے اور مختلف خدمات پیش کرسکتا ہے۔

### میں سوشل ہاؤسنگ کے لئے کیسے درخواست دوں؟

اگر آپ کی خواہش ہے کہ آپ ہاؤسنگ ایگزیکٹیو یا رجسٹرڈ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کومکان کے لئے درخواست دیں تو آپ ایک درخواست فارم ضرور پُر کریں۔ یہ فارم تمام مالکان کے لئے ایک جیسا ہوتا ہےاورآپ یہ فارم کسی بھی ہاؤسنگ ایگزیکٹیو یا ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے دفتر سے حاصل کرسکتے ہیں۔ مکمل فارم کو مذکورہ مالکان میں سے کسی بھی مالک مکان کو ارسال کیا جاسکتا ہے۔
آپ اس ویب سائٹ سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ بھی کرسکتے ہیں۔
www.nihe.gov.uk/housing_application.pdf

Urdu Northern Ireland.indd 7 14/May/2009 14:36 14/May/2009

### پھر آگے کیا ہو گا؟

پھر ہاؤسنگ ایگزیکٹیو آپ کی ملاقات کرے گا،آپ کی ضرورت کا اندازہ کرے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ جتنا جلدی ممکن ہو ویٹنگ لسٹ میں رجسٹر ہوجائیں۔
یا آپ درج ذیل ویب سائٹ سے مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔
www.nihe.gov.uk/housing_selection_scheme_booklet.pdf
اگر آپ کو انگریزی سمجھنے میں مدد کی ضرورت ہو تو ہاؤسنگ ایگز یکٹیو آپ کو ترجمہ مہیا کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔
آپ مقامی دفتر کو فون کرسکتے ہیں (آپ اپنا پوسٹ کوڈ درج کراس ویب سائٹ معلوم کرسکتے ہیں
www.nihe.gov.uk (یا آپ انہیں اس نمبر 08448 920 900 پر فون کر کہہ سکتے ہیں کہ آپ کو کس زبان میں مدد کی ضرورت ہے۔

## بینک اکاؤنٹ

### میں بینک اکاؤنٹ کیوں کھولوں؟

بینک اکاؤنٹ کھولنا ایک اچھا تصور ہے اگر آپ آئرلینڈ میں کام کررہے ہیں یا رہ رہے ہیں۔ بہت سے لوگوں کی تنخواہ براہ راست اُن کے بینک اکاؤنٹ میں بھیج دی جاتی ہے اور یہ طریقہ آپ کو رقم بچانے اور براہ راست بل ادا کرنے کا موقع بھی دیتا ہے۔

### کون سی مختلف اقسام کے بینک ہیں؟

شمالی آئرلینڈ میں مالیاتی اداروں کو بینکوں،بلڈنگ سوسائٹیز،کریڈٹ یونین اورڈاک خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے جہاں آپ اپنا اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔
مالیاتی سروسز اتھارٹی تمام بینکوں اور بلڈنگ سوسائٹیزکو باضابطہ بناتی ہے۔ وہ درج ذیل ویب سائٹ پرآپ کی رقم کے لئے مددگار گائیڈز فراہم کرتے ہیں۔
www.moneymadeclear.fsa.gov.uk

### بینک اکاؤنٹ کھولنے کے بارے میں مجھے کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

جب آپ ایک کرنٹ اکاؤنٹ کھولیں تو آپ کو اس بات سے باخبر ہونا چاہیے کہ آپ اپنے اکاؤنٹ سے وابستہ کیا خدمات حاصل کرتے ہیں اور آپ کو جاننا چاہیے کہ آپ کو کون سی فیس اور چارجز ادا کرنے ہیں۔ بہت سے بینک مفت بینکنگ (کچھ شرائط کے ساتھ) سروسز پیش کرتے ہیں اور آپ کو بینک یا بلڈنگ سوسائٹی سے اس کے متعلق پوچھنا چاہیے۔

### کرنٹ اکاؤنٹ کیا ہے؟

کرنٹ اکاؤنٹ آپ کو روزبروزمالی لین دین کے معاملات کی سہولت فراہم کرتا ہے (یعنی بل ادا کرنا، اپنےاکاؤنٹ سے تنخواہ وصول کرنا، لین دین کرنا وغیرہ)۔ ان سہولیات کوصرف بینک اور بلڈنگ سوسائٹیز پیش کرتی ہیں۔

### ڈیپازٹ اکاؤنٹ کیا ہے؟

ڈیپازٹ اکاؤنٹ آپ کو بچت کرنے کا ایک موقع دیتا ہے اورآپ اس رقم پر منافع لے سکتے ہیں۔ ان کی پیشکش بہت سی مالیاتی سروسز فراہم کرتی ہیں مثلاً بینک، بلڈنگ سوسائٹیز اور کریڈٹ یونیز۔
جب آپ ایک ڈیپازٹ اکاؤنٹ کھولتے ہیں تو آپ کو جانتا چاہیے کہ آپ اپنی بچتوں پر اپنی رقم کا کتنا فیصد منافع لے سکتے ہیں۔آپ کو یہ بھی معلوم کرنا چاہیے کہ آپ کو جس رقم کی ضرورت ہے، اس تک کیسے رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

### میں بینک اکاؤنٹ کیسے کھولوں؟

بینک اکاؤنٹ کھولنے کے لئے آپ کو مقامی بینک میں جانے کی ضرورت ہوگی اورایک فارم پُر کرنا ہوگا۔ آپ کو اپنے پتہ اور شناخت کا ثبوت لانے کی بھی ضرورت ہوگی۔ (نیچے دیکھیے)

### میں اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے کیا استعمال کرسکتا ہوں؟

شناخت کے فارموں کی درج ذیل فہرست جو آپ کے نام اورتاریخ پیدائش کاثبوت مہیا کرتی ہے۔

- پاسپورٹ –
- موجودہ ڈرائیونگ لائسنس –
- کسی مشہور آجر کا جاری کردہ حالیہ شناختی کارڈ جس پر تصویر لگی ہو۔ –
- کسی تیسرے درجے کے مشہور کالج کی طرف سے جاری کردہ حالیہ سٹوڈنٹ شناختی کارڈ جس پر تصویر لگی ہو۔ –

### میں اپنا پتہ ثابت کرنے کے لئے کیا کرسکتا ہوں؟

درج ذیل دستاویزات کی فہرست ہے جو آپ کے پتہ کا ثبوت مہیا کرتی ہے:

- حالیہ یوٹیلیٹی (مثال کے طور پر بجلی ،گیس یا ٹیلی فون) کا بل جو آپ کے نام ہو۔ –
- موجودہ ڈرائیونگ لائسنس –
- حالیہ پنشن/ مراعات کی کتاب –
- آپ کے نام پرجاری کردہ حالیہ بینک کا اصل گوشوارہ –

### اگر مجھے شکایت ہو تو میں کیا کروں؟

اگر آپ کو بینک اکاؤنٹ کھولنے میں کوئی مشکل ہوتوآپ بہت کچھ کرسکتے ہیں۔
مرحلہ نمبر1:۔ مینجر یا برانچ منیجر سے بات کریں اورپوچھیں۔ اگر آپ ابھی تک مطمئن نہیں تو آپ مالیاتی محتسب سروس سے شکایت کرسکتے ہیں۔
مرحلہ نمبر2:۔ آپ مالیاتی محتسب سروس سے درج ذیل ویب سائٹ پررابطہ کرسکتے ہیں۔
www.financial-ombudsman.org.uk
آپ محتسب کو درج ذیل پتے پر خط بھی لکھ سکتے ہیں۔South Quay Plaza, 183, Marsh Wall, London E14 9SR
اس ٹیلی فون پر رابطہ کریں: 0845 080 1800یا پھر اس پتہ پر ای میل کر سکتے ہیں:۔
complaint.info@financial-ombudsman.org.uk

## یوٹیلیٹیز

### یوٹیلیٹیز کیاہیں؟

یوٹیلیٹیزسرکاری خدمات ہیں مثلاً بجلی ،گیس ،پانی وغیرہ جوحکومت مہیا کرتی ہے لیکن عموماً آپ کو ان کے لئے ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔

## بجلی

### شمالی آئرلینڈ میں بجلی کو کون کنٹرول کرتا ہے؟

شمالی آئرلینڈ میں بجلی کی خدمات آئرلینڈ انرجی (NIE)مہیا کرتی ہے۔

### میں بجلی کا بل اپنے نام پر کیسے حاصل کراسکتا ہوں؟

مکان میں آنے سے چند دن پہلے آپ کو کسٹمرسروس ہیلپ لائن08457 455 455 پرفون کرنا چاہیے۔
آپ کو مختلف چیزیں مہیا کرنے کے لئے کہا جائے گا مثلاً

- اپنی تاریخ پیدائش
- والدہ کا شادی سے پہلے کا نام
- ٹیلی فون نمبر
- وہ آپ سے درج ذیل باتیں بھی پوچھیں گے: ۔
- آپ کا پتہ
- سابقہ پتہ
- میٹر سیریل نمبر (میٹرکے سامنے لکھا ہو)
- میٹر ریڈنگ اور وہ آپ سے مالک مکان کا نام اور فون نمبر بھی پوچھیں گے اگر آپ نے مکان کرائے پرلیا ہو۔

### میں کب بجلی کابل حاصل کروں گا؟

بجلی کے بل گھریلو بجلی کے لئے ہر3 ماہ بعد ہوم الیکرسٹی سروسز جاری کرتی ہے۔

### مجھے کتنا جلدی بل جمع کراناچاہیے ؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کی سپلائی مستقل رہے، آپ کو14 دن کے اندر بجلی کا بل جمع کرانا چاہیے۔

### میٹرریڈنگ سے آپ کیا مطلب لیتے ہیں؟

بجلی کامیٹر آپ کے گھر میں ایک ایسی مشین ہے جو یہ پیمائش کرتی ہے کہ کتنی بجلی آپ استعمال کرتے ہیں۔ آپ کے بل کا حساب رکھنے کے لئے میٹر ریڈر آپ کے گھر پر آئے گا۔

### میں اپنا بجلی کا بل کیسے ادا کرسکتاہوں؟

آپ کا بجلی کا بل ادا کرنے کے کئی مختلف طریقے ہیں۔ آپ درج ذیل کے ذریعے اپنے بجلی کے بل ادا کرسکتے ہیں؟

- براہ راست ادائیگی(جہاں رقم براہ راست آپ کے بینک اکاؤنٹ سے آتی ہے )۔ اس سے رقم کی بچت ہوتی ہے کیونکہ اس طرح آپ کورعایت ملتی ہے ۔اس کے متعلق اپنے بینک میں کسی سے پوچھیں۔
- بذریعہ ڈاک یا چیک کے ذریعے۔آپ کو ایک مفت ڈاک والا لفافہ بھیجا جائے گا۔
- اس ویب سائٹ www.nieenergyonline.co.uk/homeenergy/onlineservices/index.asp پرسوئچ یاڈیبٹ کارڈ کے ذریعے (بذریعہ فون یا آن لائن)
- اس فون کے ذریعے08457 455 455 (صبح 8 بجے سے شام 7 بجے تک سوموار تا جمعہ اور 9 بجے سےدن 1 بجے تک ہفتہ کے دن)
- دکانوں کے ذریعے جہاں پے پوائنٹ PayPoint یا پے زون PayZone کا نشان دکھائی دے(صرف نقد صورت میں)

### کیامیرے بجلی کے بل کی ادائیگی کے کوئی متبادل طریقے ہیں؟

جی ہاں، آپ کی پیڈ میٹرKeypad meter کے نصب کرانے کا انتظام کرسکتے ہیں جو «جتنا استعمال کریں اتنا ادا کریں» جیسے سروس ہےجو آپ کی بجلی کے لئے ایسا ہے جیسے موبائل فون خریدنا۔
کی پیڈ میٹر Keypad meterکواپنے گھر یاکمرے میں نصب کرانے کے لئے کسٹمر سروس سے رابطہ کریں۔

### جب میٹر ریڈر میرے گھر آئے اور میں موجود نہ ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ گھر پر نہیں ہیں تو فون کرکے درست ریڈنگ بتائیں یا آن لائن ریڈنک درج کریں ۔اس نمبر پر فون کریں08456 093 030 ۔ جب فون کا جواب آئے تو اپنا نام ،پتہ ، کسٹمر نمبر اور میٹر ریڈنگ بتائیں۔ یہ فون لائنز24 گھنٹے کھلی رہتی ہیں۔
ای میل:۔ درج ذیل ای میل
meter.reading@nie.co.uk» meter.reading@nie.co.uk پراپنا نام ،پتہ ،کسٹمر نمبر اور میٹر ریڈنگ بھیجیں۔
آن لائن:۔ درج ذیل ویب سائٹ
www.nie.co.uk/customerinformation/meterreading.html پر فارم مکمل کریں۔

### میں شکایت کیسے کروں؟

مرحلہ نمبر1: شمالی آئرلینڈ انرجی کے فون08457 455 پر بات کریں۔

مرحلہ نمبر2: اگر شکایت کا ابھی تک آزالہ نہ ہو تو اُن کے کسٹمر سروسز کے سربراہ کوآپ خط لکھ سکتے ہیں۔ پتہ یہ ہے۔
120, Malone Road, Belfast BT9 5HT
یا ای میل کرسکتے ہیں۔ ای میل نمبر یہ ہے
complaints@nieenrgy.co.uk
مرحلہ نمبر3: اگر آپ ابھی تک مطمئن نہیں ہوئے تو کنزیومر کونسل سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ پتہ یہ ہے:
Elizabeth House, 116 Hollywood Road, Belfast BT4 INY
یا اس ای میل کے ذریعے شکایت کرسکتے ہیں۔
complaints@consumercouncil.org.uk

## گیس

شمالی آئرلینڈ میں گیس کی سپلائی پرکنٹرول کون کرتا ہے؟
گیس کا بڑا سپلائر (مینز اینڈ باٹلڈ (mains and bottledفونکس Phoenix گیس ہے۔مزید معلومات کے لئےفونکس گیس سے درج ذیل نمبر پررابطہ کریں۔
08454 555555 یا اس پتہ پر ای میل کریں:۔
info@phoenixnaturalgas.com

### میں اپنے گیس کے بل کیسے ادا کرسکتا ہوں؟

آپ کا گیس بل ادا کرنے کے مختلف طریقے ہیں:۔

- براہ راست ادائیگی)جہاں رقم براہ راست آپ کے بینک اکاؤنٹ سے آتی ہے)
- بذریعہ ڈیبٹ کارڈ اس نمبر سے فون کرکے 0845 900 5253 یا اس ویب سائٹ server2.sweb.tibusinet/phoneix/payyourbill کے ذریعے
- پے پوائنٹ نشان والی دکانوں پرآویزاں انرجی سیورکارڈ کے ذریعے

### کیا ادائیگی کے کوئی دوسرے طریقے ہیں؟

جی ہاں، آپ «جتنا استعمال کرو اتنا ادا کرو» والا میٹر لینے کاانتظام کرسکتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ آپ اپنا گیس کا بل ادا کرسکتے ہیں جب کبھی آپ کو اس کی ضرورت ہو۔
آپ کو میٹر کے ساتھ ایک کسٹمر کارڈ ملے گا اور آپ یہ کارڈ لے سکتے ہیں اور کسی پے پوائنٹ شاپ پر ٹاپ اپ کے لئے نقد ادائیگی کرسکتے ہیں۔

### اگر مجھے گیس کی بُوآئے تو میں کیا کروں؟

اگر آپ کو گیس کی بو آئے تو فوراً اس نمبر 0800 002 001پر اس کی اطلاع دیں۔یہ فون نمبر 24گھنٹے اس کام کے لئے چالو رہتا ہے۔

### میں شکایت کیسے کروں؟

مرحلہ نمبر1: فونکس گیس کو اس فون نمبر فون کریں۔ 0845 900 5253 یا اس ای میل پر میل کریں
info@phoenixsupplyni.com
مرحلہ نمبر2: اگراس شکایت کا ابھی تک ازالہ نہ ہو تو پھر کسٹمر اکاؤنٹس منیجر کو اس پتے پر
خط لکھیں:۔
Customer Services: 120, Malone Road, Belfast BT9 5HT
مرحلہ نمبر 3: اگر آپ ابھی تک خوش نہیں ہیں تو اس پتے پر کسٹمر کونسل سے رابطہ کریں۔
Elizabeth House, 116 Hollywood Road, Belfast BT4 INY
یا اس پتہ پر ای میل کریں :
complaints@consumercouncil.org.uk
پانی کے چارجز

### کیا شمالی آئرلینڈ میں پانی مفت ملتا ہے؟

نہیں، 2007ء سے شمالی آئرلینڈ میں پانی اور نکاسی آب کے لئے چارجز ہیں۔

### پانی اور گندے پانی کی نکاسی کے چارجز کون ادا کرتا ہے؟

وہ آدمی جو بل ادا کرتاہے ۔یہ وہ آدمی ہے جو گھرانے کا بل ادا کرتا ہے۔(ضروری نہیں کہ مالک مکان ہو)
اگر آپ کا مکان گندے پانی کے نالے[سیوریج] سے جڑا ہو تو آپ اس کے لئے ادائیگی کریں گے لیکن اگر آپ کے پاس بدبودار ٹینکی ہے تو آپ چارجز ادا نہیں کریں گے کہ آپ کو پانی کی ٹینکی خالی کرانے کے لئے ادائیگی کرنا پڑے گی ۔

### وہ پانی کےچارجز کاحساب کیسے لگاتے ہیں؟

پانی اور گندِے پانی کے نکاس کے چارجز (اخراجات ) دو حصوں میں ہیں۔ پہلا حصہ سالانہ تقریبا 55 پاؤنڈ مستقل چارجز ہیں اور قابل تغیر چارجز اس بات پرمبنی ہوتے ہیں کہ آپ کا مکان یا کمرہ کتنی مالیت کا ہے۔

### پانی کے بل کا کیسے حساب کیا جاتا ہے؟

آپ کے بل کا حساب تین طریقوں سے لگایا جائے گا:۔

- معیاری ٹیرف:۔ بہت سے لوگ اپنے مکان کی قیمت کی بنیاد پر ادائیگی کریں گے۔
- کم ٹیرف: کم آمدنیوں والے بہت سے لوگ کم ریٹ ادا کریں گے۔
- میٹرڈٹیرف: 2007 سے تمام نئے گھر اور پہلی مرتبہ کنکشن لینے والے پانی کے میٹر نصب کرائیں گے اور اس طریقے سے چارجز کا حساب لگایا جائے گا۔

# کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنا اورای سائیکل (دوبارہ استعمال کے قابل بنانا) کرنا۔

### گندگی اکٹھا کرنے کا کون ذمہ دار ہے؟

شمالی آئرلینڈ میں لوکل کونسلوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ویسٹ یعنی ردی چیزوں کے اکٹھا کریں،ان کا انتظام کریں اور ان کو ٹھکانے لگایں \فروخت کریں۔

### کوڑا کرکٹ کیسے اکٹھا کیا جاتا ہے؟

ہمارے گھر سے ویلی بنز (کوڑا کرکٹ والے ڈبے) اکٹھے کیے جاتے ہیں اور ان کی چیزوں کو گاڑی میں گرا دیا جاتا ہے تاکہ وہ دوبارہ بھرنے کے لئے خالی کیے جائیں۔

### ری سائیکلنگ کے بارے میں کیسا انتظام ہے؟

اپنے علاقے میں ری سائیکلنگ کی سہولیات کے متعلق معلومات کے لئے ویسٹ\کوڑا کرکٹ کا انتظام کرنے والے گروہوں سے رابطہ کریں۔ تفاصیل درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:
www.wakeuptowaste.org/index/local-councils/local-council-links.htm

کچھ چیزوں کوخود ری سائیکل کرنے کا خیال اچھا ہوسکتا ہے۔ بہت سے مختلف نظریات ہیں جن میں کھیل بھی شامل ہیں جو آپ بچوں سے کھیل سکتے ہیں۔ یہ درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
.www.wakeuptowaste.org/index/education/resources.htm

### میں کن دوسرے طریقوں سے ری سائیکل کرسکتا ہوں؟

کئی چیزوں مثلاً بوتلیں ری سائیکلنگ مراکز کو دی جاسکتی ہیں۔ جو وہ علاقے ہیں جہاں مختلف میٹریل کے مختلف کنٹیزز ہیں۔ آپ یہاں \درج ذیل ویب سائٹ پر اپنا مقامی ری سائیکل مرکز تلاش کرسکتے ہیں۔
www.wakeuptowaste.org/index/recycle-bank-locator.htm
صرف اپنے پوسٹ کوڈ کو درج کریں۔ یہ آپ کو بتائے گا کہ آپ کا مقامی مرکز کہاں ہے۔

### میں کوڑا کرکٹ کے انتظام کے متعلق زیادہ معلومات کیسے معلوم کر سکتا ہوں؟

آپ درج ذیل ویب سائٹ پر کوڑا کرکٹ کے انتظام کے متعلق پڑھ سکتے ہیں۔
www.ehsni.gov.uk/waste/strategyni.htm

# اِدھر اُدھر پھرنا

## آئرلینڈ میں ڈرائیونگ

### شمالی آئرلینڈ میں اپنی کار چلانے کے لئے مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

اگر آپ شمالی آئرلینڈ کی طرف جارہے ہیں یا پہلے ہی یہاں رہ رہے ہیں اور آپ ایک کار یا دوسری گاڑی درآمد کررہے ہیں ، آپ کو آئرلینڈ میں اپنی گاڑی چلانے سے پہلے تین کام کرنے کی ضرورت ہوگی ۔

- ایک فارم مکمل کریں جو یہ بتا رہا ہے کہ آپ کی کار یا لیف ہینڈ (بائیں طرف ) کے لئے انتظام کیا گیا ہے اور مناسب فیس ادا کریں۔
- موٹر ٹیکس ادا کریں۔
- ایک سرٹیفیکیٹ لیں جو یہ بتاتا ہو کہ آپ کی کار کو ٹیسٹ کیا گیا ہے اور شمالی آئرلینڈ میں چلانے کے لئے محفوظ ہے۔اس ٹیسٹ کوMOT(وزارت ٹرانسپورٹ ) ٹیسٹ کہا جاتا ہے۔

### کیا میں اپنا موجودہ ڈرائیونگ لائسنس استعمال کرسکتاہوں؟

یہ ممکن ہے کہ EU کا جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس یا EEA کی رکن ریاست کا جاری کردہ لائسنس مکمل شمالی آئرش ڈرائیونگ لائسنس کے ساتھ تبدیل کر دیا جائے۔ شمالی آئرلِینڈ کے تمام EU|EEA ریاستوں کے ساتھ معاہدے ہیں۔ کچھ دوسرے ممالک مثلا (آسٹریلیا ، باربیڈوس، برٹش ورجن جزیرے ، ہانگ کانگ ، جاپان ، نیوزی لینڈ، سنگاپور، قبرص اور زمبالوے ) کے ساتھ بھی معاہدے ہیں۔

### اگر میرا ڈرائیونگ لائسنس تسلیم شدہ ملکوں میں سے کسی ملک کا نہ ہو تو پھر کیا جائے؟

اگر شمالی آئرلینڈ میں آپ کا قیام 12 ماہ سے زیادہ ہے اور آپ لسٹ میں درج کسی تسلیم شدہ ملکوں میں سے ایک سے نہیں آئے ہیں تو آپ شمالی آئرلینڈ میں ڈرائیونگ لائسنس کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ ڈرائیونگ جاری رکھنا چاہتے ہیں۔

### آئرلینڈ میں آپ ڈرائیونگ لائسنس کیسے حاصل کرتے ہیں؟

آپ کو عارضی لائسنس کے لئے پہلے درخواست دینی چاہیے اور شمالی آئرلینڈ میں اپنا ڈرائیونگ لائسنس مکمل کرنا چاہیے۔ اگر آپ اپنا ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کرلیں تو آپ کو شمالی آئرلینڈ میں استعمال کے لئے مکمل ڈرائیونگ لائسنس جاری کیا جائے گا۔

اگر آپ شمالی آئرلینڈ میں ڈرائیونگ لائسنس کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں اورآپ EU/EEA ملک سے آئے ہیں تو آپ کو ڈرائیونگ ٹیسٹ اور مکمل لائسنس کی درخواست دینے سے پہلے عام طور پر بارہ ماہ میں 185 دن رہائش رکھنا ہوگی۔

### MOT ٹیسٹ کیا ہے؟

وزارت ٹرانسپورٹ (MOT) ایک ٹیسٹ ہے جو آپ کی کار کا ضرور ہوگا اگر آپ شمالی آئرلینڈ میں ڈرائیو کرنا چاہتے ہیں اور آپ کی کار تین سال سے زیادہ عرصہ پرانی ہے ۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ سے زیادہ تفصیل حاصل کرسکتے ہیں۔
www.dvtani.gov.uk/home/index.asp

## پبلک ٹرانسپورٹ

### شمالی آئرلینڈ میں پبلک ٹرانپسورٹ کو کون کنٹرول کرتا ہے؟

شمالی آئرلینڈ میں پبلک ٹرانسپورٹ کو ٹرانسلینک Translink گروپ کنٹرول کرتا ہے۔ٹرانسلینک پبلک
بسوں، شہر کے اندر چلنے والی بسوں اور ریل گاڑیوں کے نظام کا ذمہ دار ہے۔

### میٹروبس کے متعلق مجھے کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

میٹروبس بلفاسٹ کے علاقے میں بسوں کاذمہ دار ہے وہاں بہت سے مختلف بسوں کے روٹس ہیں۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ پر آن لائن ٹائم ٹیبل حاصل کرسکتے ہیں۔
www.translink.co.uk/MetroCorridorTimetables.asp
یا کال سینٹر سے (028 90666630) پوچھ سکتے ہیں۔ ان کے کام کے اوقات سوموار سے اتوار صبح 7بجے سے رات 7 بجے تک ہوتے ہیں۔

### میں ایک شہر سے دوسرے شہر کے لئے بس کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

السٹر بس شمالی آئرلینڈ (بلفاسٹ کے علاقے سے باہر میٹرو کام کرتا ہے) میں زیادہ تر سب سروسز کے لئے ذمہ دار ہیں۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ پر آن لائن ٹکٹس خرید سکتے ہیں۔ www.buseireann.ie/site یا اپنے شہر یا قصبے کے نزدیکی مقامی بس اسیٹشن سے ٹکٹ لے سکتے ہیں۔
گولڈ لائن Goldline شمالی آئرلینڈ میں شہروں کے درمیان بس چلانے کے لئے ذمہ دار ہے اور قصبوں اورشہروں کے درمیان سفر کرنے کا صاف اور تیز طریقہ پیش کرتا ہے۔

### میں دوسرے شہر کو جانے والی ریل گاڑی کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں این آئی ریلویز ریل گاڑیاں چلانے کے لئے ذمہ دار ہیں۔ وہاں کئی مختلف ریلوں کے روٹس دستیاب ہیں۔آپ درج ذیل ویب سائٹ پر آن لائن ٹکٹ خرید سکتے ہیں۔
www.translink.co.uk/NIRailwaysFares.asp
یا اپنے مقامی ریلوے اسٹیشن سے ٹکٹ لے سکتے ہیں۔
انٹرپرائز ایک ٹرین سروس ہے جو مشترکہ طور پر شمالی آئرلینڈ کے درمیان اورجمہوریہ آئرلینڈ کے درمیان چلائی جاتی ہے اور یہ بلفاسٹ اور ڈبلن کے درمیان چلائی جاتی ہے ۔ اس راستے میں محدود سٹاپ ہیں۔

### پبلک ٹرانسپورٹ کے کتنے کرائے ہیں؟

پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں پر انحصار اس بات پر ہے آیا کہ آپ بالغ، طالب علم یا ایک بزرگ شہری ہیں۔ 85 سال سے کم عمر کے تمام لوگ پبلک ٹرانسپورٹ میں مفت سفر کرنے کے مستحق ہیں۔

## مواصلات

### مواصلات کیا ہوتے ہیں؟

مواصلات دور دراز کے لوگوں سے بات چیت کرنے کے دو مختلف طریقے ہیں۔ بہترین مثالی ٹی وی، انٹرنیٹ اور ٹیلی فونز ہیں۔

## ٹیلی ویژن

### شمالی آئر لینڈ میں ٹیلی ویژن چینلز کتنے ہیں؟

آئرلینڈ میں 5ٹی وی (TV) چینلز دستیاب ہیں۔ ان میں بی بی سی۔ 1اورUTV ،(BBC–1–2)2، چینل 4اور5 شامل ہیں۔ شمالی آئرلینڈ کے اپنے کوئی ٹی وی چینلز نہیں ہیں لیکنBBC شمالی آئرلینڈ اور UTV ) جو ITVنیٹ ورک کا حصہ ہے) اس کے ذریعے اپنے پروگرام پیش کرتا ہے۔

### کیا مجھے اِن چینلز کے لئے ادائیگی کرنی ہے؟

جی ہاں۔ کوئی گھرانہ بھی جو ٹی وی رکھتا ہے۔ اُسے سالانہ لائسنس چارجز ادا کرنا پڑیں گے۔ بے شک آپ پبلک ٹی وی چینل استعمال نہ کریں۔
ٹی وی لائسنس پر کتنا خرچ آتا ہے اور میں کہاں سے ٹی وی لائسنس لے سکتا ہوں۔
اس وقت لائسنس کی قیمت 47 پاؤنڈ سالانہ ہے (بلیک اینڈ وائٹ ٹی وی کے لئے) اور139 پاؤنڈ (کلر ٹی وی کے لئے) سالانہ ہے اورفیس ڈاکخانے کے ذریعے ادا کی جاسکتی ہے۔

### اگر میں ٹی وی لائسنس کے چارجز ادا نہ کروں تو کیا ہو گا؟

بہت سے لائسنس آفیسرز ہوتے ہیں جو لوگوں کے گھروں میں جا کر لائسنس چیک کرتے ہیں۔اگر ان کے پاس لائسنس نہ ہو تو ان کو جرمانہ کیا جاتا ہے یا قانونی کارروائی کی جاتی ہے۔

### میں اضافی چینلز کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں بہت سے لوگ کیبل کے ذریعے بھی اِضافی چینلز کے لئے ادائیگی کرتے ہیں اور ان چینلز کے مختلف فراہم کنندہ ہیں۔ مثلاً

- سکائی (SKY)
- این ٹی ایلNTL/چورس (UPC) Chorus

مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
www.sky.com یا www.upc.com

## ٹیلیفون

### شمالی آئرلینڈ کا بین الاقوامی ڈائلنگ کوڈ کیا ہے؟

شمالی آئرلینڈ کے لئے بین الاقوامی ڈائلنگ کوڈ 0044ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ بیرون ملک ہیں اور آپ کو شمالی آئرش نمبرڈائل کرنے کی ضرورت ہے، تو آپ کو اپنے نمبرسے پہلے 0044ڈائل کرنا ہوگا۔

### میں شمالی آئرلینڈ کے اندر ایریا کوڈ (علاقے کا کوڈ) کیسے معلوم کرسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں ہر مختلف علاقے کے لئے ایریا کوڈ ہیں۔ آپ کو لینڈ لائن فون سے صرف ایریا کوڈ ڈائل کرنے کی ضرورت ہے اگر آپ مختلف علاقے میں فون کررہے ہیں۔ موبائل فون سے آپ کو پورا نمبر ڈائل کرنا پڑے گا جس میں ایریا کوڈ شامل ہے۔ ایریا کوڈ کی لسٹ عام طو رپر فون بُکس میں دی جاتی ہے جو سال میں ایک دفعہ متعلقہ گھرانوں کو مفت دی جاتی ہیں۔آپ درج ذیل ویب سے بھی ایریا کوڈ کی پوری لسٹ حاصل کرسکتے ہیں۔
http://everythin2.indan pl?node id=736076

### میں لینڈ لائن فون کیسے حاصل کروں؟

لینڈ لائن فون حاصل کرنے کے لئے آپ کو اُس کمپنی سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہوگی جو لینڈ لائن سروس مہیا کرتی ہے۔ ایک بینک اکاونٹ کھولنے کی طرح آپ کو پتہ اور شناخت کا ثبوت دینے کی ضرورت پڑے گی۔

## ایمرجنسی سروس نمبرز

### ایمرجنسی نمبر (مفت) (999/112 موبائل فون سے)

ایمرجنسی نمبر آپ کو ایک آپریٹر سے ملائے گا جو آپ سے پوچھے گا آیا کہ آپ کو پولیس کی ضرورت ہے، ایمبولینس کی ضرورت ہے یا فائر سروسز کی ضرورت ہے۔

آپریٹر کی مدد (مفت) 10

آپریٹر ایک سروس ہے جہاں سے آپ فون نمبروں کے متعلق مزید معلومات پوچھ سکتے ہیں یا اس بات کے متعلق پوچھ سکتے ہیں کہ آپ دوسری جگہوں میں فون کالز کیسے کریں۔

### ڈائریکٹری انکوائری 11850 یا 11811

ڈائریکٹری انکوائری ایک سروس ہے جہاں سے آپ کو لوگوں یا کاروباری اداروں کے فون نمبروں کا پوچھ سکتے ہیں۔ یہ مفت سروس نہیں ہے اور موبائل فونز سے فون کرنا بہت مہنگا ہوسکتا ہے۔

## موبائل فون

شمالی آئرلینڈ میں موبائل فون کمپنیاں کتنی ہیں؟
آئر لینڈ میں 6بڑی موبائل فون کمپنیاں ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

- ۔ www.02.co.uk 02
- ۔ ٹی موبائل www.t-mobile.co.uk T.Mobile
- ۔ ووڈا فون www.vodafone.co.uk (Vodafone)
- ۔ 3 موبائلwww.three.co.uk (Mobile 3)
- ۔ ورجن www.virginmobile.com (virgin)
- ۔ اورنج www.orange.co.uk (orange)

تمام 6 کمپنیاں مختلف پیکجز کی پیش کش کرتی ہیں اور»جتنا فون کریں اتنا ادا کریں«پیکج (Pay as you go) لے سکتے ہیں یا ماہانہ ادائیگی (Pay monthly) فون لے سکتے ہیں۔ اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ اپنے فون پر کتنا خرچ کرتے ہیں اور اسے کتنا استعمال کرنے کا منصوبہ ہے۔

### کیا میں کمپنی تبدیل کرسکتا ہوں لیکن اپنا موبائل فون نمبر اپنے پاس رکھوں؟

جی ہاں۔ آپ مختلف کمپنیاں تبدیل کرسکتے ہیں اوراپنا فون نمبراپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اس کمپنی سے پوچھنا چاہیے جس کی طرف آپ تبدیلی کررہے ہیں کہ آپ یہ کیسے کریں گے۔

### جتنا استعمال کریں اتنا ادا کریں(Pay as you go), کا کیا مطلب ہے؟

«جتنا استعمال کریں اتنا ادا کریں» فون ایک پہلے سے ادائیگی شدہ (Pre paid) فون ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو کوئی بل نہیں ملیں گے لیکن یہ کہ آپ (ٹاپ۔ اپ) خریدیں جو آپ کو یہ اجازت دے گا کہ فون کالز کرنے کے لئے آپ کے پاس کریڈٹ ہے۔

### ماہانہ ادائیگی (pay monthly) کا کیا مطلب ہے؟

ماہانہ ادائیگی" Pay Monthly" کا فون ایک ایسا فون ہے جس کا بل ہر ماہ آتا ہے۔ ان تمام کالز کے لئے آپ کو بل دیا جائے گا جو آپ ہر ماہ کرتے ہیں۔

## پبلک ٹیلیفون

### کیا شمالی آئرلینڈ میں پبلک فون ہیں؟

شمالی آئر لینڈ میں پبلک فونز ہیں اگر موبائل فونز کے زیادہ استعمال سے ان کی تعداد کم ہو رہی ہے۔ کچھ سرکاری/پبلک فونز سکے قبول کرتے ہیں۔ بقیہ فون کارڈز استعمال کرتے ہیں۔ جنھیں کال کارڈز کہا جاتا ہے۔ کال کارڈز کو دکانوں، ڈاکخانوں اور اخباری ایجنٹوں سے خریدا جا سکتا ہے۔

### میں ریزرو (reserve) ٹیلیفون کال کیسے کرسکتا ہوں جہاں دوسرا آدمی کال کا بل ادا کرے۔

بین الاقوامی ریزرو (reserve) چارج کال یا کولیکٹ (Collect) کال کسی بھی فون سے کی جاسکتی ہیں۔ بین الاقوامی آپریٹر سروس نمبر 114 ہے۔

## انٹرنیٹ

### میں انٹر نیٹ حاصل کرنے کے متعلق معلومات کیسے لے سکتا ہوں؟

ٹیلیفون کمپنیوں کی طرح انٹرنیٹ کی کئی کمپنیاں ہیں جو آپ گھر میں استعمال کرسکتے ہیں یا کئی سائبر یا انٹرنیٹ کیفے پورے شمالی آئرلینڈ کے بڑے قصبوں میں ہیں۔

### اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟

قیمت او رکنکشن کی مختلف قسموں کا انحصار آپ کی مہیا کرنے والی کمپنی پر ہے۔ www.broadbandni.com/ ایک سروس رکھتی ہے جو آئر لینڈ میں براڈ بینڈ (broadband) کی قیمتوں کا موازنہ کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

## شکایت کرنا

میں ٹیلی فون، موبائل فون اور انٹرنیٹ کمپنی کے متعلق کیسے شکایت کروں؟
کسی ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی کی شکایت کرنے کے لئے آپ ٹیلی کمیونیکیشن کے محتسب کے دفتر (OTELO) سے رابطہ کریں۔
آپ اس فون نمبر 0845 050 1614 پربھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

## ڈاک کی خدمات

شمالی آئرلینڈ میں ڈاک کا کون ذمہ دار ہے؟
شمالی آئر لینڈ میں ڈاک کی سروسز/ خدمات مہیا کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ڈاک خانہ ہے جو رائل میلRoyal Mail سروس کے ذریعے ڈاک تقسیم کرتا ہے۔

### ڈاک خانوں کے اوقات کیا ہیں؟

ڈاک خانے عام طورپر صبح 9.00سے شام 5.00(اتوار سے جمعے تک) کھلے ہوتے ہیں اور کچھ ہفتے کو آدھے دن کے لئے کھلے ہوتے ہیں۔ اس کا انحصار دفتر پر ہے۔
آپ اپنا مقامی ڈاک خانہ درج ذیل ویب سائٹس پر تلاش کرسکتے ہیں۔
www.postoffice.co.uk/portal/po/finder?catId=20700386
آپ عام دکانوں سے بھی ٹکٹیں اور کارڈزخرید سکتے ہیں۔

### ڈاک کیسے اور کب تقسیم کی جاتی ہے؟

ڈاک دفاتر سوموار سے جمعے تک دن میں ایک مرتبہ دفاتر اور گھروں میں تقسیم کی جاتی ہے۔ ہفتے وار چھٹی والے دن ڈاک تقسیم نہیں ہوتی۔ لیکن پھر بھی لیٹر بکس سے ڈاک اکٹھی کی جاتی ہے۔

### ہم یہ کیسے معلوم کرسکتے ہیں کہ کسی چیز کو ڈاک کے ذریعے بھیجنے پر کتنا خرچ آتا ہے؟

خطوط پارسل اور لفافے بھیجنے کی قیمت کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کتنی جلد خط پہنچانا چاہتے ہیں اوریہ کہا ں جارہا ہے۔
آپ اپنے مقامی ڈاک خانے سے پوچھ سکتے ہیں یا ڈاک کے خرچے کا حساب آن لائن ویب سائٹ سے کرسکتے ہیں۔
www.postoffice.co.uk

### میں پوسٹ بکس کیسے ڈھونڈ سکتا ہوں؟

آپ ہر قصبے میں پوسٹ بکس پائیں گے جو اکثر مقامی ڈاک خانوں کے نزدیک یا سامنے ہوتے ہیں۔ پوسٹ بک کا رنگ سرخ ہے۔

### میں یہ کیسے معلوم کروں کہ پوسٹ بکس سے ڈاک کب اکٹھی کی جاتی ہے؟

وہ وقت پوسٹ بک کے سامنے لکھے ہوتے ہیں جب پوسٹ بکس سے ڈاک اکٹھی کی جاتی ہے۔ اگر وقت نہیں لکھے ہیں تو مقامی ڈاک خانے سے پوچھیں کہ پوسٹ بکس کہاں واقع ہیں۔

## شاپنگ

### شمالی آئرلینڈ میں دکانیں کس وقت کھلی ہوتی ہیں؟

شمالی آئر لینڈ میں عام طو رپر خریداری کے اوقات یہ ہیں۔

- سوموار سے ہفتہ صبح 9 بجے سے شام 5.30 تک
- اتوار دن 1 بجے سے شام 6.00 بجے تک

کچھ دکانیں جمعرات اور جمعے کی شام کو دیر سے کھلتی ہیں اور کچھ شہری علاقوں میں سپر مارکیٹیں چوبیس گھنٹے کلی رہتی ہیں۔

### میں دکانیں کہاں ڈھونڈ سکتا ہوں؟

شہروں اوربڑے قصبوں میں بڑی عام طور پر دکانیں پائی جاتی ہیں۔ بڑی سڑکوں کے بعد شروع ہونے والی سڑکوں پر اکثر دکانیں پائی جاتی ہیں۔ وہاں شاپنگ سنٹر بھی ہیں جو مختلف قسموں کی کافی دکانیں ہیں جو چھوٹے چھوٹے علاقے پر مشتمل ہیں اورمختلف اشیاءفروخت کی جاتی ہیں۔
کھانے کی دکانوں کی بڑی بڑی قسمیں کون سی ہیں؟
کھانے کی دکانوں کی بڑی بڑی 4 قسمیں درج ذیل ہیں۔

- ۔ سپرمارکیٹیں۔ بڑی بڑی دکانیں جو مختلف قسموں کی وسیع ورائٹی رکھتی ہیں۔
- ۔ باسہولت سٹورز۔ باسہولت سٹور چھوٹی دکانیں ہیں جنھیں مقامی دکانیں یا کارنر شاپس بھی کہتے ہیں۔ یہ عام طو رپر دیر تک کھلی رہتی ہیں۔ عام پر سپر مارکیٹوں سے زیادہ مہنگی ہوتی ہیں۔
- ۔ خصوصی دکانیں۔ یہ ایسی دکانیں ہیں جہاں کسی خاص ملک یا خصوصی طور پر تیار شدہ گوشت کی اشیاء [جیسے کوشر اور ہلال] فروخت کی جاتی ہیں۔
- ۔ سنگل فوڈ سٹور۔ یہ وہ دکانیں ہیں جو صرف ایک قسم کا کھانا بیچتی ہیں۔ مثال کے طور پر بیکریاں جو صرف روٹی اور کیک بیچتی ہیں یا سبزی فروش جو صرف پھل اور سبزیاں بیچتے ہیں۔

### دیگر کون سی معلومات مفید ہو سکتی ہیں؟

ادارہ برائے غذائی معیارات (FSA) صحت مندانہ طور پر کھانے اور پکانے کے مختلف پہلوؤں کے متعلق کتابچے پیش تیار کرتا ہے۔ ان کتابچوں کا بہت سی مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔اور درج ذیل ویب سائٹس پر دستیاب ہیں۔
/www.food.gov.uk/aboutus/obligations/eupsminority

شمالی آئرلینڈ کی کونسل برائے صارفین اس بات کے متعلق معلومات فراہم کرتی ہے کہ جب آپ کوئی چیز خریدیں تو اس کے بارے میں کیسے شکایت کرنی ہے۔ آپ اس سلسلے میں درج ذیل پتہ پر رابطہ کرسکتے ہیں۔
,116, hollywood road
Belfast BT4 1NY
Phone (028) 9067 2488
یا ان کی ویب سائٹ www.consumercouncil.org.uk
پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

## بجٹ سازی اور بلوں کا انتظام

### گھریلو بجٹ کیا ہے؟

بجٹ اُس رقم کا ایک منصوبہ ہے جو آپ وصول کرنے کی توقع کرتے ہیں۔ یا اس بات کی توقع رکھتے ہیں کہ آپ اس کو خرچ کرنے کی کیسی توقع کرتے ہیں۔ ایک گھریلو بجٹ میں شامل ہیں۔ بلوں، کرائے ، خوراک ، سکول کی کتابوں اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پراٹھنے والے اخراجات۔

### مجھے بجٹ کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

بجٹ آپ کے بلوں‌کی قیمت کو پھیلانے میں مدد دیتا ہے اور آپ کی رقم کا انتظام کرنے میں مدد دیتا ہے تاکہ آپ ان بڑے بڑے بلوں میں نہ پھنس جائیں جو آپ ادا نہیں کرسکتے۔

### میں بجٹ کیسے بناؤں؟

بجٹ بنانے کے مختلف طریقے ہیں۔ استعمال میں آسان طریقے کے لئے آپ منی ایڈوانس اینڈ بجٹنگ سروسز(آئرلینڈ)جو MABSکے طور پر مشہور ہے سے ہفتہ وار اخراجات کی ڈائری حاصل کرسکتے ہیں۔ ان کی ویب سائٹ ہے۔
www.mavs.ieاور اس میں بجٹ بنانے پر بہت سے مفید کتابچے شامل ہیں۔
آپ اس فون نمبر 00353 1 8129350 پر شمالی آئرلینڈ سے انہیں فون بھی کرسکتے ہیں۔

### ترجیح دینے سے آپ کیا مطلب لیتے ہیں؟

بجٹ بنانے کی ترجیح سے مراد یہ فیصلہ کرنا ہے کہ سب سے زیادہ اہم کیا چیزہے۔ مثال کے طو رپر کرایہ، بجلی، گیس، خوراک، سکول کی کتابیں، کپڑے اور ٹی وی لائسنس کو کار یا بڑے ٹی وی جیسی مہنگی چیزیں خریدنے سے پہلے ادا جانا چاہیے۔
مجھے اپنے بلوں کے متعلق مدد کی ضرورت ہو تو میں کیا کرسکتا ہوں؟
اگر آپ کواپنے بلوں کے متعلق مدد کی ضرورت ہو تو میبز (MABS) سروس آپ کے بلوں اور رقم کو ڈھونڈنے میں آپ کی مدد کرے گی۔ آپ انہیں فون نمبر 00353 18129350پر فون کرسکتے ہیں یا انکی ویب سائٹ www.mabs.ieپر دیکھ سکتے ہیں۔
دوسری مفید سائٹ /www.adviceni.net/advice ہے جو یہ ڈھونڈنے کے لئے رابطہ فراہم کرتی ہے کہ آپ کی مقامی منی ایڈوائزر سروس کہاں ہے۔

### میں اپنے بل کیسے کم کرسکتا ہوں؟

آپ کے یوٹیلیٹی بلوں کو کم کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ استعمال کی جانے والی بجلی یا گیس کی رقم کو کم کیا جائے۔ (دیکھیے اوپر یوٹیلیٹز) آپ اس سلسلے میں ویب سائٹ wwwe.sei.ieسے معلومات حاصل کرسکتے ہیں کہ یہ کیسے کرنا ہے۔

# اہم حقائق

اقوام متحدہ کے کنونشن کے تحت ساری دنیا کے بچے او رنوجوان لوگ جو حقوق رکھتے ہیں ، ان کی شمالی آئر لینڈ نے توثیق کی ہے۔
شمالی آئرلینڈ میں بچے اپنی زندگیوں کے کئی پہلوؤں پر اختیار رکھتے ہیں جن میں ملازمت کے حقوق کے علاوہ شادی اور رضا مندی کی عمریھی شامل ہے۔
سزا اور نوجوانوں کے لئے انصاف سے متعلق بھی کئی دفعات موجود ہیں۔
شمالی آئر لینڈ میں گھریلو جھگڑے/زیادتی ممنوع ہے اور وہاں بہت سی جگہیں ہیں جہاں لوگ مدد کے لئے جاتے ہیں اگر وہ گھریلو تشدد کا شکار ہیں (مرد او رخواتین دونوں)
آئرلینڈ ملازمت کے بہت مضبوط حقوق رکھتا ہے اورکسی بنیاد پر بھی امتیاز ممنوع ہے۔

# بچوں کے حقوق

## بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کا کنونشن کیا ہے؟

بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کا کنونشن (UNCRC) بین الاقومی انسانی حقوق کا ایک معاہدہ ہے اورتمام بچوں اور نوجوان لوگوں کو جامع حقوق کا سیٹ (مجموعہ) عطا کرتا ہے۔
شمالی آئر لینڈ نے 1991ء میں UNCRCکی توثیق کی تھی۔
کنونشن کی توثیق کرنے کے ذریعے شمالی آئرلینڈ اس کا "ریاستی فریق" بنا تھا اور اس نے کنونشن میں پیش کردہ بچوں کے حقوق کے تحفظ کی رسمی ذمہ داری لی تھی۔
کنونشن بچوں اور نوجوانوں لوگوں کو 40سے زیادہ اہم حقوق دیتا ہے۔ اِن میں درج ذیل حقوق شامل ہیں:۔

- خصوصی حفاظتی اقدامات اور امداد
- خدمات تک رسائی مثلاً تعلیم اورحفظان صحت
- ۔ ہر ممکن طریقے سے ان کی شخصیات، قابلیتوں اور جوہروں کی ترقی اور فروغ
- ۔ خوشی، محبت اور مفاہمت کے ماحول میں پروان چڑھنا
- ۔ قابل رسائی اورپرجوش انداز میں اپنے حقوق حاصل کرنے میں شریک ہونا اور ان کی
- معلومات رکھنا۔
- ۔ کنونشن کے تمام حقوق کا بغیر کسی امتیاز کے بچوں اور نوجوان لوگوں پر لاگو کرنا۔

# اکثریت کی قانونی عمر (بلوغت)

## شمالی آئرلینڈ میں اکثریت کی قانونی عمر (بلوغت) کیا ہے؟

18سال سے کم عمر کسی کو بھی شمالی آئرلینڈ میں بچہ سمجھا جاتا ہے۔ اکثریت کی قانونی عمر (وہ عمر جس پر بچہ بالغ بنتا ہے) 18سال ہے۔

# کام کے لئے قانونی عمر

## شمالی آئرلینڈ میں کام کرنے کے لئے قانونی عمر کیا ہے؟

شمالی آئرلینڈ میں نوجوان لوگوں کے لئے کام کے اوقات کو چلڈرن (NI) آڈر 1995ء کے ذریعے باقاعدہ بنایا گیا ہے۔ یہ حکمنامہ زیادہ سے زیادہ کام کے اوقات مقرر کرتاہے اور 18سال سے کم عمر بچوں کو دیر تک کام کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

## 16سال سے کم عمر بچے کتنے گھنٹے کام کرسکتے ہیں؟

16سال سے کم عمر بچے کل وقتی ملازمت نہیں کرسکتے۔ اگر ایک شخص 16سال کا ہے اوراس نے سکول چھوڑ دیا ہے تو وہ کل وقتی ملازمت کرسکتاہے لیکن ابھی بھی ان پر یہ پابندیاں ہیں کہ وہ کہاں کام کرسکتا ہے۔ (مثال کے طو رپر وہ شرط یا جوئے والی دکان پر کام نہیں کرسکتا)۔

## 13سال اور 16سال کے درمیانی عمر والے بچوں کے لئے کیا قانون ہے؟

- 13 سال کی عمر سے کم بچوں کو ہر گز کام نہیں کر نے کی اجازت نہیں ۔
- بچے سکول کے اوقات کار کے دوران کام نہیں کرسکتےیاسکول ڈے کے موقع پر2 گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرسکتے۔
- بچے صبح 7بجے سے پہلے اور شام7بجے کے بعد کام نہیں کرسکتے۔

## 16 سال سے اوپر کے بچے کتنے گھنٹے کام کرسکتے ہیں؟

اگر بچے 16 سال سے اوپر ہوں اور سکول مکمل کرچکے ہوں تو ان کو نوجوان کارکن کہا جاتا ہے۔ نوجوان کارکنوں کے لئے قانون کہتا ہے کہ:

- وہ روزانہ 8گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرسکتے۔
- ۔انھیں ہر کام کرنے کے دن کے دوران 12گھنٹے آرام ضرور کرنا چاہیے۔
- وہ ایک ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرسکتے۔
- انہیں ایک ہفتے کا کام کے دوران 2 دن آرام ضروری کرنا چاہیے۔
- انہیں ساڑھے چار گھنٹے کے بعد 30منٹ کا وقفہ ضرور کرنا چاہیے۔

## بچے کیا ملازمت کرسکتے ہیں؟

بچے صرف درج ذیل ملازمت میں کام کرسکتے ہیں:۔

- اخبار،دودھ ،سبزیاں، کھانے پینے کی چیزیں، پھولوں یا کپڑے کی چیزوں کی تقسیم۔
- آفس کا کام اس جگہ کے سوا جہاں الکوحل بیچی جاتی ہے یا جوئے یا شرط کے لئے لائسنس دیا گیا ہو۔
- ہوٹل یا کھلانے کا کام، سوائے اس جگہ کے باورچی خانے میں جہاں شراب بیچی جاتی ہے ،
- دکان میں مدد گار کے طور پر سوائے اس جگہ جہاں شراب بکتی ہے یا جوئے کے لئے لائسنس دیا گیا ہو۔
- گھریلو کام
- اپنے والدین کے لئے ہلکا سا زرعی کام

## 16سال سے کم عمر بچوں کے لئے زیادہ سے زیادہ ہفتہ وار کام کرنے کے اوقات کیا ہیں؟

| عمر | 15 سال سے کم | 15 سے 16 سال تک |
|---|---|---|
| سکول ڈے | ہرہفتے 5گھنٹے | ہر ہفتے 2 گھنٹے |
| دو گھنٹے روزانہ | ہر ہفتے 7 گھنٹے | سکول کی چھٹیوں میں |
| دو گھنٹے روزانہ | اتوار کےدن | ہر ہفتے 27گھنٹے |
| ہفتہ کے دن | ہر ہفتے 2 گھنٹے | ہر ہفتے 37گھنٹے |

## شمالی آئر لینڈ میں کم از کم اجرتیں کیا ہیں؟

شمالی آئر لینڈ میں کم از کم موجودہ اجرت درج ذیل ہے : ۔
£3.40 پاونڈ............18سال سے کم عمر لوگو ںکے لئے
£4.60 پاونڈ............18سال اور 21سال کے درمیان کی عمر کے لوگوں کے لئے
£5.52 پاونڈ............ 22سال اور اس سے اوپر کی عمر کے لوگوں کے لئے

## رضا مندی کی عمر

### رضامندی کی عمر کیا ہوتی ہے؟

رضامندی کی عمر وہ عمر ہوتی ہے جس میں لوگ جنسی تعلقات رکھ سکتے ہیں۔

| مرد ....... مرد | عورت ....... عورت | عورت ...... مرد |
|---|---|---|
| 16 سال | 16 سال | 16 سال |

مردکے جنسی تعلقات کے لئے عمر مقرر نہیں ہے۔ لیکن 16سال سے کم عمر لوگوں کا کسی جنسی تعلق میں مشغول ہونا غیر قانونی ہے۔

## شادی کی عمر

### شمالی آئرلینڈ میں لوگ کس عمر میں شادی کرسکتے ہیں؟

جس عمر میں لوگ شمالی آئرلینڈ میں شادی کرسکتے ہیں وہ 18سال ہے۔ 16اور 18سال کے درمیانی عمر کے لوگ شادی کرسکتے ہیں۔ اگر ان کے والدین کی رضا مندی ہو۔

## جسمانی سزا

### کیا میرے بچے کو سکول میں جسمانی سزا دی جائے گی؟

نہیں، تعلیمی نظام میں جسمانی سزا منع ہے۔ نظم و ضبط قائم کرنے کے حوالے سے درج ذیل شکلوں کی اجازت نہیں ہے۔

- جسمانی تشدد کی کوئی شکل
- بچوں کو کھانا یا پینا نہ دینا
- ظالمانہ یا ذلت آمیز سزا

## جسمانی سزا

### کیا میں اپنے بچے کو جسمانی سزا دے سکتا ہوں؟

کوئی قانون موجود نہیں ہے جو واضح طو رپر بچوں کی جسمانی سزا پر پابندی لگاتا ہو۔ تھپڑ مارنا نظم و ضبط قائم کرنےکے کی صورت میں کم قابل قبول ہے اور زیادہ تر چند ایک والدین اس کے استعمال کی حمایت کرتے ہیں۔ اگرنظم و ضبط جسمانی تشدد کی صورت میں حد سے زیادہ ہوگا تو والدین پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔

شمالی آئرلینڈ میں قانون کے تحت وہ والدین جو اپنے بچوں کو سخت سزا دیتے ہیں۔ ان پر حملے کا الزام لگایا جاسکتا ہے۔ (اصلاحی قانون کی دفعہ 2کے تحت) (متفرق شقیں)،(شمالی آئرلینڈ) حکمنامہ 2006ء

### مثبت اور متبادل طریقے کیا ہیں؟

متبادل مثبت طریقے تجویز کیے گئے ہیں جن میں"ٹائمز آوٹ" اور نوجوان بچوں کے لئے انعامی چارٹس شامل ہیں۔ والدین کے لئے مثبت تراکیب سے متعلق مزید معلومات کے لئے درج ذیل ویب سائٹ چیک کیجیے۔
www.barnardos.ie یا www.ispcc.ie

## جوانوں کے متعلق انصاف

### شمالی آئرلینڈ میں مجرمانہ ذمہ داری کی عمر کیا ہے؟

مجرمانہ ذمہ داری کی عمر 10 سال ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ بچے جو دس سال کی عمر تک نہیں پہنچے ، ان پر جرم کا الزام نہیں لگ سکتا۔

### دس سال سے کم عمر بچوں کے متعلق کیا ہے جو قانون شکنی کرتے ہیں؟

10سال سے کم عمر بچے جو جرم کرتے ہیں ان کو فیملی کورٹ کے سامنے لایا جائے گا۔ 10سال سے 16سال عمر کے درمیانی عمر کے بچوں کو جووی نائل (Juvenile) جسٹس سینٹر میں (بچوں کے لئے مرکز انصاف) بھیجا جائے گا۔ بچوں کواس وقت جیل بھیجا جاسکتا ہے جب وہ 17سال کے ہوں۔

### میں جوانوں کے انصاف پر زیادہ معلومات کہاں سے معلوم کرسکتا ہوں؟

جوانوں کے انصاف کے شعبے پر مزید معلومات کے لئے شمالی آئرلینڈ کی یوتھ جسٹس ایجنسی[بچوں کے لئے ادارہ انصاف] سے اس نمبر 6400 9031 (028)پر رابطہ کریں یا info@yiani.gov.uk ۔ آپ ان کی ویب سائٹ بھی دیکھ سکتے ہیں۔
www.youthjusticeagencyni.gov.uk
مجرموں سے انصاف کے نظام جو یوتھ جسٹس سسٹم (جوانوں کے لئے نظام انصاف) جو آڈلٹ جسٹس سسٹم (بالغوں کے لئے نظام انصاف) دونوں پر لاگوہوتا ہے۔ اس کے متعلق مزید معلومات کے لئے شمالی آئرلینڈ میں مجرموں سے متعلق انصاف کے نظام کی ویب سائٹ دیکھیں۔ /www.cisni.gov.uk

# گھریلو معلومات

## گھریلوں زیادتیاں

### گھریلو زیادتی کیا ہے؟

گھریلو زیادتی جسمانی یا جذباتی قوت کے استعمال یا جسمانی قوت کی دھمکی ،قریبی بالغ افراد کے تعلقات میں جنسی تشدد کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اس میں درج ذیل شامل ہیں:۔

- جذباتی زیادتی
- جائیداد کی تباہی
- دوستوں ، خاندان اور دوسرے مدد کے امکانی ذرائع سے علیحدگی
- دوستوں بشمول بچوں کو دھمکیاں
- دبے پاؤں تعاقب کرنا
- اورپیسے ، ذاتی چیزوں ،خوراک، ٹرانسپورٹ اور فون تک رسائی پر کنٹرول

گھریلو زیادتیاں کے قانون کوفیملی ہومز اور گھریلو تشدد )شمالی آئرلینڈ( حکمنامہ 1998ء کے تحت وضع کیا گیا ہے۔

### میں گھر یلو تشدد کے خلاف مدد کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

پناہ یا مشورے کے لئے قریب ترین مشاورتی سروسز کے فون نمبر آپ مقامی فون بک یا کمیونٹی سروسز کی ڈائریکٹری میں فون نمبر دیکھ سکتے ہیں۔
وہاں گھریلو تشدد سے متعلق 24گھنٹے ہیلپ لائن ہے۔ فون نمبر1414 917 0800 ہے ۔ یہ مفت فون نمبر ہے اوراس پر زبان کی خدمات (ترجمانی) بھی دستیاب ہیں۔ آپ فون نمبر8000 600 0845یا خواتین کی مدد کے لئے فون نمبر9041 9024 028 پر PSNIکے ڈومیسٹک وائلنس آفیسر کو فون بھی کرسکتے ہیں۔

### ایمرجنسی میں کیا کرنا چاہیے؟

ایمرجنسی میں آپ مدد کے لئے اپنے مقامی تھانے سے رابطہ کریں۔ یا فون نمبر (or 999(112پر اطلاع کریں۔

## مفت قانونی امداد

### کیا میں مفت قانونی امداد حاصل کرسکتا ہوں؟

آئرلینڈ میں مفت قانونی امداد شمالی آئرلینڈ لیگل سروسز کمیشن، بچوں کے قانونی سنٹرز، شمالی آئرلینڈ کے قانونی سنٹر اور شمالی آئرلینڈ کے انسانی حقوق کے کمیشن سے دستیاب ہوتی ہے۔

# ملازمت کے حقوق

### شمالی آئرلینڈ میں ملازم کے طو رپر مجھے کیا حقوق حاصل ہیں؟

وہ کارکن جو EU/EEAسے تعلق رکھتے ہیں اور سوزی لینڈ سے تعلق رکھتے ہیں یا وہ جو مکمل طورپر قانونی کام کا اجازت نامہ رکھتے ہیں، ان کو ملازمت کے وہی حقوق حاصل ہیں جو شمالی آئرلینڈ کے لوگوں کو حاصل ہوتے ہیں۔

### امتیازکے متعلق کیا ہے؟

عمر، صنف، شادی شدہ حیثیت، خاندانی مرتبہ، نسل، مذہب، جنسی میلان، معذوری اور ٹریلونگ کمیونٹی کی رکنیت کے خلاف امتیازبرتنا قوانین برائے ملازمتی برابری 2003ء اور 2006ء کے تحت ممنوع ہے۔

## والد ہونے کی بناء پر[ پیٹرنٹی] رخصت

### والد ہونے کی بناء پررخصت کیا ہے؟

والد ہونے کی بناء پر رخصت ان لوگوں کو کام سے رخصت دینے کا نام ہے جن کی بیوی کا ہاں بچہ پیداہوا ہے۔ ایسے افراد کو دو ہفتوں کی چھٹی کا حق حاصل ہے۔

### جب میں پیٹرنٹی چھٹی پر ہوں گا تو کیا مجھے تنخواہ دی جائے؟

آپ کو پیٹرنٹی چھٹی کے دوران تنخواہ ملے گی۔ جب تک آپ ایک ہفتے کے کم از کم90 پاؤنڈ کماتے ہوں۔ اس تنخواہ کو سٹیچوری پیٹرنٹی تنخواہ (SPP) کہتے ہیں۔ اگر آپ کی پیٹرنٹی چھٹی یکم اپریل 2008یا اس کے بعد شروع ہوتی ہوگی تو آپ کو اپنی اوسط ہفتے کی تنخواہ کے 90 فیصد تنخواہ ادا کی جائے گی یا 117.18 پاؤنڈ جو بھی کم ہوگی۔ آپ SPPسے زیادہ تنخواہ حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ کے ملازمت کا معاہدہ اس کی اجازت دیتا ہو۔

### میں اپنے آجر کو کب بتاؤں کہ میں پیٹرنٹی چھٹی پرجارہا ہوں؟

آپ کو بچہ پیدا ہونے سے کم ا زکم 15ہفتے پہلے اپنے آجر کو اطلاع دینی چاہیے۔ یہ بہتر ہے کہ جتنا جلد ممکن ہو نوٹس دیا جائے۔

## زچگی کی چھٹی

### زچگی کی چھٹی کیا ہوتی ہے؟

زچگی کی چھٹی پیدائش سے فوراً پہلے اور اس کے بعد ایک خاص عرصے تک حاملہ عورتوں کو دی جانے والی چھٹی ہے۔

### زچگی کی چھٹی کتنی دیر کی ہوتی ہے؟

ایک حاملہ ملازمہ کو 52ہفتے تک کے عرصے کے لئے ملازمت سے زچگی کی چھٹی کا حق دیا جاتا ہے۔ اس بات کے قطع نظر کہ وہ کتنا عرصہ آجر کے پاس کام کرتی رہی ہے یا ہر ہفتے کیے گئے کام کے گھنٹوں کی تعداد کتنی تھی۔
پہلے 26ہفتےعام زچگی کی چھٹی کہلاتے ہیں۔ اس عرصے کے دوران آپ کو اپنی ملازمت کے معاہدے کے تحت وہی حقوق ملیں گے گویا کہ آپ ابھی تک کام کررہی ہو۔ تاہم آپ اپنی عام تنخواہ نہیں لیں گی جب تک یہ آ پ کے معاہدہ میں ایسا نہ لکھا ہو۔ آپ دوسرے 26ہفتے جن کو اضافی زچگی کی چھٹی بھی کہا جاسکتا ہے، چھٹی لے سکتی ہیں۔ عام اور اضافی زچگی کی چھٹی کے درمیان وقفہ نہیں ہونے چاہیں۔

### میں اپنے آجر کو کیسے بتاؤں کہ مجھے زچگی کی چھٹی پر جانے کی ضرورت ہے؟

بچہ پیدا ہونے سے پہلے15 ویں ہفتے کے اختتام پر آپ کو اپنے آجر کو بتانا چاہیے کہ:

- آپ حاملہ ہیں
- بچے کی متوقع پیدائش کی تاریخ
- وہ تاریخ جس تاریخ سے آپ زچگی کی چھٹی شروع کرنا چاہتی ہیں

آپ کو اپنے آجر کو ایک میڈیکل سرٹیفیکیٹ دینا چاہیے جسے MATBI کہا جاتا ہے۔ آپ یہ اپنی دایہ سے یا GPسے حاصل کرسکتی ہیں۔ یہ وہ تاریخ بتاتا ہے جب آپ کا بچہ پیدا ہوتا ہے۔
جب آپ نے اپنے آجر کو بتا دیا ہو کہ آپ زچگی کے چھٹی لینا چاہتی ہیں تو انہیں 28دنوں کے اندر آپ کو ضرور خط لکھنا چاہیے اور آپ کو وہ تاریخ بتانی چاہیے جس تاریخ کو آپ کو کام پر واپس آنا چاہیے۔

### کیا مجھے تنخواہ ملے گی جب میں زچگی کی چھٹی پر ہوں؟

بچہ پیدا ہونے سے پہلے 15ہفتے کے آغاز پر کم از کم 26ہفتے اگر آپ نے اپنے آجر کے لئے کام کیا ہے تو آپ سٹیچوری میٹرنٹی تنخواہ (SMP) کی اہل ہوسکتی ہیں۔ SMPحاصل کرنے کے لئے آپ کو ایک ہفتے کے کم ا ز کم 90 پاؤنڈ بھی کمانے چاہئیں۔ آپ SMP اس وقت تک حاصل کرسکتی ہیں جب تک آپ بچہ پیدا ہونے کے بعد کام پر واپس نہ آئیں۔
آپ39 ہفتوں تکSMP حاصل کرسکتی ہیں۔ SMPوہ کم از کم رقم ہے جو آپ کو ادا ہونی چاہیے لیکن آپ کی ملازمت کا معاہدہ آپ کو اس سے زیادہ حق دے سکتا ہے۔ اپنے معاہدے کو چیک کریں کہ آپ کس رقم کا حق رکھتی ہیں۔
اگر آپ SMPکے لئے اہل نہیں تو آپ زچگی الاونس (MA) کے مستحق ہوسکتی ہیں۔ آپ SMPکا فارم پر کریں جو آپ کا آجر آپ کو دے گا۔ آپ یہ مکمل فارم ملازمت و مراعات آفس لے جائیں۔ آپ MAکے لئے اہل ہوں گی اگر آپ فی ہفتہ اوسطاً 30پاؤنڈ یا اس سے زیادہ کماتی ہیں۔

بچہ پیدا ہونے سے پہلے آپ کم از کم 66ہفتوں میں 26ہفتے کام بھی کیا ہو۔ اگر آپ نےاس عرصہ کے دوران مذکوہ آجر کے ساتھ کام نہیں کیا ہو تو26ہفتے ایک ہی قطار میں کام کیے جانے کی ضرورت نہیں۔ آپ MAحاصل کرسکتی ہیں اگر آپ خود روزگار ہیں۔

### میری ملازمت کی متعلق کیا ہے؟

اگر آپ 26ہفتے زچگی کی چھٹی (OML) لے چکی ہوں تو آپ کو اُسی ملازمت پر واپس آنے کا حق حاصل ہے جو آپ چھٹی پر جانے سے پہلے رکھتی تھی۔
اگر آپ نے اضافی زچگی کی چھٹی (AML) اور (OML) بھی لی ہو تو آپ کو اُسی ملازمت پر واپس آنے کا حق دیا جاتا ہے جب تک آپ کا آجر نہیں کہتا کہ یہ معقول بات نہیں۔ اس صورت میں اُسی تنخواہ اور شرائط کے ساتھ آپ کو دوسری مناسب ملازمت کی پیشکش ہونی چاہیے جیسا کہ آپ زچگی کی چھٹی سے پہلے رکھتی تھی۔
اگر آپ زچگی کی چھٹی سے پہلے پورا وقت کام کررہی تھیں تو آپ جزوی وقت کے لئے واپس آناچاہیںتو آ سکتی ہیںنیزجاب شیئر یا مختلف اوقات چاہ سکتی ہیں۔ اسے لچک دار کام کہا جاتا ہے۔ آپ کے آجر کو آپ کو لچکدار کام کے اوقات دینے کے لَئے متفق نہ ہوں لیکن وہ آپ کی درخواست پر سنجیدگی سے غور کریں گے۔
آپ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے متعلق مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کر سکتی ہیں۔ www.delni.gov.uk/employees 1010 06. pdf یہ کتابچہ زچگی کی چھٹی سےمتعلق تمام معلومات فراہم کرے گا۔
آپ محکمہ ملازمت و تعلیم کی ملازمتی حقوق کی برانچ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔[مزید معلومات کے لئے رابطے کا صفحہ ملاحظہ کریں]

## مفید رابطے

بچوں کے حقوق کے متعلق معلومات کے لئےمندرجہ ذیل تنظیموں کے پاس مفید معلومات ہیں۔

### کمیشنر برائےاطفال و نوجوانان،شمالی آئرلینڈ

پتہc Millennium House
.17–25 Great Victoria St
Belfast BT2 7BA
فون (028) 9031 1616
ای میل info@niccy.org
ویب سائٹ www.niccy.org» www.niccy.org

### مرکز قانون برائے اطفال

پتہ ,3rd Floor, Philip House
123– 137, York Street
Belfast BT15 1AB
فون 0808 808 5678 [برائے اطفال]
(028) 9094 5704 [برائے نوجوانان]
ای میل info@childrenslawcentre.org
ویب سائٹ www.childrenslawcentre.org

### یونٹ برائے اطفال و نوجوانان

پتہ ,Office of the First Minister and Deputy First Minister
Knockview Buildings
Stormont
Belfast BT4 3SR
فون (028) 9052 8429
ای میل cypu@ofmdfmni.gov.uk
ویب سائٹ www.allchildrenni.gov.uk

مندرجہ ذیل تنظیمیں گھریلو مسائل کےبارے میں مفید معلومات فراہم کرتی ہیں اور ان کے حل کے لئے مدد کرتی ہیں۔

### ویمن ایڈ

پتہ 129, University St
Belfast BT7 1HP
فون 0800 917 1414
ای میل info@womensaidni.org
ویب سائٹ www.niwaf.org» www.niwaf.org

### لیگل سروس کمیشن، آئرلینڈ

پتہ ,2nd Floor, Waterfront Plaza
8, Laganbank Road
Mays Meadow
Belfast BT1 3BN
فون (028) 9040 8888
ویب سائٹ www.nilsc.org.uk

### کمیشن برائے انسانی حقوق، شمالی آئرلینڈ

پتہ Temple Court
,39, North Street
Belfast BT1 1NA
فون (028) 9024 3987
ویب سائٹ www.nihrc.org

ملازمت کے حقوق سے متعلق مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل تنظیموں کے مفید رابطے

### محکمہ ملازمت و تعلیم

پتہ Adelaide House
39–49 Adelaide St
Belfast BT2 8FD
فون (028) 9025 7777
ای میل del@nics.gov.uk
ویب سائٹ www.delni.gov.uk/index/er.htm

### مرکز قانون، شمالی آئرلینڈ

اس مرکز قانون نےتارکین وطن کارکنوں کے لئے ملازمت کے حقوق سے متعلق رہنما کتابچے شائع کیے ہیں جو مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
www.lawcentreni.org/Publications/Publications.htm

## کلیدی الفاظ

جنرل پریکٹیشنز

ہیلتھ نرس

ہسپتال

مرکز صحت

## اہم حقائق

اگر آپ شمالی آئرلینڈ (N1) میں رہائش پذیر ہیں تو حفظان صحت آپ کو مفت دی جاتی ہے۔
شمالی آئر لینڈ میں 4 صحت اور سماجی بورڈ ہیں۔ وہ صحت اور سماجی خدمات دیتے ہیں۔ یہ منصوبہ بنایا گیا ہے کہ اپریل 2009ء سے ان کی ساخت کو تبدیل کرکے ایک علاقائی صحت کا ادارہ بنایا جائے گا جو پورے شمالی آئر لینڈ کے لئے ہوگا۔ وہاں 5صحت اور شخصی سماجی خدمات کے ٹرسٹ ہیں جو پورے شمالی آئرلینڈ میں صحت کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔
شمالی آئرلینڈ میں صحت کی مفت خدمات پر آپ کا حق خاص طو رپر اس بات پر مبنی ہے کہ آیا آپ شمالی آئرلینڈ میں رہتے ہیں یا آپ صرف سیر کرنےآئیں ہیں۔
ایمرجنسی علاج ہر ایک شخص کو مفت مہیا کیا جاتا ہے ۔ یہ بات اہم نہیں کہ آپ کہاں سے تعلق رکھتے ہیں یا آپ کتنی دیر سے یہاں قیام پذیر ہیں۔
اگر علاج ایمرجنسی نوعیت کا نہیں تو آپ کو اس کے لئے ادائیگی نہیں کرنا پڑتی بشرطیکہ آپ 6ماہ سے زیادہ شمالی آئرلینڈ میں رہ چکے ہوں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے پاس رہائش گاہ ہے۔

### ایمرجنسی فون نمبر 999 یا موبائل سے 112پر رابطہ کریں۔



### آپ دونوں سے999 ڈائل کرسکتے ہیں لیکن آپ 112 ڈائل کرسکتے ہیں اگر آپ کے فون کا کی لاک (Key lock) کھلا ہوا ہو۔

## حفظان صحت

### آئرلینڈ میں حفظان صحت کے لئے کو ن اہل ہے؟

اگر آپ شمالی آئرلینڈ کے رہائشی ہیں تو آپ صحت سے متعلق بہت سی خدمات کے حقدار ہیں جو یا تو مفت ہیں یا حکومتی کی طرف سے رعایتی نرخ پر مہیا کی جاتی ہیں۔

### «رہائشی» کا مطلب کیا ہے؟

رہائشی کا مطلب ہے کہ آپ کم ا زکم چھ ماہ سے شمالی آئرلینڈ میں رہ چکے ہوں اور آئرلینڈ میں رہنے کا منصوبہ بنارہے ہوں۔

### اگر میں بیمار ہوں تو کیا میں ہسپتال جاؤں؟

نہیں۔ آپ کو سیدھا ہسپتال جانا چاہیے اگر ایمرجنسی ہو۔ اگر زیادہ خراب حالت نہ ہو تو آپ کو پہلے GP کے پاس جانا چاہیے۔

### کون سی مفت خدمات دستیاب ہیں؟

زیادہ تر خدمات اور علاج مفت ہیں مثلاً

- GPسروسز ہسپتال کے علاج
- سپیشلسٹ کے پاس علاج
- ایمرجنسی علاج
- خاندانی منصوبہ بندی
- زچگی کی خدمات
- کمیونٹی کو علاج کی خدمات

### کون سی خدمات مفت نہیں ہیں؟

- مجوزہ دوائیاں اور نشہ آور دوائیاں:۔ نسخہ لینا مفت ہے لیکن دوائی کے لئے ادائیگی کرنا ہو گی۔ موجودہ ریٹ 6.50پاؤنڈ ہے۔
- دانتوں کا علاج:۔ دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس رجسٹرڈ ہونا مفت ہے لیکن علاج مفت نہیں ہوتا ہے۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کو علاج کا منصوبہ دے گا جس میں اخراجات شامل ہوں گے۔
- آنکھوں او رکانوں کی خدمات/علاج:۔ عام طو پر اس کی ادائیگی کی جاتی ہے۔

### کیا کوئی یہ خدمات مفت حاصل کرتا ہے؟

جی ہاں ۔ خاص گروہ مفت علاج حاصل کرنے کے قابل ہیں یا کم قیمت پر علاج کرنے کے قابل ہیں۔

- 16یا 18سال سے کم عمر بچے اگر کل وقتی طالب علم ہوں
- حاملہ خواتین
- 60سال سے زائد عمر کے لوگ
- لوگ جو خاص قسم کے طبی حالات میں مبتلاہوں
- لوگ جو سوشل سیکورٹی کی خصوصی مراعات لے رہےہوں
- کم آمدنی والے لوگ

جب کبھی آپ کسی پیشہ ور ڈاکٹر سے رابطہ کریں تو ان سے یہ پوچھنا بہتر ہے آیا کہ آپ مفت علاج کے مستحق ہیں یا نہیں۔

## خدمات تک رسائی

### میں صحت کی خدمات کا کیسے اندازہ کروں؟

صحت کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لئے دوکام ضرور کرنے چاہیں۔

- شمالی آئرلینڈ میں صحت اور سوشل کیئر سروسز کے پاس رجسٹریشن کرائیں ۔
- جنرل پریکٹیشنر (GP) کے پاس رجسٹریشن کرائیں جسے فیملی ڈاکٹر بھی کہا جاتا ہے۔

### مجھے یہ کرنے کی کیوں ضرورت ہے؟

میڈیکل کارڈ جو شمالی آئرلینڈ میں صحت کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ کو یہ جاری کرنے کے لئے آپ کو دونوں کے پاس رجسٹریشن کرانے کی ضرورت ہے۔

### میں میڈیکل کارڈ کیسے حاصل کروں گا؟

رجسٹریشن کرانے کے لئے آپ کو ایک درخواست فارم پر کرنا ہوگا۔ اس فارم کو HS22Xکہا جاتا ہے۔ یہ بہت سی مختلف زبانوں میں دستیاب ہے۔ جس میں پرتگالی، پالش، لیتوینئن، لتھوانیئن، چیک، روسی، سلوویکیئن، اردو، آئرش، ہندی، چینی، بلغیرئین اور رومانیئن شامل ہیں۔
www.centraleservicesagency.n-i-nhs.uk/display/translations

### میں فارم کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

فارم کسی بھی GPکے ادارے، صحت کے مرکز یا مرکزی سروسز ایجنسی آفس سے لئے جا سکتے ہیں۔

## مجھے فارم کا کیا کرنا ہو گا؟

جب آپ نے فارم پُر کردیا ہو تو آپ اسے GPکے پاس لے جائیں۔ اگر وہ اپنے دفتر میں آپ کی رجسٹریشن کرنے پر متفق ہوں تو وہ آپ کا فارم لے لیں گے۔

## مجھے اپنے میڈیکل کارڈ حاصل کرنے میں کتنی دیر لگے گی؟

اس میں 8ہفتے لگ سکتے ہیں۔ اس لئے شمالی آئرلینڈ میں پہنچتے وقت آپ کو رجسٹریشن کرانی چاہیے بجائے اس کے کہ آپ انتظار کریں تاوقتیکہ آپ بیمار نہیں ہوتے۔

مجھے کس دستاویز کی ضرور ت ہے اگر میں یورپین معاشی علاقے کے باہر سے آیا ہوں؟

اگر آپ یورپین معاشی علاقے کے باہر سے آئے ہیں تو آپ کو اس ثبوت کی ضرورت ہے کہ آپ شمالی آئرلینڈ میں رہتے ہیں۔ مثال کے طو رپر آپ کا ویزہ یا ورک پرمٹ (کام کا اجازت نامہ)

## کیا میں حفظان صحت مفت حاصل کرسکتا ہوں اگر میں پناہ گزین ہوں؟

جی ہاں۔ آپ درخواست دینے کے اہل ہیں۔ آپ کو ثبوت مہیا کرنا چاہیے کہ آپ نے ہوم آفس کو پناہ کی درخواست دے دی ہے۔

# جنرل پریکٹیشنر

## GP کیا ہے؟

جنرل پریکٹیشنر (GP) شمالی آئرلینڈ میں کمیونٹی کے ڈاکٹر کے لئے سرکاری اصطلاح ہے۔ GPآپ کے تمام علاج معالجے کا ذمہ دارہوتا ہے اوریہ وہ ڈاکٹر ہے جو آپ کوضرورت پڑنے پر سپیشلسٹ/ہسپتال کی طرف بھیجے گا ۔

## خاندانی ڈاکٹر کیا ہوتا ہے؟

خاندانی ڈاکٹر GPکا ہی دوسرا نام ہے۔

## میں GPکہاں معلوم کرسکتا ہوں؟

شمالی آئر لینڈ میں350 جنرل پریکٹیشنرہیں۔ مندرجہ ذیل سے مکمل فہرست دستیاب ہے:-

- مرکزی سروسز ایجنسی
- شہریوں کے لئے محکمہ مشاورت
- آن لائن

www.entralserviceagency.i.i.nhs.uk files/currentcallists/file/GPN/200801.pdf

## GPSکیا خدمات مہیا کرتے ہیں؟

- وہ آپ کی صحت سے متعلق پریشانیوں کو غور سے سنتے ہیں۔
- وہ فیصلہ کریں گے آیا کہ سپیشلسٹ کو دکھانے کی ضرورت ہے۔
- وہ فیصلہ کریں گے آیا کہ آپ کو دوائیوں کی ضرورت ہے یا نہیں اورانہیں خریدنے کے لئے آپ کو ایک نسخہ دیں گی۔

## کیا مجھے GPسے ملنے کے لئے ملاقات کا وقت لینے کی ضرورت ہے؟

جی ہاں۔ آپ کو فون کرکے یا مرکز میں جاکر GPسے ملنے کے لئے ملاقات کا وقت لینا چاہیے۔

اگر آپ اتنے بیمار ہیں کہ مرکز صحت نہیں جاسکتے تو آپ GPکو اپنے گھر لے جاسکتے ہیں۔ GPفیصلہ کرے گا کہ آیا آپ اتنے بیمار ہیں کہ علاج کے لئے آپ کے گھر جانے کی ضرور ت ہے۔

## کیا GPسرجری ساری رات کھلی ہوتی ہے؟

نہیں۔ زیادہ تر GPسرجری صرف دن کے دوران کھلی ہوتی ہے۔ جب آپ رجسٹریشن کرائیںتو آپ کو اپنی GPسرجری سے مقررہ کام کے وقت کے علاوہ علاج کا وقت پوچھنا چاہیے۔

## میرے حقوق کیا ہیں؟

- آپ اپنی جنس کے ڈاکٹر کے پاس جا سکتے ہیں۔
- آپ کسی وقت بھی ڈاکٹر تبدیل کرسکتے ہیں۔
- آپ سپیشلسٹ یا دوسرے GPکی رائے پوچھنے کے لئے ڈاکٹر سے پوچھ سکتے ہیں لیکن GPنے یہ اس وقت تک نہیں کرنا جب تک وہ یہ محسوس نہ کریں کہ یہ ضروری ہے۔

GP سے رجسٹریشن کرانے کے متعلق مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کریں۔

www.nhssb.n-i-nhs.uk/multilingualResources/index.php

# ہسپتال کا علا ج معالجہ

## کیا میں ہسپتال کا مفت علا ج حاصل کرسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں رہنے والی ہر شخص پبلک ہسپتالوں میں مفت علاج کا حقدار ہے۔ پرائیویٹ ہسپتال مفت نہیں ہیں۔

## شمالی آئر لینڈ میں ہسپتال کیا کرتے ہیں؟

شمالی آئر لینڈ میں ہسپتال بیماریا زخمی مریضوں کے علاج کے لئے کام کرتے ہیں۔

## شمالی آئرلینڈ میں ہسپتال کیا مہیا کرتے ہیں؟

- حادثہ اور ایمرجنسی خدمات (24گھنٹے علاج) شمالی آئرلینڈ میں 10اہم ہسپتال ہیں۔
- ہسپتال کے اندرونی مریضوں کے لئے خدمات
- ہسپتال بیرونی مریضوں کے لئے خدمات
- دن کی اوقات کےدوران خدمات

## کیا میں GPکےبجائے ہسپتال جاسکتا ہوں؟

جب تک آپ کو ایمرجنسی نہ ہو، آپ کو پہلے GPمیں جاناچاہیے۔ عام طورپر GPکو چاہیے کہ پبلک ہسپتالوں میں خدمات سے فائدہ اٹھانے کے لئے آپ کو وہاں بھیجے۔ (سوائے حادثاتی اور ایمرجنسی خدمات)

زیادہ تر پبلک اورپرائیویٹ ہسپتالوں میں حادثات اورایمرجنسی کا شعبہ ہوتا ہے۔ آپ GPسے ریفر ہوئے بغیر ایمرجنسی خدمت کے لئے جاسکتے ہیں لیکن آپ کو فیس ادا کرنا پڑے گی۔

# خاندانی منصوبہ بندی

## آئرلینڈ میں خاندانی منصوبہ بندی کا مشورہ کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں خاندانی منصوبہ بندی کا مشورہ مفت اور راز داری سے دیا جاتا ہے۔ اگر آپ کو خاندانی منصوبہ بندی پر مشورے کی ضرورت ہو تو آپ اپنے GPیا مقامی خاندانی منصوبہ بندی کلینک سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

آپ شمالی آئرلینڈ میں درج ذیل ویب سائٹ سے مانع حمل کلینک کی فہرست ڈھونڈ سکتے ہیں۔

/www.fpa.org.uk/finder

حمل سے متعلق کئی رضاکارانہ تنظیموں اور آپ کے GPسے مشورہ دستیا ب ہے۔

## کیا شمالی آئر لینڈ میں اسقاط حمل کراسکتی ہوں؟

شمالی آئر لینڈ میں استقاط حمل غیر قانونی ہے سوائے غیر معمولی صورتوں میں۔ خاص طور پر جہاں ماں کی زندگی کو خطرہ ہو (تاہم دوسرے ملک میں اسقاط حمل کرانے کے لئے سفر پر جانا قانونی لحاظ سے درست ہے )

# زچہ بچہ کی نگہداشت اور شیر خوار بچوں کے لئے خدمات

## زچگی کا علاج

### جب میں حاملہ ہوں‌تو میں کیا خدمات لے سکتی ہوں ؟

اگر آپ حاملہ ہوں یا ایک بچے کے لئے منصوبہ بندی کررہی ہوں تو آپ کو اپنے GPسے رابطہ کرنا چاہیے ۔ آپ کا GPآپ کو فیصلہ کرنے میں مدد دے گا کہ کب اورکیسے آپ کو اپنا بچہ چاہیے۔وہ آپ کوحمل کا ٹیسٹ کرانے کا کہے گا تاکہ یہ تصدیق ہوسکے کہ آپ حاملہ ہیں یا نہیں۔

آپ اپنی GPیا دایہ سے ماقبل پیدائش کا معائنےکرانے کی حقدار ہیں۔ اگر آپ کو کوئی پیچیدگی ہے تو آپ اپنے ماہر ڈاکٹر سے مفت مدد حاصل کرنے کا حق رکھتی ہیں اور اگر آپ کو کوئی پریشانی ہو تو آپ ہمیشہ اپنے ماہر ڈاکٹر کو ملنے کی درخواست کرسکتی ہیں۔

### اگر آپ کام کررہی ہیں تو آپ کو ان معائنوں کے لئے چھٹی کا حق ملتا ہے۔

کیا مجھے زچگی کی خدمات کے لئے پیسے ادا کرنے پڑیں گے؟
نہیں آپ زچگی کی مفت خدمات کی حقدار ہیں، اگر آپ حاملہ ہوں تو آپ درج ذیل چیزوں کی مفت حقدار ہیں:۔

- دانتوں کی نگہداشت (علاج)
- مفت نسخے والی دوائیاں
- آنکھوں کے علاج کے کم اخراجات

## شیر خوار بچوں کے لئے خدمات

### میں اورمیرا بچہ پیدائش کے بعد کیا خدمات حاصل کریں گے؟

دایہ آپ کے بچے کی پیدائش کے28دنوں کے بعد آپ کا اور آپ کے بچے کا دھیان رکھیں گی- وہ آپ کے گھر میں یہ چیک کرنے کے لئے آئی گی کہ آپ اورآپ کا بچہ صحت مند ہیں۔
آپ کے بچے کا ہسپتال میں سماعت کاایک ٹیسٹ ہوتا ہے۔
آپ کو بچے کی صحت کے ذاتی ریکارڈ (ایک سرخ کتاب) کو رکھنے کے لئے ایک کتابچہ دیا جائے گا جس میں یہ ریکارڈ رکھا جائے گا کہ آپ کا بچہ کیسا جارہا ہے اوراہم واقعات کی تازہ ترین صورتحال کے نوٹس بنائے جائیں گے۔
ہیلتھ ویزیٹرز جو تربیت یافتہ کمیونٹی کی نرسیں ہیں- آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد 10سے 14دن کے اندر آپ کو ملنے آئیں گی اورآپ کی یا آپ کے بچے کی صحت کے تمام شعبوں میں مدد دیں گی۔

### کیا میرے بچے کو ویکسی نیشن دے جائے گی؟

جی ہاں 8ہفتوں کے اندر آپ کے بچے کو پہلا حفاظتی ٹیکہ لگے گا- یہ ٹیکہ مفت لگے گا اور GPسینٹر پر لگائے جائیں گے۔
یہ حفاظتی ٹیکہ آپ کے بچے کو خناق، تشنج اورکالی کھانسی، پولیو، ہب (Meningitis) اور نمونیا کے متعدی مرض سے بچائے گا۔

### ان کو اگلی ویکسی نیشن کب دی جائے گی؟

- تیسرے اور چوتھے مہینے بیماریوں کے خلاف آپ کے بچے کوویکسی نیشن کو دوسرا اور تیسرا سیٹ دیا جائے گا۔
- بارہویں مہینے آپ کے بچے کو ایک ویکسی نیشن ہب کے خلاف اور ایک بوسٹر Meningitis کے خلاف دی جائے گی۔
- جب آپ کے بچہ کی عمر پندرہ سال ہوگی تو اسے ایک اور ویکسی نیشن دی جائے گی جسے MMRکہاجاتا ہے۔ یہ ویکسی نیشن آپ کے بچے کو تین دوسری بیماریوں (خسرہ، کن پھیڑاور Rubella سے بچائے گی۔ انھیں ایک نمونیا کی متعدی بیماری کے خلاف ایک بوسٹر بھی دیا جاتا ہے۔

## پیدائشی سرٹیفیکٹ

### مجھے اپنے بچے کے لئے کس قسم کے سرٹیفیکٹ کی ضرورت ہے؟

پیدائشی سرٹیفیکٹ کے دو فارم ہوتے ہیں۔ ایک چھوٹا فارم اورایک بڑا فارم۔ چھوٹا پیدائشی سرٹیفیکٹ ان کاموں میں استعمال ہوتا ہے جیسے سکول میں بچے کا نام داخل کرانا۔ قانون اور دوسرے مقاصد کے لئے ایک بڑے پیدائشی سرٹیفیکٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

# بچوں کی صحت اور سکول کی طرف سے صحت کی خدمات

بچوں اور خاندانوں کے لئے صحت کی مختلف خدمات ہیں (دیکھیے زچگی اور شیر خوارگی کی متعلق خدمات) جو سب کے لئے مفت دستیاب ہیں۔

## 16سال کے کم عمر بچے

### 16سال کے کم عمر بچے کس قسم کی خدمات کے حقدار ہیں؟

16سال کے کم عمر بچے (یا 19اگر وہ ریگولر مکمل وقت کے لئے تعلیم حاصل کررہے ہو) وہ کافی مفت خدمات کے حقدار ہیں۔ جس میں شامل ہیں:۔

- مفت نسخے کی دوائیں
- مفت /کم قیمت نظر کے متعلق خدمات
- مفت/کم قیمت دانتوں کا علاج

## سکول کی طرف سے صحت کی خدمات

### سکول میں بچے کس قسم کی صحت کی خدمات حاصل کرتے ہیں؟

سکول میں سکول نرسز تمام بچوں کو صحت کا معائنہ مہیا کرتی ہیں۔ اس میں شامل ہیں۔ حفاظتی ٹیکے ، آرام پہنچانے والی دوائیاں، آنکھوں کے ٹیسٹ ، کان کے ٹیسٹ، وزن کی پیمائش اور والدین کا وزن پیش کرنا ہے ان ٹیسٹوں پر اگر ان کی خواہش ہو۔

# بچے کی نشوونما

بچے کی نشوونما کا کیا مطلب ہے؟
بچے سے چلنا شروع کرنے تک بچے کی نشوونما، بچے سے 19 ،13سال تک نشوونما اور 13سے 19سال سے بالغ ہونے تک نشوونما عام طور پر ایک متوقع نمونے کے مطابق ہوتی ہے۔
بعض اوقات اس نشوونما کے نمونے میں تاخیر کر دی جاتی ہے۔ تاخیر ہلکی یا شدید ہوسکتی ہے۔

### اگر مجھے اپنے بچے کی نشوونما کے متعلق تشویش ہو تو میں کیا کروں ؟

اگر آپ کو اپنے بچے کے متعلق تشویش ہو تو آپ اپنے GP یا نرس سے بات کرسکتے ہیں۔

# نگرانی

بہت سے والدین کو کچھ وقت اپنے بچوں سے دُوررہنا پڑتا ہے۔ خواہ یہ کام پر جانے کی طرح طویل عرصہ وقت ہو یا سماجی سرگرمیوں کی طرح تھوڑا وقت ہو۔
آپ کے بچے کی دیکھ بھال کا مشکل ہوسکتا ہے اور بعض اوقات مہنگا بھی پڑسکتا ہے۔
بچے اپنی حفاظت کے لئے بالغوں پر بھروسہ کرتے ہیں اور والدین اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ دار ہیں کہ ان کے بچے خوش ہیں اور ان کی اچھی دیکھ بھال ہورہی ہے۔
کوئی ایسی مقررہ عمر نہیں جس میں بچے کو اکیلا چھوڑنا قانونی طور پر درست ہو۔ اس بات کا انحصار اِس امر پر ہے کہ آیا بچہ اس صورت حال سے نبٹنے کے لئے کافی پختہ ذہن ہے۔ بچے مُختلف عمروں میں پختہ ذہن ہوتے ہیں لیکن ذیل میں ایک عمومی رہنمائی دی گئی ہے کہ بچے کب اکیلے گھر پر چھوڑے جا سکتے ہیں۔

### کیا میں اپنے بچے کو اکیلا گھر پر چھوڑ سکتا ہوں؟

اپنے بچے کو اکیلا گھر پر چھوڑنا کبھی اچھا نہیں ہوتا۔ اور تو اور چند منٹوں کے لئے بھی بچوں کو اکیلا چھوڑنا بہتر نہیں ہوتا۔

Urdu Northern Ireland.indd 21 14/May/2009 14:36 14/May/2009

## کیا میں اپنے نوجوان بچے کو اکیلا گھر پر چھوڑ سکتا ہوں؟

نوجوان بچوں کو کبھی بھی اکیلا گھر پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ کم وقت کے لئے بھی نہیں۔ آپ یا دوسرے بالغ کے بغیر ایک گھنٹہ بھی اکیلے ہونے سے ہو سکتا ہے کہ وہ تحفظ کے امکانی خطرہ کاشکارہوجائے۔

## کیا میں اپنے بڑے بیٹے کو گھر میں اکیلا چھوڑ سکتا ہوں؟

14سال سے کم عمر بچوں کو تھوڑی دیر سے زیادہ گھر پہ اکیلا کبھی نہیں چھوڑنا چاہیے۔

## کیا میں اپنےکمر عمر بچے کو گھر پہ اکیلا چھوڑ سکتا ہوں؟

16سال سے اُوپر کے نوجوان بچوں کو اکیلا گھر پر چھوڑا جاسکتا ہے۔

## میرے بچے کو کس عمر میں نگہبان کی ضرورت ہوتی ہے؟

اگر آپ کو بچے کا نگہبان رکھنے کی ضرورت ہو تو آپ کو ہمیشہ اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کی عمر16سال سے زائد ہو اور ان سے دو حوالے لینے چاہیےتاکہ اس امر کی جانچ کی جاسکے کہ انھیں آپ کے بچوں کے ساتھ چھوڑنے پر وہ کافی ذمہ داری کا ثبوت دیں گے۔

# بچے کی نگہداشت

## اگر مجھے بچے کی فلاح و بہبود سے متعلق تشویش ہوتو میں کیا کروں؟

اگر آپ کو جذباتی، جسمانی یا جنسی بگاڑ سے متعلق تشویش ہو یا بچے کو نظر انداز کیےجانے کی تشویش ہو تو آپ درج ذیل سے رابطہ کرسکتے ہیں:۔

- اپنے مقامی HPPSٹرسٹ یا کمیونٹی آفس یا مرکز صحت میں آپ سماجی راہنما سے رابطہ کرسکتے ہیں (سوموار سے جمعہ ، صبح 9 بجے سےشام 5بجے تک)
- اِن اوقات سے علاوہ اگر آپ کو کوئی فوری تشویش ہو تو آپ سماجی کارکنوں سے رابطہ کرسکتے ہیں یا اس نمبر پر 999یا 112(موبائل سے) فون کرکے پولیس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

آپ درج ذیل ویب سائٹ پر سماجی کارکنوں کی فہرست تلاش کر سکتے ہیں۔
http://www.dhsspsni.gov.uk/child protection contacts

# مرد بچوں اور لڑکیوں کے ختنے

## مردبچوں کے ختنے

## کیا میں اپنے بیٹے کا ختنہ کراسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں پیدا ہونے والے مرد بچوں کے ختنے عام طور پر باقاعدگی سے نہیں کیے جاتے۔ تاہم یہودی، اسلامی اور افریقی کمیونٹیز کے بہت سے لوگ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوشش کرتے ہیں کہ ان کے مرد (بچوں) کے ختنے کرائے جائیں۔

## شمالی آئر لینڈ میں مردوں کے ختنے غیر قانونی نہیں ہیں لیکن یہ ایک تربیت یافتہ ڈاکٹر کے ہاتھوں ہونے چاہیں۔

اگر آپ اپنے مرد(بچوں) کے ختنے کرنا پسند کریں تو یہ اہم بات ہے کہ آپ اپنے GP سے طبی مشورہ حاصل کریں جو آپ کو طبی سروسز کےمرکز میں بھیجےگا جو ختنے کرسکیں۔

## آپ کے ڈاکٹر کو درج ذیل کے متعلق آپ کو مشورہ دینا چاہیے۔

- باقاعدہ شیر خوار (بچے) کا ختنہ جو سفارشی طریقے کے طور پر نہ ہو۔
- شیر خوار بچے اور بڑے بچے کے حقوق کے بارے میں اخلاقی لحاظ سےغورو فکر۔
- پیچیدگیوں اور امکانی نقصان کا خطرہ۔

ڈاکٹر آپ کی درخواست پر غور کرسکتا ہے اگر یہ مذہبی یا تہذیبی معاملے سے متعلق ہے۔

## خواتین (بچی) کا ختنہ

## کیا میں اپنی بیٹی کا ختنہ کراسکتا ہوں؟

نہیں۔ شمالی آئرلینڈ میں عورت (بچی) کا ختنہ قابل قبول کام نہیں ہے اور اگر کوئی یہ کرتا ہوا پایا گیا یا شمالی آئرلینڈ میں اپنی بیٹیوں کے لئے ایسا انتظام کرتے ہوئے پایا گیاتو ان پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔

# سماجی فلاح و بہبود کی خدمات

اُن والدین کے لئے جو رہائشی شرط پوری کرتے ہیں اورامیگریشن کنٹرول کے تابع نہیں ہیں تو وہ چائلڈ بینیفٹ (بچے کے لئے مراعات) کی طرح کے سماجی فوائد خود بخود وصول کرنے کے حقدار ہوسکتے ہیں۔

## امیگریشن کنٹرول

## امیگریشن کنٹرول سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

آپ بچے کی مراعات حاصل کرنے کے قابل نہیں ہوسکتے اگر آپ امیگریشن کنٹرول کے مطیع ہیں۔ بچے کی مراعات کےمقاصد کے لئے آپ امیگریشن کنٹرول کے مطیع ہیں۔ اگر ہوم آفس کہتا ہے کہ آئرلینڈ میں آپ کے داخل ہونے یا رہنے کی شرط یہ ہے کہ آپ پبلک فنڈز (سرکاری امداد) کی طرف رجوع نہ کریں یا اگر آپ کو یو کے (UK) میں داخل ہونے یا رہنے کی اجازت کی ضرورت ہو لیکن آپ نے اجازت نہ لی ہو۔

## عارضی رہائش، موجودگی اوررہنے کا حق

## عارضی رہائش سے آپ کا کیا مطلب ہے؟

عارضی رہائش عائد کی ہوئی ایک شرط ہے جس کا مطلب ہے کہ آپ عارضی طورپر شمالی آئر لینڈ میں رہتے ہیں اورآپ کا وہاں رہنے کا اراد ہے۔

## آپ عارضی رہائشی ہیں اگر:

- آپ کی بیوی اور بچے بھی شمالی آئرلینڈ میں رہنے کے لئے آچکے ہیں۔ یہ بات اس کو دکھا سکتی ہے کہ آپ اور آپ کی فیملی (خاندان) کا ٹھہرنے کا ارادہ ہے اوراس لئےآپ عارضی رہائشی ہیں۔
- اگرآپ شمالی آئرلینڈ میں ایک مستقل گھر رکھتے ہیں۔مثال کے طو رپر آپ نے خرید لیا ہے یا ٹھیکے پر گھر لے لیا ہے تو اس سے پتا چلتا ہے کہ آپ ایک عارضی رہائشی ہیں۔ اس کا لازمی طور پر مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ عام رہائشی نہیں ہیں اگر آپ نے مکان یہاں خریدا نہیں ہے یا کرائے پر نہیںلیا ہے۔ اس کی دوسری وجوہات بھی ہوسکتی ہیں مثلاً ذرائع کی کمی۔
- اگر آپ 3سال سے زیادہ شمالی آئرلینڈ میں رہ چکے ہیں تو آپ کو عارضی رہائشی کے طور پر قبول کیا جاتا ہے۔ (لیکن آپ کو عارضی رہائشی بننے کے لئے اتنا طویل عرصہ یہاںنہیں رہنا پڑتا)۔

## موجودگی سے آپ کیا مطلب لیتے ہیں؟

موجودگی کا مطلب ہے کہ آپ کوعام طور پر شمالی آئرلینڈ میں ظاہری طو رپر موجود رہنا پڑتا ہے اور فائدے حاصل کرنے کے لئے رہائش رکھنے کا حق ہے۔

## رہائش کے حق سے آپ کیا مطلب لیتے ہیں؟

درج ذیل گروہ شمالی آئر لینڈ میں رہائش کا حق رکھتے ہیں اور بچوں کی مراعات لینےکے لئے دعویٰ کرسکتے ہیں۔

- یوکے (UK) کے تمام باشندے اور وہ لوگ جو (عام سفر کے علاقے) رہائش کا حق رکھتے ہیں (پورے UKپرلاگو ہوتا ہے۔ جمہوریہ آئرلینڈ، چینل جزیرے اور آئل آف مین) پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
- EEAکے تمام کارکن جو قانونی طور پر UKمیں کام کررہے ہیں۔
- تیسرے ملک کی شہریت رکھنے والے لوگ جن کو UKمیں رہنے کی لامحدود اجازت ہے۔
- A8یورپین یونین کے ممالک (جمہوریہ چیک، ایسٹونیہ، ہنگری، لیٹویا، لتھوانیا، پولینڈ، سلویکیا اور سلوینیا) کے لوگ دعویٰ کرسکتے ہیں اگر وہ شمالی آئرلینڈ میں 12ماہ سے زیادہ رہ چکے ہیں۔

## بچوں کی مراعات

### بچوں کی مراعات کیا ہیں؟

بچوں کی مراعات ہرایک اہل بچے کے لئے ایک ماہانہ ادائیگی ہے جو آپ کے ساتھ رہ رہا ہے اور آپ اس کی کفالت کررہے ہیں۔ ایک اہل بچہ وہ ہے:۔

- جو بچہ 16سال سے کم عمرکا ہو یا۔
- جو بچہ 19سال سے کم عمرکا ہو تو باقاعدہ (کل وقتی) تعلیم حاصل کررہا ہو یا
- 16یا 17سال سے کم عمر بچہ جس نے حال ہی میں سکول چھوڑا ہو اور کام کے لئے اسکی رجسٹریشن ہوگئی ہو اور ٹریننگ اور ایمپلائمنٹ ایجنسی سے اس کی تربیت ہو۔

### مجھے بچوں کی مراعات کا دعویٰ کیوں کرنا چاہیے؟

آپ کو دعویٰ کرنا چاہیے اور یہ اتنا جلدی کرنا چاہیے جیسے ہی آپ کا بچہ پیدا ہو یا آپ کے ساتھ رہنے کے لئے آئے۔ اگر آپ تاخیر کریں گے تو آپ کی مراعات ضائع ہوسکتی ہیں۔ آپ بچوں کی مراعات کے دفتر سے فون 0845 3021444 پر رابطہ کرکے ایک (کلیم پیک) حاصل کرسکتے ہیں۔
اگر آپ کا بچہ ابھی ابھی پیدا ہوا ہے تو آپ ہسپتال سے ایک کلیم پیک حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ کا بچہ شمالی آئرلینڈ میں پیدا ہوا ہو۔
آپ درج ذیل ویب سائٹ پر بھی بچوں کی مراعات کا دعویٰ کرسکتے ہیں۔
http://www.hmrc.gov.uk/forms/ch2.pdf

### میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ مزید معلومات ایچ آرریونیو اینڈ کسٹم کے معلوماتی کتابچہ سے لے سکتے ہیں‌جو اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے:۔
www.hmrc.gov.uk/childbenefit/ch5—notes.pdf

## مفید رابطے اور مزید معلومات

### شعبہ صحت ، سماجی خدمات اور تحفظ عامہ

پتہ Castle Buildings
Stormont Estate
Belfast BT4 3SQ
ویب سائٹ www.dhsspsni.gov.uk

### سنٹرل سروس ایجنسی

پتہ 2 Franklin Street
Belfast, BT2 8DQ
فون (028) 90324431
ویب سائٹ www.centralservicesagency.n-i.nhs.uk

فیملی پریکٹیشنرسروس(028) 9032 4431 سے رابطہ کریں اور جس شعبہ کی سروس درکار ہو ، اسے کے بارے میں پوچھیں:۔
ڈینٹل یا dental@csa.n-i.nhs.uk
میڈیکل یا medical@csa.n-i.nhs.uk
آنکھوں کا شعبہ یا ophthalmic@csa.n-i.nhs.uk

### کمیشن برائے انسانی برابری، آئرلینڈ

پتہ Equality House
7-9 Shaftesbury Square
Belfast BT2 7DP
فون (028) 90500600
ای میل information@equalityni.org
ویب سائٹ www.equalityni.org

### محتسب برائے شمالی آئرلینڈ

پتہ Freepost BEL 1478
Belfast BT1 6BR
فون (0800) 343424 [ مفت فون سروس]

### شمالی آئرلینڈ برائے رضاکارانہ اقدام (NICVA)

پتہ 61, Duncairn Gardens
Belfast BT15 2GB
فون (028) 9087 7777

## شمالی ٹرسٹ ایریا

### شمالی ٹرسٹ برائے صحت و سماجی نگہداشت

پتہ Equity Unit
The Cottage
5, Greenmount Avenue
Ballymena BT43 6DA
فون (028) 2563 3745

### شمالی بورڈ برائے صحت و سماجی خدمات

پتہ County Hall
182, Galgorm Road
Ballymena BT42 1QB
فون (028) 2531 1000

### شمالی کونسل برائے صحت و سماجی خدمات

پتہ Houston's Mill Site
10A, Buckna Road
Broughshane
Ballymena BT42 4NJ
فون (028) 2586 3950

### انٹیرمIntrim ایریا ہسپتال

فون (028) 9442 4000
ٹیکسٹ فون (028) 9442 4242
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

### کازوے Causeway ہسپتال

فون (028) 7032 7032
ٹیسکٹ فون (028) 7034 6188
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

### وائٹ ایبی Whiteabbey ہسپتال

فون (028) 9086 5181
اوقات کار:۔ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک [سوموار سے اتوار تک]

## جنوبی ٹرسٹ ایریا

### شمالی ٹرسٹ برائے صحت وسماجی نگہداشت

پتہ Equality Assurance Unit
The Bungalow
Lurgan Hospital Site
100, Sloan Street
Lurgan
Co. Armagh BT66 8NX
فون (028) 3831 6691

### شمالی بورڈ برائے صحت وسماجی نگہداشت

پتہ Tower Hill
Armagh BT61 9DR
فون (028) 3741 0041

**شمالی کونسل برائے صحت وسماجی نگہداشت**

پتہ Quaker Buildings
Lurgan
Co. Armagh BT66 8BB
فون (028) 3834 9900

**کرائیگاوان Craigavon ایریا ہسپتال**

فون (028) 3833 4444
ٹیکسٹ فون (028) 3861 2764
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

**ڈیزی ہل Daisy Hill ہسپتال**

فون (028) 3083 5000
ٹیکسٹ فون (028) 3083 5081
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

## بلفاسٹ ٹرسٹ ایریا

**بلفاسٹ ٹرسٹ برائے صحت وسماجی نگہداشت**

پتہ Knockbracken Healthcare Park
Saintfield Road
Belfast BT8 8BH
(0800) 22 88 44 [مفت فون سروس]

**مشرقی بورڈ برائے صحت و سماجی خدمات**

پتہ Champion House
12–22, Linenhall Street
Belfast BT2 8BS
فون (028) 9032 1313

**مشرقی کونسل برائے صحت و سماجی خدمات**

پتہ 1st Floor
McKelvey House
25–27, Wellington Place
Belfast BT1 6GQ
فون (0800) 917 0200
ٹیکسٹ فون (028) 9032 1285

**رائل وکٹوریہ ہسپتال**

فون (028) 9024 0503
ٹیکسٹ فون (028) 9063 3883
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

**رائل وکٹوریہ ہسپتال برائے امراض چشم**

فون (028) 9024 0503
ٹیکسٹ فون (028) 9063 3883
اوقات کار:۔ صبح 9 بجے سے شام 3 بجے تک [سوموار سے جمعہ تک]

**رائل وکٹوریہ ہسپتال برائے امراض اطفال**

فون (028) 9024 0503
ٹیکسٹ فون (028) 9063 3883
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

**میٹر Mater ہسپتال**

فون (028) 9074 1211
ٹیکسٹ فون (028) 9080 2557
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

**بلفاسٹ سٹی ہسپتال**

فون (028) 9032 9241
ٹیکسٹ فون (028) 9023 9581
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

## جنوب مشرقی ٹرسٹ ایریا

**جنوب مشرقی ٹرسٹ برائے صحت و سماجی نگہداشت**

پتہ Thompson House Hospital
19–21, Magheralave Road
Lisburn
Co. Antrim BT28 3BP
فون (028) 9266 9111

**مشرقی بورڈ برائے صحت و سماجی خدمات**

پتہ Champion House
12–22, Linenhall Street
Belfast BT2 8BS
فون (028) 9032 1313

**مشرقی کونسل برائے صحت و سماجی خدمات**

پتہ 1st Floor
McKelvey House
25–27, Wellington Place
Belfast BT1 6GQ
فون (0800) 917 0200
ٹیکسٹ فون (028) 9032 1285

**السٹر Ulster ہسپتال**

فون (028) 9056 4875
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

**لاگن ویلی Lagan Valley ہسپتال**

فون (028) 9266 5141
ٹیکسٹ فون (028) 9260 3120
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

## مغربی ٹرسٹ ایریا

**مغربی ٹرسٹ برائے صحت و سماجی نگہداشت**

پتہ Equality and Human Rights Unit
Tyrone and Fermanagh
Donaghanie Road
Omagh BT79 0NS
فون (028) 8283 5278

<u>مغربی بورڈ برائے صحت و سماجی خدمات</u>

پتہ 15, Gransha Park
Clooney Road
Londonderry BT47 6FN
فون 0086 7186 (028)

<u>مغربی کونسل برائے صحت و سماجی خدمات</u>

پتہ 'Hilltop' Tyrone and Fermanagh Hospital
Omagh
Co. Tyrone BT79 0NS
فون 2555 8225 (028)

<u>ارنی **Erne** ہسپتال</u>

فون 2000 6638 (028)
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

<u>ٹائیرون کونٹی ہسپتال</u>

فون 3100 8283 (028)
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

<u>النا گلون **Altnagelvin**ہسپتال</u>

فون 0503 7134 (028)
ٹیکسٹ فون 1298 7161 (028)
اوقات کار:۔ ایمرجنسی شعبہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

حفظان صحت کے لئے مفید مراسلے

ترجمان کےلئے جی پی[جنرل پریکٹیشنر] کو مراسلہ

## حفظان صحت کے لئے مفید مراسلے

<u>ترجمان کےلئے جی پی[جنرل پریکٹیشنر] کو مراسلہ</u>

خ

محترم جی پی

میں نے مورخہ.........................................................بوقت...........
.................................اے ایم /پی ایم
آپ سے ملاقات کرنے کا وقت لیا ہے۔

کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ آپ اس ملاقات کے لیے کسی ترجمان کا انتظام کرسکتے ہیں جو وہاں.............................موجود رہے۔

دستخط...........................................................................................
[والد / سرپرست]

## کلیدی الفاظ

سکول
سکو ل کا بیگ
ٹیچر
سکول کا کیلنڈر
کلاس
پرنسپل
رجسٹر
یونیفارم

## اہم حقائق

بچوں کو 4سے 16 سال کی عمر میں سکول ضرور جاناچاہیے (بچے اگر یکم جولائی کو چار سال کے ہوجائیں تو وہ ستمبر میں سکول پڑھنا شروع کردیتے ہیں) ۔
لازمی تعلیم کو4 درجات میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔
بنیادی درجہ :۔ یہ درجہ ایک سے 2سال کی عمر میں ہوتا ہے ۔
پہلا درجہ : ۔ 3 سے 4 سال کی عمر میں ہوتا ہے۔
دوسرا درجہ :۔ 5 سے 7 سال کی عمر میں ہوتا ہے ۔
تیسرا درجہ :۔ 8 سے 10 سال کی عمر میں ہوتا ہے
چوتھا درجہ : ۔ 11 سے 12 سال کی عمر میں ہوتا ہے ۔
بچوں کی 8،11 اور 14 سال کی عمر میں ایک شماریاتی اور قانونی جائزہ لیاجاتا ہے ۔
11 سال کی عمر میں بچوں کو پرائمری سے سکینڈری سکول میں منتقل کیا جاتا ہے ۔ منتقلی کا نظام حال ہی میں شمالی آئرلینڈ میں تبدیل کیا جارہا ہے ۔آپ چیک کرسکتے ہیں کہ آپ کا بچہ سکول یا اپنے استاد کے ساتھ کس طرح منتقل ہوتا ہے ۔
سکول میں ہرسال کے اختتام پر والدین کو رپورٹ موصول ہوتی ہے کہ بچہ سکول میں اپنے مضامین اور دیگر مہارتوں میں کیسا جارہا ہے۔رپورٹ میں والدین کو یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ انہیں اپنے بچے کی کن شعبہ جات میں بہتری کے لئے کام کرنا ہے ۔

## پری سکول کیا ہے؟

شمالی آئرلینڈ میں سکول سے پہلے کی تربیت ضروری نہیں ہے تاہم یہاں ہر بچہ ایک سال تک سکول جانے سے پہلے پری سکول سروس حاصل کرتا ہے ۔

### بچے کب پری سکول جاتے ہیں؟

پری سکول کی تربیت بچے اس عمر میں حاصل کرتے ہیں جب ستمبر میں سکولوں کے داخلے سے پہلے وہ یکم جولائی تک تین سال کے ہوجائیں ۔

### پری سکول کا مقصد کیا ہے ؟

سکول سے پہلے کی تربیت کا مقصد بچے کو سکول کی زندگی سے متعارف کرانا اور گھر اور سکولِ کے درمیان پائے جانے والے فرق میں ایک پل کا کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔بچے عموماً سکول جانے سے پہلے اس تربیت کے دوران خاص قسم کے کھیل سیکھتے ہیں اور انہیں یہاں دوسرے بچوں کے ساتھ رابطے کا ایک موقع ملتاہے۔

### بچے کو پری سکول میں کتنا وقت دینا ہوتا ہے ؟

عام طور پر بچے کو ہفتے میں پانچ دن اڑھائی سے ساڑھے چار گھنٹے کا وقت دیناہو تا ہے ۔ نوٹ :عام طور پرصرف ایک جگہ بچے کا جانا مفت ہوتا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا بچہ پری سکول جاسکتا ہے یا پھر پلے گراؤنڈ جاسکتا ہے ۔ دونوں جگہوں پر بچہ مفت نہیں جاسکتا ۔
تاہم مفت ادارے محدود ہوتے ہیں‌اوران کی تعداد ہرعلاقے میں مختلف ہوتی ہے ۔مزید معلومات کے لئے آپ مقامی ایجوکیشن اور لائبریری بورڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں ۔

## میں اپنے بچے کو سکول میں داخلہ کس طرح دلاسکتا ہوں ؟

### میں اپنے بچے کے لئے ایک پرائمری سکول کس طرح تلاش کرسکتا ہوں ؟

آپ اپنے بچے کو اپنی پسندِ کے مقامی سکول میں، اگر وہاں جگہ ہوتو ، بھیج سکتے ہیں ۔اکثر پرائمری سکول ان تمام بچوں کو داخلہ دے دیتے ہیں جن کی درخواست آتی ہے لیکن مقامی سکول میں گنجائش موجود ہونے کی کوئی ضمانت نہیں ہے ۔
ہرایجوکیشن اینڈ لائبریری بورڈ کے پاس آپ کے علاقے کے تمام سکولوں کی ایک فہرست ہوتی ہے ۔ ایجوکیشن اینڈ لائبریری بورڈ کے ساتھ رابطہ کرنے کے لئے تفصیلات اس باب کے آخر میں دی گئی ہیں ۔

### پرائمری سکول میں میرے بچے کے داخلے کا کیا طریقہ کار ہے ؟

اپنے بچے کو داخل کرانے کے لئے آپ کو ایک درخواست فارم پر کرنا ہوتا ہے جس میں آپ کواپنی ترجیح کے تین سکول بتانے ہوتے ہیں ۔
سکولوں سے متعلق معلومات اور درخواست فارم آپ کے علاقے کے ایجوکیشن اینڈ لائبریری بورڈ میں دستیاب ہیں ۔

### مجھے اپنے بچے کو کب سکول داخل کرانا چاہیے ؟

جس سال آپ نے اپنے بچے کو ستمبر میں داخل کرانا ہو، آپ کواُ س سال جنوری تک درخواست فارم پر کرنا ہوتا ہے ۔
اگر آپ اپنا درخواست فارم دیر سے بھیجتے ہیں تو اس پر تمام فارموں کے آخر پر غور کیا جائے گا اور ہوسکتا ہے آپ کو اپنی پسند کا سکول نہ ملے ۔

### کیا ایک پرائمری سکول کے انتخاب کے اثرات بچے کی اگلے درجے کی تعلیم پر پڑتے ہیں ؟

پرائمری سکول کاانتخاب کرتے وقت آپ کو پرائمری سکول سے اگلے درجے کے سکولوں کی داخلہ پالیسیوں کے بارے میں جاننا ہوگا ۔ پرائمری سے اگلے درجے کے کچھ سکول بعض مخصوص پرائمری سکولوں کے طلباءکو ترجیح دیتے ہیں ۔

### میرے بچے کو کس کلاس میں داخل کیا جا ئے گا ؟

پہلی مرتبہ سکول داخل ہونے والے بچے کو پرائمری سکول کے سال اول میں داخل کیا جائے گا ۔اگر آپ کے بچے نے اس سے پہلے کسی اور ملک میں سکول میں کچھ پڑھا ہو تو اس کی سابقہ تعلیم اور عمر کے حساب سے اس کا فیصلہ کیا جائے گا ۔اس صورت میں پرنسپل آپ اور متعلقہ استاد سے مل کر آپ کے بچے کی کلاس کے بارے میں فیصلہ کرے گا ۔

## سکول اور حاضری کے سلسلے میں اپنے بچے کی معاونت کرنا

<u>بچے کی معاونت کرنا</u>

### شمالی آئرلینڈ میں بچے کی تعلیم کے سلسلے میں والدین کا کیا کردار ہے ؟

والدین یا ورثا ءبچے کو خود بنیادی تعلیم دیتے ہیں ۔ آپ کے بچے کی تعلیمی بہتری کے لئے گھر کی معاونت انتہائی اہم ہوتی ہے ۔

### میں اپنے بچے کی معاونت کیسے کرسکتا/سکتی ہوں ؟

آپ اپنے بچے کی معاونت کے لئے آپ درج ذیل اقدامات کرسکتے ہیں

- آپ کا بچہ جوکچھ سکول میں کرتا ہے، اس میں آپ کا دلچسپی لینا
- اپنے بچے کی تعلیمی بہتری کے لئے متعلقہ سکول کے ساتھ مشاورت کرنا
- والدین اور اساتذہ کی میٹنگ میں شرکت کرنا
- کسی قسم کے خدشات کی صورت میں اساتذہ سے مشاورت کرنا
- ہر موقع پر اپنے بچے کی تعریف کرنا ، آپ کی حوصلہ افزائی سے آپ کا بچہ اپنی مزید بہتری کے لئے کوشش کرے گا

### والدین اور اساتذہ کی میٹنگ کیا ہوتی ہے ؟

والدین اور اساتذہ کی میٹنگ میں آپ کے بچے کی سکول میں صورتحال پر بات چیت کی جاتی ہے ۔

## حاضری

### حاضری کے سلسلے میں میرا کیا کردار ہے ؟

بطور والدین آپ کواس امر کو یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کا بچہ ہرروز سکول جاتا ہے ۔ بچہ اگر تندرست نہیں ہے یا بیمار وغیرہ ہے تو اسے سکول نہیں جانا چاہیے ۔
اگر آپ کا بچہ سکول نہیں جاسکتا تو آپ کو ایک درخواست کے ذریعے سکول کو بتانا ہوگا کہ وہ کیوں سکول حاضر نہیں ہوسکتا۔

### کیا میں کلاسز کے دوران اپنے بچے کو چھٹیاں کراسکتا ہوں ؟

کلاسز کے دوران اپنے بچے کو چھٹیاں کرانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی پڑھائی سے متعلق اہم چیزیں نہیں پڑھ سکے گا ۔ بعد میں اس کے لئے چیزوں کو سمجھنا مشکل ہوجائے گا ۔ نتیجتاً بچہ پڑھائی میں پیچھے رہ سکتا ہے اور وہ اپنی صلاحیتوں کے سلسلے میں اعتماد کھوسکتا ہے ۔

### اگر میرا بچہ زیادہ چھٹیاں کرے تو سکول کیا کرے گا ؟

قانون کے مطابق والدین سکول میں بچے کی باقاعدہ حاضری اور اسے سکول میں بروقت پہنچانے کے ذمہ دار ہوتے ہیں ۔ والدین کوایک بچے کی حاضری میںپائی جانے والی بے قاعدگی پر ایک ہزار یورو جرمانہ ہوسکتا ہے۔ایجوکیشن اینڈ لائبریری بورڈ ایجوکیشن سپرویژن آرڈر کے لئے بھی رجوع کرسکتا ہے ۔

# پرائمری سکول

### سکولوں کی کون سی مختلف اقسام ہوتی ہیں ؟

شمالی آئرلینڈ میں تعلیمی نظام مختلف اقسام کے سکولوں پر مشتمل ہے جن کو انتظامی کمیٹیاں کنٹرول کرتی ہیں ۔

- باضابطہ سکول یہ سکول ایجوکیشن اینڈ لائبریری بورڈ اور بورڈ آف گورنرز کے زیرانتظام ہوتے ہیں ۔
- کفالتی سکول یہ سکول کیتھولک کونسل برائے کفالتی سکول اور بورڈ آف گورنرز کے زیرانتظام ہوتے ہیں ۔
- جامع سکول یہ سکول شمالی آئرلینڈ کونسل برائے جامع تعلیم کے زیرانتظام چلائے جاتے ہیں ۔v

### کیالڑکے اور لڑکیاں ایک ہی سکول میں جاتے ہیں ؟

لڑکوں کے مخصوص سکولوں میں صرف لڑکوں کو اور لڑکیوں کے مخصوص سکولوں میں صرف لڑکیوں کو پڑھایا جاتا ہے ۔ مخلوط سکولوں میں لڑکو ں اور لڑکیوں کو اکٹھا پڑھایا جاتا ہے ۔

### سکول کون چلاتا ہے ؟

پرنسپل ٹیچر ( جو ہیڈ ٹیچر ہوتا ہے ) سکول کو چلانے کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔یہ پرنسپل بورڈ آف گورنرز کو جوابدہ ہوتا ہے ۔
پرنسپل مرد یا عورت ہوسکتی ہے ۔

# ایک پرائمری سکول کیا ہوتاہے ؟

### پرائمری سکول میں تعلیم کتنا عرصہ جاری رکھی جاتی ہے ؟

پرائمری تعلیم7 سال پر مشتمل ہوتی ہے جسے تین بنیادی درجات میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔
اساسی درجہ: ( P–1, P–2 )
بنیادی درجہ 1: (P3, P4)
بنیادی درجہ 2: (P5 , P6 ,P7 )
یہ3 درجات پہلے سال سے ساتویں سال تک لازمی تعلیم کا احاطہ کرتے ہیں ۔

### میرا بچہ پرائمری سکول میں کیا سیکھے گا ؟

پرائمری سکول میں پڑھائے جانے والے نصاب میں کوشش کی جاتی ہے کہ بچہ سیکھنے کے عمل سے محبت کرے اور اس میں یہ خوبی ساری زندگی برقرار رہے ۔ یہ سکول بچے کے لئے ایک خوشگوار اور دلچسپ جگہ ہوتی ہے ۔
پرائمری سکول کا نصاب سیکھنے سے متعلق 6 امور پر مشتمل ہوتا ہے ۔
زبان ، خواندگی اور ہندسوں کی پہچان (پڑھنا ،لکھنا ، ریاضی اور انگلش ) سب سے زیادہ اہم ہوتے ہیں ۔
بچے سکول میں فنون لطیفہ ، جغرافیہ ، تاریخ اور سائنس و ٹیکنالوجی کے بارے میں بھی سیکھتے ہیں ۔
اس تعلیم سے بچے کو ذاتی بہتری اور دوسرے بچوں کے ساتھ ہم آہنگی کے ذریعے سماجی طور طریقے سیکھنے میں بھی مدد ملتی ہے ۔
جسمانی تعلیم بھی اہمیت کی حامل ہے جس میں کھیل اور ورزش وغیرہ شامل ہیں ۔

### میرے بچے کے سیکھنے کے عمل کا جائزہ کس طرح لیا جاتا ہے ؟

جائزے کا مطلب ٹیسٹ یا کسی دوسرے طریقے سے اس بات کو چیک کرنا ہوتا ہے کہ بچے نے کیا سیکھا ہے اور وہ کیا جانتا ہے ؟ اس طرح استاد جان سکتا ہے کہ بچہ کیسا چل رہا ہے اور کسی خاص مضمون میں اس کے سیکھنے کی رفتار کیا ہے ۔
شروع کے سالوں میں باضابطہ طورپر جائزہ نہیں لیا جاتا اوریہ کام والدین اوراستاد بچے پر مسلسل نظر رکھ کر کرلیتے تھے ۔
پرائمری سکول میں استاد آپ کے بچے کے سیکھنے کے عمل کو جانچنے کے لئے کئی مختلف طریقے استعمال کرتا ہے ۔ ان طریقوں میں ٹیسٹ ، ٹاسک ، پراجیکٹ ورک اور پورٹ فولیوز شامل ہیں۔

### معیاری ٹیسٹ کیا ہوتے ہیں ؟

معیاری ٹیسٹ لینے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ آپ کے بچے ملک کے دیگر بچوں کے مقابلے میں پڑھائی میں کیسے جارہے ہیں ؟
4 سے 7 سال کے دوران آغاز پر ہی بچے کی پڑھنے کی صلاحیت اور ہندسوں کے بارے میں اس کے علم کا جائزہ لیا جاتا ہے ۔

# سکینڈری سکول کیا ہوتا ہے ؟

### پرائمری کے بعد تعلیم کیسے دی جاتی ہے ؟

شمالی آئرلینڈ میں لازمی سکینڈری تعلیم کے2 درجے ہوتے ہیں ۔
بنیادی درجہ 3
بنیادی درجہ 4

### بنیادی درجہ 3:

( 8 سے 10 سال )

### بنیادی درجہ 3 کیا ہوتاہے ؟

بنیادی درجہ3 پرائمری تعلیم کے بعد پہلا مرحلہ ہوتاہے ۔ اس مرحلے کو طلباء11سے 12 سال کی عمر میں شروع کرتے ہیں اور13 سے 14سال میں مکمل کرتے ہیں ۔یہ مرحلہ 3 سال پر مشتمل ہوتا ہے۔( 8، 9 اور 10 سال)۔

### میرابچہ بنیادی درجہ 3میں کیا پڑھتا ہے ؟

بنیادی درجہ 3میں بچے کی مہارت میں بہتری ، تخلیق اور انٹرپرائز پر زور دیا جاتا ہے ۔
سیکھنے کے شعبہ جات کو 8 مختلف حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جو درج ذیل ہیں: ۔
فنون لطیفہ ، انگریزی ، ماحول اور معاشرہ ،ریاضی ، جدید زبانیں ، جسمانی تعلیم ،سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور مذہبی تعلیم ۔
بنیادی درجہ3 کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے :۔
.http://www.nicurriculum.org.uk/key—stage—3/index.asp

<u>بنیادی درجہ4 :</u>

(11سے 12سال )

### بنیادی درجہ 4 کیا ہوتاہے ؟

بنیادی درجہ 4لازمی پرائمری تعلیم کا دوسرا اور آخری مرحلہ ہوتا ہے ۔ طلباءبنیادی درجہ 4 کا آغاز14یا 15 سال کی عمر میں کرتے ہیں اور 16 یا17سال کی عمر میں اس کو مکمل کرلیتے ہیں ۔یہ2سال پر مشتمل ہوتا ہے۔ (11سے 12سال )

### میرا بچہ بنیادی درجہ 4 میں کیا پڑھتا ہے ؟

بنیادی درجہ 4 میں پڑھائی کے لئے 7 مضامین ہوتے ہیں:۔آرٹس ،زبان اور خواندگی ،ریاضی اور علم اعدادشماری ، ماحول اور معاشرہ ، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ، جدید زبانیں اورزندگی اور کام کے لئے تعلیم ۔
14سال کی عمر میں طلباءجنرل سرٹیفیکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشنGCSE کو جاری رکھنے کے لئے مضامین کا انتخاب کرتے ہیں ۔

### کیا بنیادی درجہ 4 کے دوران کوئی امتحانات بھی ہوتے ہیں ؟

جی ہاں ، شمالی آئرلینڈ میں لازمی سیکنڈری تعلیم کے لئے ریاست کی طرف سے جنرل سرٹیفیکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشنGCSE کا ایک امتحان لیا جاتا ہے جو جون کے مہینے میں ہوتا ہے ۔

## لازمی تعلیم کے بعد

### جنرل سرٹیفیکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشنGCSE کے امتحان کے بعد کیا ہوتا ہے ؟

جنرل سرٹیفیکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشنGCSE کا امتحان شمالی آئرلینڈ میں لازمی تعلیم کی تکمیل کو واضح کرتا ہے ۔اس کے بعد وہ طلباءجو مزید تعلیم حاصل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں انہیں مزید2سال پڑھنا پڑتا ہے جس کے اختتام پر انہیں اے لیول(Advance Level) کا امتحان دینا ہوتا ہے ۔
اے لیول A Levelکے نتائج طلبا ءکی مزید اور اعلیٰ تعلیم کے لئے بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

### وہ کون سے مضامین پڑھتے ہیں ؟

طلباءعام طور رپر اے لیول میں3سے 4مضامین لیتے ہیں جس کامزید یا تیسرے لیو ل کی تعلیم کے داخلے کے لئے امتحان لیا جاتا ہے۔

### طلباءکس عمر میں سکول کی تعلیم مکمل کرتے ہیں؟

وہ طلباءجو اے لیول کا امتحان دینا چاہتے ہیں وہ سکینڈری سکول کی تعلیم18سے 19 سال میں مکمل کریں گے ۔

## مجھے دیگر کون سی معلومات جاننے کی ضرورت ہے ؟

## سکول کا سال

### سکول کے سال کا ڈھانچہ کیا ہوتا ہے ؟

ایک پرائمری سکول میں تین ٹرمز ہوتی ہیں ۔ پہلی ٹرم ستمبرکے آغاز سے وسط دسمبر( کرسمس) تک ہوتی ہے ۔دوسری ٹرم جنوری سے مارچ یا اپریل ( ایسٹر) تک ہوتی ہے۔ تیسری ٹرم ایسٹر کے بعد شروع ہوکر جون کے اختتام پر مکمل ہوتی ہے ۔
ایک سیکنڈری سکول کی بھی3 ٹرمزہوتی ہیں ۔پہلی 2 ٹرمزپرائمری سکول کی طرح ہوتی ہیں جبکہ تیسری ٹرم مئی کے اختتام پر مکمل ہوتی ہے ۔
ٹرمز کے درمیان میں چند دنوں یا ہفتے کی چھٹیاں بھی ہوتی ہیں جنھیں ہاف ٹرم کہا جاتا ہے ۔

### میرے بچے کے سکول میں چھٹیوں ہونے کے بارے میں مجھے کیسے معلوم ہوگا ؟

سکول میں سال کے آغاز پر( یا جب آپ اپنے بچے کو داخل کراتے ہیں )آپ کو انتظامیہ کی طرف سے ایونٹس کا ایک کیلنڈر دیا جائے گا جس میں سال کے دوران جب سکول بند رہے گا اس کی تمام تفصیل موجود ہوگی ۔ سال کے دوران مزید چھٹیاں آنے پر آپ کو مطلع کیاجائے گا۔

## سکول کادن

### سکول کتنے وقت کے لئے ہوتا ہے ؟

سکول میں 8 سال سے کم عمر بچوں کے لئے کم ازکم 3 گھنٹے کا وقت ہوتا ہے جبکہ دیگر تمام بچوں کے لئے ساڑھے چار گھنٹےِ کا وقت ہوتا ہے ۔
سکول کا وقت سکینڈری سکول میں نسبتاً طویل ہوتا ہے ۔ آپ کو سکول کے وقت کے بارے میں تفصیلات کے لئے انتظامیہ سے پوچھنا پڑے گا کیونکہ یہ وقت مختلف سکولوں میں مختلف ہوتا ہے ۔
سکول پیر سے جمعہ تک کھلے ہوتے ہیں ۔

### کلاس کس وقت شروع ہوتی ہے ؟

کلاسیں صبح ساڑھے آٹھ بجے یا ساڑھے نوبجے شروع ہوتی ہیں جس کا انحصار سکول کی انتظامیہ پر ہوتا ہے ۔ آپ کے بچے کا بروقت سکول پہنچنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ اس لئے آپ سکول انتظامیہ سے کلاسز شروع ہونے کا وقت ضرور پوچھیں ۔

### میرے بچے کو کتنی مرتبہ بریک ملتی ہے ؟

دن کے دوران2مرتبہ بریک ہوتی ہے ۔ ایک بریک صبح (دن گیارہ بجے کے قریب)ہوتی ہے اور ایک بریک دوپہر کےکھانے کے وقت ( ساڑھے بارہ بجے کے قریب ) ہوتی ہے۔

## ہوم ورک (گھر کا کام)

### کیا میرے بچے کو پرائمری سکول میں ہوم ورک (گھر کا کام) کرنا پڑے گا ؟

سکول ہوم ورک کے سلسلے میں اپنی اپنی حکمت عملی اختیار کرتے ہیں ۔مثال کے طور پر کچھ سکولوں میں پہلی سے چھٹی کلاس کے بچوں کو ہرہفتے کے اختتام پر ہوم ورک دیا جاتا ہے ۔دیگر سکول چھوٹی کلاسز کو بہت تھوڑا سا پڑھنے کا کام اور حساب سے متعلق ہوم ورک دیتے ہیں ۔

### کیا میرے بچے کو سکینڈری سکول میں ہوم ورک کرنا پڑے گا ؟

جی ہاں ۔ سکینڈری سکول میں طلباءکو پرائمری سکول کی نسبت زیادہ ہوم ورک دیا جاتا ہے ۔ اس کے علاٍوہ انہیں امتحانات کے لئے بھی پڑھنا پڑے گا ۔سکینڈری سکول میں ہوم ورک پرعموما ایک طالبعلم کے 2سے3 گھنٹے لگتے ہیں

### میں ہوم ورک کے لئے اپنے بچے کی کس طرح مدد کرسکتا/سکتی ہوں ؟

اگر آپ کے بچے کو ہوم ورک ملتا ہے تو آپ کو اُسے ہوم ورک کے لئےِ دیگر سرگرمیوں سے فراغت دینی چاہیے اور اس کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔اگراسےآپ کی مدد کی ضرورت ہو تو وہ بھی ضرور کریں ۔ وقت نکال کر اپنے بچے سے بات کریں کہ وہ روزانہ سکول میں کیا کرتا ہے ۔
ایک خاص وقت مقرر کریں جب آپ کا بچہ سکون ٍسے پڑھائی کی میز پر بیٹھے اور اس دوران ٹی وی یاکسی قسم کی کوئی اور آواز اس تک نہیں جانی چاہیے ۔
ہوم ورک کے اوقات میں زبانی اور لکھنے پڑھنےِ دونوں کاموں کا وقتِ شامل ہونا چاہیے ۔زبانی کام ( بول کر پڑھنا ،یادکرنا اور اسے دہرانا )خصوصاً ابتدائی سالوں میں مددگار ثابت ہوتا ہے ۔
کتابیں اور کاپیاں صاف ستھری رکھنے کے معاملےِ پر اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کیجئےِ ۔ اگر آپ کا بچہ خود ہی کام کررہا ہے تو اسے اپنی مدد کی پیشکش کیجئے اور اس کے کام میں دلچسپی ظاہر کیجئے ۔
جب بھی موقع ملے اپنے بچے کی تعریف کریں‌اور اس کے ساتھ تحمل کے ساتھ پیش آئیں ۔

### اگر میرے بچے کو ہوم ورک میں مسائل درپیش ہوں تو کیا کرنا چاہیے ؟

اگر آپ کے بچے کوہوم ورک کے سلسلے میں مسائل درپیش ہوں تو اِس معاملے میں بچے کے استاد کے ساتھ بات کیجئے ۔اگرآپ کا بچہ کسی بھی وجہ َسے ہوم ورک نہیں کرسکتا تو یہ بات اس کے استاد کے علم میں لائیے ۔ایک مختصر نوٹ کے ذریعے واضح کیجئے کہ ایسا کیوں ہے ۔

### اگرمیرے بچے کو سکول میں کوئی مسئلہ ہوتو مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

پہلے آپ کو اپنے بچے سے بات کرنی چاہیے ۔مسئلہ اُس کی پڑھائی سے متعلق ، ذاتی نوعیت کا یا پھر سماجی نوعیت کا ہوسکتا ہے ۔ اگرآپ یہ مسئلہ گھر پر حل نہیں کرسکتے تو اس ضمن میں آپ بچے کے استاد کے ساتھ بات کرنے کے لئے اس سے وقت لیجئے ۔اگر اس سے بھی مسئلہ حل نہ ہوتو آپ پرنسپل سے بات کرنے کے لئے وقت لیجئے ۔

اگرآپ کا بچہ سکینڈری سکول میں ہے اور اُسے کوئی مسئلہ درپیش ہے تو پھر بھی متعلقہ استاد اور پرنسپل سے بات کیجئے۔

### زیرنگرانی پڑھائی کیا ہوتی ہے ؟

بعض سکول کچھ فیس کے بدلے سکینڈری سکول کے طلباءکو اپنی نگرانی میں پڑھانے کی پیشکش کرتے ہیں۔

سکول کے بعد یہ ایک طے شدہ پڑھائی کا وقت ہوتا ہے جب طلباءاپنا ہوم ورک کرسکتے ہیں ۔ طلباءکی نگرانی ایک مستند ٹیچر یا کوئی اور پڑھا لکھا ذمہ دار شخص کرتا ہے ۔ اپنے بچے کی سکول انتظامیہ سے پوچھئے کہ کیاوہ سکول ٹائم کے بعد اپنی نگرانی میں پڑھائی کراتے ہیں ۔

## سکولوں کے قواعد اور پالیسیاں

### سکولوں کے قواعد اور پالیسیوں سے کیا مراد ہے ؟

جیسا کہ پہلے واضح کیا گیا ہے کہ تمام سکولوں کے اپنے قواعد اور پالیسیاں ہوتی ہیںجن میں درج ذیل شعبے شامل ہیں: ۔

- اندراج یا داخلہ
- یونیفارم
- صحت مندانہ غذا
- ضابطہ اخلاق اور رویہ
- لڑائی جھگڑا

## اندراج یا داخلہ پالیسی

### اندراج یا داخلہ پالیسی کیا ہوتی ہے ؟

داخلہ پالیسی میں بچے کے سکول میں داخل ہونے سے متعلق قواعد و ضوابط ہوتے ہیں۔ وہ سکول جو تمام بچوں کو داخلہ نہیں دے سکتے ، ان کی عموما ایک داخلہ پالیسی ہوتی ہے۔ یہ پالیسی سکول کا بورڈ آف گورنرز تیار کرتا ہے۔ اس پالیسی کو شمالی آئرلینڈ کے ایکٹ برائے مساوی مرتبہ کے مطابق ہونا چاہیے جس کے مطابق آپ کے بچے کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جاسکتا ۔

## یونیفارم

### یونیفارم پالیسی کیا ہے ؟

شمالی آئرلینڈ میں اکثر سکولوںکی ایک یونیفارم پالیسی ہوتی ہے ۔اس کا مطلب ہے کہ تمام طلباءکو سکول میں لازما ایک یونیفارم پہننا پڑتا ہے ۔سکول انتظامیہ آپ کو تفصیلات فراہم کرے گی کہ آپ کے بچے کو کیا پہننا ہوگا ۔

### اگر ثقافتی وجوہات کی بنا پر میں چاہتا/چاہتی ہوں کہ میرا بچہ یونیفارم نہ پہنے تو کیا ہوگا ؟

اگرآپ کو ثقافتی وجوہات کی بنا پر اپنے بچے کو یونیفارم پہنانے میں کوئی مسئلہ ہے تو آپ کو اس بارے میں پرنسپل کے ساتھ بات کرنی چاہیے ۔

## صحت مندانہ غذا

### صحت مندانہ غذا کی پالیسی کیا ہے ؟

بیشتر سکولوں کی صحت مندانہ غذا سے متعلق ایک پالیسی ہوتی ہے ۔ سکولوں کے پاس کھانے کی چیزوں کی ایک فہرست ہوتی ہے جس کے مطابق بچوں کو دوپھر کے کھانے اوربریک کے دوران کھانے کے لئے صرف وہی چیزیں لانے کی اجازت ہوتی ہے ۔عام طور پر میٹھی چیزیں، ناقص کھانا اور کوکاکولاجیسے مشروبات کی ممانعت ہو تی ہے ۔

## ضابطہ اخلاق اور رویہ

### سکول بچوں کو نظم وضبط میں کیسے لاتے ہیں ؟

بچے جب محنت کرتے ہیں اور اچھے طریقے سے اپنا کام اور ہوم ورک کرتے ہیں تو اساتذہ ان کی تعریف کرتے ہیں ۔یہ تعریف بچوں کو اچھے کام کی جانب راغب کرنے میں مدد گار ثابت ہوتی ہے ۔

ہرسکول کا نظم و ضبط کا ایک ضابطہ ہوتا ہے اور والدین کو اس کی نقل فراہم کی جاتی ہے ۔ آپ اس ضابطے کو قبول کرنے کے پابند ہوتے ہیں اور آپ کو یہ بات یقینی بنانا ہوتی ہے کہ آپ کا بچہ اس ضابطے کو سمجھے اور اس پر عمل کرے۔ آپ کو بچے کے داخلے کے وقت اس ضابطے پر دستخط کرنے کے لئے کہا جائے گا ۔

اگرآپ کا بچہ قواعد کی مسلسل خلاف ورزی کرے گا تو استاد یا پرنسپل آپ کو اس بات سے آگاہ کریں گے۔ آپ کے پاس ایک موقع ہوگا کہ اس معاملے پر ان سے بات کریں۔ وہ آپ سے اس بات کی امیدرکھیں گے کہ آپ اپنے بچے کے رویے میں بہتری لانے کو یقینی بنائیں۔ آپ کو پہلے اپنے بچے سے بات کرکے اس معاملے کا جائزہ لینا چاہیے اور اگر ضروری ہوتو اس میں سکول ٹیچر کو بھی شامل کرلیں۔

سکول کے قواعد کی ایک سنجیدہ خلاف ورزی پر سکول انتظامیہ آخری حربے کے طورپر بچے کو نکال دے گی ۔یہ بہت کم ہوتا ہے اور ایک سخت فیصلہ ہوتا ہے۔ سکول انتظامیہ کو بچے کو نکالنے سے پہلے لازمی طورپر دیگر تمام آپشنز بروئے کار لانے چاہئیں ۔سکول کی طرف سے آپ کے بچے کو نکالنے کاایک نوٹس آپ کو بھیجاجائے گا۔ آپ اس ضمن میں بورڈ آف گورنرز کے رُوبرو اپیل کرسکتے ہیں۔ آخری صورت میں آپ مرکز قانون برائے بچگان یا شمالی آئرلینڈ کمشنربرائے اطفال و نوجوانان سے رجوع کرسکتے ہیں ۔

## لڑائی جھگڑا

### سکول میں لڑائی جھگڑے سے متعلق کیا اصول ہیں ؟

آئرلینڈ کے سکولوں میں جسمانی دھکم پیل ، دھمکی اور زبانی گالم گلوچ قابل قبول نہیں ہیں۔

سکولوں میں بعض اوقات اس طرح کے واقعات پیش آتے ہیں تاہم اس ضمن میں سکول کے اپنے ضوابط کار ہوتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو دوسرے بچے ڈراتے دھمکاتے ہیں یا وہ خود یہ کرتا ہے تویہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے۔ کسی بچے کو ڈرانے دھمکانے کا شکار نہیںبنانا چاہیے ۔

## اگر میرے بچے کو ڈرایا دھمکایا جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

دوسرے بچوں کے والدین کے ساتھ جھگڑا مت کریں ۔جو کچھ ہورہا ہواس کے بارے میں کلاس ٹیچر یا پرنسپل سے بات کریں او رمسئلے کو اس طرح حل کرنے کی کوشش کریں ۔اگرآپ اِسے سکول میں حل نہیں کرسکتے تو آپ تحقیقات کے لئے شعبہ تعلیم و سائنس سے رجوع کرسکتے ہیں ۔آپ محتسب برائے اطفال سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں ۔

### اگر میرا بچہ دوسرے بچوں کو ڈراتا دھمکاتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

اگرآپ کا بچہ دوسرے بچوں کو ڈراتا دھمکاتا ہے ، اس بات کوتسلیم کرنا ضروری ہے اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے ان کی مدد کریں ۔سکولوں کے سب سے بڑے مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ بنتا جارہا ہے کہ والدین اس بات کو تسلیم کریں کہ ان کا بچہ دوسرے بچوں کو ڈرانے دھمکانے میں ملوث ہے ۔

آپ درج ذیل اقدامات بھی کرسکتے ہیں :

- معاملے کو جاننے کی کوشش کیجئے۔ ( مثلاً گھر میں کسی بچے کی پیدائش ، کوئی موت یا دباؤ)۔
- اپنے بچے سے بات کیجئے اور اُسے یہ بات سمجھانے کی کوشش کیجئے کہ دوسرے بچے اس کے بارے میں کیا محسوس کرتے ہیں ۔
- بچے سے بات کرتے ہوئے پرسکون رہیے اور اپنے آپ کو جارحانہ رویے سے بچایئے ۔
- کلاس ٹیچر سے بات کیجئے ۔آپ کو معلوم ہوگا کہ ٹیچر مدد کرنا چاہتا ہے ۔آپ اور آپ کے بچے کے استاد کے خیالات ایک جیسے ہونا بہت ضروری ہے ۔

ان اقدامات کو طویل مدت تک جاری رکھنا فائدہ مند ہوگا ۔

دوسرے بچوں کو ڈرانے دھمکانے والے بچے اکثر اعتماد کی کمی کا شکار ہوتے ہیں ۔آپ اپنے بچے کی کامیابیوں کا دوسرے بچوں سے مقابلہ نہ کریں ۔جب وہ کسی کی مدد کریں یا کسی کے ساتھ کوئی مہربانی کریں تو ان کی تعریف کیجئے ۔

# تیسرا درجه اورمزید تعلیم

### تیسرے درجے میں تعلیم کا اہتمام کیسے کیا جاتا ہے ؟

تیسرے درجے کی تعلیم کو دو شعبوں‌میں تقسیم کیا جاتا ہے : ۔

- مزید تعلیم اور تربیت
- اعلیٰ تعلیم اور تربیت

آئرلینڈ میں محکمه تعلیم و ملازمت مزید اور اعلیٰ تعلیم کا ذمه دار ہوتا ہے ۔

## مزیدتعلیم

### مزید تعلیم کیا ہے ؟

یه وه تعلیم وتربیت ہے جو دوسرے درجے کے بعد دی جاتی ہے تاہم یه تیسرے درجے کے نظام کا حصه نہیں ہوتی ۔

### یه تعلیم کون حاصل کرسکتا ہے ؟

اگرآپ کی عمر 16 سال سے زیاده ہے تو آپ کل یا جزوقتی طور پر یه تعلیم حاصل کرسکتے ہیں ۔

### اس تعلیم کے کتنے کالج موجود ہیں ؟

شعبه جات کی بنیاد پر قائم مزید تعلیم کے6 کالج ہیں جو 2007 ءمیں‌مزید تعلیم کے 16 کالجوں کے ادغام کے نتیجے میں قائم کیے گئے ۔

### کیا مجھے اس تعلیم کے لئے فنڈز مل سکتے ہیں ؟

جی ہاں ، اگرآپ کی عمر 16سے 19 سال کے درمیان ہے تو آپ اس تعلیم کے لئے فنڈ حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ حصول تعلیم کا الاؤنس (EMA) حاصل کرسکتے ہیں جس میں60 یورو فی15 یوم تک کی اَمدادشامل ہوتی ہے ۔

### مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں ؟

اس تعلیم کے بارے میں آپ مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کرسکتے ہیں :۔
.www.delni.gov.uk/index/further-and-higher-education.htm

# اعلی تعلیم او ر تربیت

### اعلی تعلیم کیا ہے ؟

اعلی تعلیم یونیورسٹیوں ، یونیورسٹی کالجز آف ایجوکیشن اور مزید اور اعلی تعلیم کے انسٹی ٹیوٹس کے تمام کورسز پر مشتمل ہوتی ہے جن کومحکمه تعلیم و ملازمت کی طرف سے فنڈز دیئے جاتے ہیں ۔اس تعلیم کے لئے پرائیویٹ کالجز بھی ہیں ۔

### میرابچه اعلی تعلیم کیسے حاصل کرسکتا ہے ؟

اعلی تعلیم تک رسائی سکینڈری سکول کے آخرپر ہونے والے اے لیول امتحانات کے نتائج کی بنیاد پر ملتی ہے ۔

### اعلی تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں ؟

اعلی تعلیم کے بارے میں معلومات درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں ۔
www.delni.gov.uk/index/further-and-higher-education.htm

# بالغو ں کے لئے زبان کی کلاسز

### میں انگریزی کی کلاسیں کہاں لے سکتا/سکتی ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں بالغوں کے لئے انگریزی زبان کی کئی کلاسز ہوتی ہیں ۔
انگریزی زبان کی کلاسز کے لئے آپ کو معلومات مقامی لائبریری ، شہریوں کے مشاورتی بورڈ یا مقامی کمیونٹی سنٹر سے مل سکتی ہیں۔

# مفید رابطے

### شعبه تعلیم

پته Rathgael House
Balloo Road
Bangor BT19 7PR
فون (028) 91279279
ای میل mail@deni.gov.uk
ویب سائٹ www.deni.gov.uk

### کونسل برائے نصاب امتحانات و جائزہ

پته 29 Clarendon Road
Clarendon Dock
Belfast BT1 3BG
فون (028) 90261200
ای میل info@ccea.org.uk
ویب سائٹ www.ccea.org.uk

### بلفاسٹBelfastبورڈ برائے تعلیم و لائبریری

پته 27- 33 Upper Baggot St
Dublin 4
فون (01) 6070500
ای میل info@fas.ie
ویب سائٹ www.belb.org.uk

### جنوبی بورڈ برائے تعلیم و لائبریری

پته 3 Charlemont Place
The Mall,
Armagh BT61 9AX,
فون (028) 37512200
ای میل selb.hq@selb.org
ویب سائٹ www.selb.org

### جنوب مشرقی بورڈ برائے تعلیم و لائبریری

پته Grahamsbridge Road
Dundonald
Belfast BT16 2HS
فون (028) 90566266/7
ای میل info@seelb.org.uk
ویب سائٹ www.seelb.org.uk

### مغربی بورڈ برائے تعلیم و لائبریری

پته 1, Hospital Road
Omagh
County Tyrone BT79 0AW
فون (028) 82411411
ای میل info@welbni.org
ویب سائٹ www.welbni.org

### شمال مشرقی بورڈ برائے تعلیم و لائبریری

پته County Hall
182, Galgorm Road
Ballymena BT42 1HN
فون (028) 25653333
ویب سائٹ www.neelb.org.uk

# سکول کے لئے مفید مراسلے

## 1۔ سکول سے غیر حاضر ی سے متعلق ٹیچر کو والدین / سرپرست کی جانب سے مراسلہ

تاریخ

محترم ٹیچر

میرا بچہ مورخہ ......................کو سکول نہیں آئے گا کیونکہ اسے مندرجہ ذیل کے پاس جاناپڑے گا:۔

جی پی (جنرل پریکٹیشنر)................ ماہر دندان........................ ہیلتھ نرس.......................

دیگر........................

دستخط........................(والدین/سرپرست)

## 2۔ سکول سے جلد روانگی یا تاخیر سے آمد سے متعلق ٹیچر کو والدین / سر پرست کی جانب سے مراسلہ

تاریخ

محترم ٹیچر

میرے بچے کوبوقت ................ مورخہ.................. تک رخصت درکار ہو گی۔
میرا بچہ بوقت ................. مورخہ.................. تک سکول نہیں آئے گا۔

دستخط........................(والدین/سرپرست)

# اہم حقائق

شمالی آئرلینڈ میںخاندان کی تفریح کے لئے کئی سرگرمیاں ہوتی ہیں ۔یہاں ثقافتی ، سماجی اور کھیلوں سے متعلق سرگرمیوں کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔ سیر وتفریح سے متعلق آؤٹ ڈور (گھر سے باہر) سرگرمیوں کے لئے بہت سے مقامات ہیں جہاں آپ موسم ٹھیک ہونے کی صورت میں جاسکتے ہیں۔ بچوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ کھیل کود میں حصہ لیں کیونکہ اس سے انہیں جذباتی، ذہنی اور جسمانی طور پر اپنے آپ کو بہتر بنانے کا موقع ملتا ہے ۔

# اپنے خاندان کے لئے وقت نکالنا

## ایک شخص کا دن کس طرح تقسیم ہوتا ہے ؟

وسیع تناظر میں ایک شخص کے دن کو پانچ مختلف اوقات میں تقسیم کیا جاسکتا ہے :۔

*کام کے لئے وقت : یہ وقت کام کرنے ( پیسوں کے بدلے یا رضاکارانہ ) ،پڑھائی کرنے یا بچوں کی نگہداشت کا ہوتا ہے۔

*گھر کے لئے وقت : یہ وقت گھر کے کام کاج کا ہوتا ہے جس میں نہانا ، دھونا اور کھانا شامل ہیں ۔

*خاندان اور دوستوں کے لئے وقت : یہ وقت خاندان اور دوستوں کے ساتھ گزارنے کا ہوتا ہے ۔

*اپنے لئے وقت : یہ وقت اپنے لئے ہوتا ہے جس میں آرام کیا جاتا ہے، نیند پوری کی جاتی ہے یا ورزش کی جاتی ہے ۔

*سوچ بچار کا وقت : یہ وقت اپنی چیزوں کے بارے میں سوچنے کا ہوتا ہے ۔

## والدین کو کیا کرنا چاہیے ؟

والدین کے طور پرصرف چند گھنٹے فارغ وقت ملنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے پاس اپنے لئے وقت بہت کم ہے خاص طو ر پر جب آپ اپنے بچوںکی دیکھ بھال کررہے ہوتے ہیں ۔

تمام والدین اپنے بچوں کے ساتھ کافی وقت نہ گزارسکنے کی وجہ سے دباؤ کا شکار ہوتے ہیں لیکن کچھ ایسے آسان طریقے ہیں جن کی مدد سے آپ اپنے بچوں کے ساتھ معیاری وقت گزار سکتے ہیں جو 10منٹ پر مشتمل ہوتا ہے جسے آپ اپنے بچے سے اس کے دن کے بارے میں بات کرنے ، چہل قدمی پر جانے ، اکٹھے کھانا کھانے ، اکٹھے نہانا دھونے اور دیگر کاموں کے لئے صرف کرسکتے ہیں۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنے آرام ، تفریح اور کھیل کود کی سرگرمیوں کے لئے وقت نکالیں ۔ یہ تفریح آپ اکیلے بھی کرسکتے ہیں اور اپنے خاندان یا دوستوں کے ساتھ بھی کی جاسکتی ہے ۔

## بچوں کو کیا کرنا چاہیے ؟

بچے اپنے والدین سے ذرا مختلف وقت گزارتے ہیں کیونکہ انہیں اپنے لئے کمانا نہیں پڑتا ۔

بچوں کو بڑوں کی نسبت زیادہ نیند کی ضرورت ہوتی ہے اور نیند کا وقت ان کی عمر کے حساب سے ہوتا ہے ۔

## تفریحی سرگرمیاں میری فیملی کے لئے کس طرح فائدہ مند ہوتی ہیں ؟

خاندان کی تفریحی سرگرمیاں آپ کو اپنے بچے کے ساتھ ایک قریبی رشتہ استوار کرنے میں مدد گار ثابت ہوتی ہیں اور اس سے آپ ذاتی طور پر بھی لطف اندوز ہوتے ہیں۔اس سے آپ کے بچے کی جذباتی ، جسمانی اور ذہنی ترقی کی راہ بھی ہموار ہوتی ہے ۔

## کیا آئرلینڈ میں کوئی سماجی یا تفریحی سرگرمیاں ہوتی ہیں ؟

جی ہاں، آئرلینڈ میں لوگوں کے لطف اندوز ہونے کے لئے کئی سماجی اور تفریحی سرگرمیاں ہوتی ہیں ۔اکثر سرگرمیاں یا تو مفت ہوتی ہیں یا پھر ان پر کوئی زیادہ رقم خرچ نہیںکرنی پڑتی۔

## لائبریری

### عوامی لائبریریاں کیاخدمات فراہم کرتی ہیں ؟

شمالی آئرلینڈ میں عوامی لائبریریاں کئی مختلف خدمات فراہم کرتی ہیں ۔اگر آپ ان کے ممبر ہیں تو آپ کو درج ذیل سہولیات حاصل ہوں گی: ۔

- معلومات ، کتابیں ، میوزک ، ڈی وی ڈیز وغیرہ ۔
- مفت انٹرنیٹ کی سہولت۔
- مقامی ایونٹس یا کلاسز

### میں لائبریری کیسے جوائن کر سکتا ہوں ؟

لائبریری کی سہولیات تک رسائی کے لئے آپ کو ممبر بننا پڑے گا۔ لائبریری کا ممبر بننا بہت آسان ہے ۔

لائبریری میں شامل ہونے کے لئے آپ کو درج ذیل میں سے کوئی ایک کام کرنا ہوگا ۔

a) آن لائن درخواست فارم پُر کریں یا

b) اپنی مقامی لائبریری میںجاکر فارم پُر کریں ۔

آپ انٹرنیٹ کے ذریعے یا خود لائبریری میںجاکر فارم پُر کرتے ہیں تو آپ کو اپنی شناختی کا ثبوت اور پتہ ساتھ لے کر جانا چاہیے ۔

### مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں ؟

آپ کو مزید معلومات اس ویب سائٹ http://www.ni-libraries.net/ سے یا مقامی لائبریری سے مل سکتی ہیں ۔

# ثقافتی سرگرمیاں

## شمالی آئرلینڈ میں کون سی ثقافتی سرگرمیاں ہوتی ہیں ؟

شمالی آئرلینڈ کے طول وعرض میں بہت سی ثقافتی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ شمالی آئر لینڈ کی ایک طویل ثقافتی تاریخ ہے جس میں میوزک، رقص، ادب اور تھیٹر شامل ہیں ۔

## عجائب گھر

### مجھے اپنے بچے کے ساتھ عجائب گھر کیوں جانا چاہیے ؟

عجائب گھر میں اپنے بچے کے ساتھ وقت گزارنا ایک اچھی سرگرمی ہے کیونکہ اس سے بچے کو بہت کچھ جاننے کا موقع ملتا ہے۔ شمالی آئرلینڈ میں کئی میوزیم مفت ہیں اور اکثر یہاں بچوں کے لئے خصوصی معلومات فراہم کی جاتی ہیں جس سے بچے اور بڑے دونوں استفادہ کرسکتے ہیں۔

### شمالی آئرلینڈ میں کتنے عجائب گھر ہیں؟

شمالی آئرلینڈ میں چار اہم عجائب گھر ہیں۔ السٹر میوزیم ( Ulster Museum )، السٹر فوک اینڈ ٹرانسپورٹ میوزیم ( Ulster Folk and Transport Museum )، السٹر امریکن فوک پارک ( Ulster American Folk Park ) اور آ ر مگ کاؤنٹی میوزیم ( Armagh County Museum)۔ شمالی آئرلینڈ میں عجائب گھروں کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں ۔ www.magni.org.uk/

## میوزک

### کیا شمالی آئرلینڈ میں میوزک مقبول ہے ؟

جی ہاں ۔ شمالی آئرلینڈ میں موسیقی کی ایک مضبوط روایت ہے اور دنیا کے معروف بینڈز کی جدید میوزک کے علاوہ یہاں پر روایتی موسیقی اب بھی سنی اور گائی جاتی ہے ۔

### کیا میرے علاقے میں موسیقی کی کوئی پرفارمنس ہوتی ہے ؟

جی ہاں ،شمالی آئرلینڈ میں کئی Pubs ہیں جہاں شام یا دوپہر کے بعد خصوصی تقریبات ہوتی ہیں جہاں روایتی بینڈز اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ زیادہ تر یہ پرفارمنس مفت دکھائی جاتی ہے۔ آپ کو متعلقہ تقریب کے بارے میں یہ ضرور جان لینا چاہیے کہ آیا وہاں بچوں کو لے جایا جاسکتا ہے یا نہیں۔ تاہم عموماً شام ساڑھے سات بجے تک بچوں کو ایسی تقریبات میں خوش آمدید کہا جاتا ہے۔ یہ فیصلہ Pubs نے کرنا ہوتاہے کہ آیا 18 سال سے کم عمر کے بچے وہاں داخل ہوسکتے ہیں یا نہیں۔

### کیا آئرلینڈ میں کوئی کنسرٹس ہوتے ہیں ؟

آئرلینڈ اپنے کنسرٹس کے لئے ایک مقبول ملک ہے اور زیادہ تر معروف گلوکار اور بینڈز جب دنیا بھر میں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں تو وہ آئرلینڈ ضرور آتے ہیں۔کنسرٹس اگر بڑے پیمانے پر ہوں یا ان میں کوئی معروف بینڈز اپنے فن کا مظاہرہ کریں تو وہ مہنگے ہوسکتے ہیں۔ کنسرٹس کو اخبارات یا انٹرنیٹ پر مقررہ تاریخ سے چند ماہ پہلے مشتہر کیا جاتا ہے۔

### میں کلاسیکل موسیقی پسند کرتا ہوں ، یہ پرفارمنس مجھے کہاں ملے گی ؟

وہ لوگ جو کلاسیکل موسیقی یا اوپرا Operaسے لطف اندوز ہوتے ہیں, اُن کے لئے بھی کئی کنسرٹس ہال اور دیگر مقامات موجود ہیں ۔

### میوزک فیسٹیول کیا ہوتے ہیں ؟

آئرلینڈ کے طول وعرض میں کئی میوزک فیسٹیول منعقد کیے جاتے ہیں۔ ان فیسٹیول میں خاندانوں کو خوش آمدید کہا جاتا ہے لیکن5 سال سے کم عمر بچوں کو نہ لانے کی ہدایت کی جاتی ہے کیونکہ ان کے لئے وہاں کوئی سہولیات نہیں ہوتیں۔ وہ لوگ جو کلاسیکل موسیقی یا اوپرا Operaسے لطف اندوز ہوتے ہیں, ان کے لئے Belfast Waterfront Hall اوردیگر شہروں میں کئی دوسرے ہال موجود ہیں جہاں کنسرٹس اور پرفارمنس کی جاتی ہیں۔

## تھیٹر

### کیا شمالی آئرلینڈ میں کوئی تھیٹرز ہیں ؟

جی ہاں، شمالی آئرلینڈ میں کئی تھیٹرز ہیں جہاں مختلف عمرکے لوگوں کے لئے پروگرام ہوتے ہیں ۔بیشتر تھیٹرز میں بچوں کے لئے ڈرامے اور موسیقی کے پروگرام ہوتے ہیں جہاں خاندان کے لوگ جاتے ہیں۔

## فلم

### کیاشمالی آئرلینڈ میں سینما گھر ہیں ؟

جی ہاں شمالی آئرلینڈ میں کئی سینما گھر ہیں اور جہاں امریکہ اور دیگر ممالک میں ریلیز ہونے والی فلمیں فوری طور پر دکھائی جاتی ہیں۔ آئرلینڈ میں ایسے بھی سینما گھر ہیں جہاں زیادہ تر آرٹ فلمیں دکھائی جاتی ہیں اور اکثر فلمیں اپنی اصل زبان میں دکھائی جاتی ہیں تاہم اس کے ساتھ ساتھ انگریزی زبان میں اس کا ترجمہ بھی دکھایا جاتا ہے۔ شمالی آئرلینڈ میں ثقافتی سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کے لئے ایک اچھی ویب سائٹ درج ذیل ہے ۔
/http://www.culturenorthernireland.org

# کھیل اور تفریح

### کیا یہاں کھیل اور تفریحی سرگرمیاں ہوتی ہیں ؟

شمالی آئرلینڈ میں کھیلوں کی کئی سرگرمیاں ہوتی ہیں، اس ملک کی کھیلوں کے حوالے سے ایک طویل تاریخ ہے اور عالمی سطح پر کھیلوں کے کئی مقابلوں میں حصہ لیا جاتا ہے ۔ یہاں پر بچوں اور فیملی کے لئے کھیلوں کی کئی سہولتیں میسر ہیں ۔

## تیراکی

حالیہ سالوں کے دوران آئرلینڈ میں تیراکی نے خاصی مقبولیت حاصل کی ہے ۔اگرچہ آئرلینڈ ایک جزیرہ ہے اور یہاں پانی بہت صاف ہے تاہم گرمیوں کے علاوہ سمندر ( تاوقتیکہ آپ بہت بہادر نہ ہوں ) میں تیراکی کے بہت کم مواقع ہوتے ہیں۔

### مجھے مقامی سطح پر سوئمنگ پول کہاں مل سکتا ہے ؟

زیادہ تر ڈسٹرکٹ کونسل کا کم ازکم ایک عوامی سوئمنگ پول ہوتا ہے جو فیملی کی تفریح کا ایک سستا ذریعہ ہے ۔یہاں بچوں کا داخلہ عموماً مفت ہوتا ہے اور بڑوں کو تھوڑی سی رقم ادا کرنا پڑتی ہے۔ اپنے علاقے میں سوئمنگ پول کے بارے میں جاننے کے لئے اس ویب سائٹ www.swimmerguide.com سے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اس ویب سائٹ میں شمالی آئرلینڈ سمیت زیادہ تر ممالک کے سوئمنگ پولز کے بارے میں مواد موجودہے ۔

## سوکر(فٹ بال)

سوکر(فٹ بال) ایک بہت مقبول کھیل ہے۔ شمالی آئرلینڈ کے طول وعرض میں ہرٹاؤن کی ایک ٹیم ہے اور ایک ٹیم بچوں کی بھی ہوتی ہے۔ شمالی آئرلینڈ کے بہت سے لوگ نہ صرف اپنے مقامی اور قومی کلبوں میں کھیلتے ہیں بلکہ بین الاقوامی ٹیموں اور انگلش فٹ بال چیمپئین شپ کے لئے بھی کھیلتے ہیں ۔

### مجھے اپنا مقامی فٹ بال کلب کہاں مل سکتا ہے ؟

وہ ٹیمیں جن میںشامل ہوکر فٹ بال کھیلاجا سکتا ہے، اُن کے بارے میں لوکل سپورٹس سنٹر کے پاس مکمل فہرست ہوتی ہے جن میں ٹیموں او ر رابطے کے لئے متعلقہ افراد کے نام ہوتے ہیں۔ اپنے مقامی کلب کے بارے میں جاننے کے لئے آپ اس ویب سائٹ www.fai.ie سے بھی معلومات حاصل کرسکتے ہیں ۔
بچے بھی کسی کلب میں خود یا اپنے سکول کے ذریعے کھیل سکتے ہیں ۔

## Gaelic Athletic Association (GAA)

گیلک اتھلیٹک ایسوسی ایشن(GAA) چار کھیلوں کی ذمہ دار تنظیم ہے جن میں سے دو خصوصی طور پر آئرش کھیل ہیں۔ ۔کھیل فٹ بال اور ہرلنگ ( ہاکی جیسا کھیل)

### گیلکGaelic فٹ بال کیا ہے ؟

یہ فٹ بال عام فٹ بال کی طرح نہیں ہے اور اس کے قوانین بہت مختلف ہیں۔ اس کا موازنہ دوسرے کھیلوں بشمول رگبی، سوکر اور آسٹریلین رولز کے مجموعے سے کیا جاتا رہا ہے۔ یہ آئرلینڈ میں بہت تیز اور مقبول کھیل ہے ۔

### ہرلنگ(Hurling-ہاکی)کیا ہے ؟

ہرلنگ دنیا کی تیز ترین اور فعال فیلڈ گیم ہے ، آئرلینڈ میں بھی بہت مقبول ہے۔
خواتین کے لئے ہرلنگ کی ایک گیم بھی ہے جسے Camogie کہا جاتا ہے۔
فٹ بال اور ہرلنگ ( ہاکی ) زیادہ تر ٹاؤن (قصبات) میں بہت مقبول ہیں اور وہاں ایک مقامی ٹیم ہوتی ہے اور ایک بچوں کی ٹیم ۔

### مجھے اپنا مقامی کلب کہاں مل سکتا ہے ؟

اپنے مقامی کلب کے بارے میں جاننے کے لئے آپ اس ویب سائٹ سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں ۔
http://www.gaa.ie/page/provinces.html

## واکنگ اینڈ ہائیکنگ

واکنگ اور ہائیکنگ شمالی آئرلینڈ میں انتہائی مقبول سرگرمیاں ہیں۔ واکنگ کے روٹس کی باقاعدہ طور پر نشاندہی کی گئی ہے ۔

### مجھے واکنگ روٹ کہاں مل سکتا ہے ؟

مختلف واکنگ روٹس کے بارے میں جاننے کے لئے آپ درج ذیل ویب سائٹ سے رجوع کرسکتے ہیں ۔
http://www.geographia.com/northern-ireland/ukiwalk1.htm
شمالی آئرلینڈمیںواکWalk نامی ادارہ ملک میں واکنگ روٹس فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے ۔ یہاں کئی راستوںکی نشاندہی کی گئی ہے ۔ آپ مزید تفصیلات اس ویب سائٹ http://www.walkni.com/ سے حاصل کرسکتے ہیں ۔

## پارک اور جنگلات

### مجھے مقامی پارک اور گرین ایریا کہاںمل سکتا ہے ؟

شمالی آئرلینڈ کے تقریباً ہر شہر اور ٹاؤن میں گرین ایریا اور پارک موجود ہیں ۔لوگ ان فیملی پارکوںمیں جاکر ایک صحت مندانہ ماحول ، سکون اور تفریح سے لطف اندوز ہوتے ہیں ۔ان پارکوں میں اکثر پلے گراؤنڈ ، پکنک کے مقامات اور بار بی کیو ایریا بھی ہوتے ہیں ۔
شمالی آئرلینڈ میں کئی جنگلات ہیں اور ان جنگلات میں واک اور پکنک کے ذریعے آپ اپنے وقت کو خوشگوار بناسکتے ہیں اور لطف اندوز ہوسکتے ہیں ۔
شمالی آئرلینڈ میں جنگلات اور گرین ایریاز کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ http://www.forestserviceni.gov.uk/ سے حاصل کی جاسکتی ہیں ۔

## دیگر کھیل

آئرلینڈ میں کون سی دیگر کھیل ہوتے ہیں ؟
آئرلینڈ میں فیملی ، بڑوں اور بچوں کے لئے کئی کھیل ہوتے ہیں ۔

### لینڈ سپورٹس

شمالی آئرلینڈ کے لینڈ سپورٹس میں رگبی، باسکٹ بال، ہینڈ بال، ٹینس، باکسنگ، مارشل آرٹس اور راؤنڈرز شامل ہیں ۔

### واٹرسپورٹس

آئرلینڈ میں دیگر واٹرسپورٹس میں سرفنگ، ونڈ سرفنگ، کائیٹ سرفنگ، کشتی رانی اورمچھلی کا شکارشامل ہیں ۔

## نوجوانوں کے کلب

### نوجوانوں کے کلب کیا کرتے ہیں ؟

شمالی آئرلینڈ کے کئی علاقوں میں یوتھ کلب موجود ہیں۔ یوتھ کلبوں میں تعلیمی اور تفریحی عنصر کے ساتھ مختلف سرگرمیاں ہوتی ہیں جن میں زیرنگرانی ہوم ورک کلب، بعد ازسکول کلب ،اور کھیل وغیرہ شامل ہیں ۔

### نوجوانوں کے کلب کون چلاتا ہے ؟

ان کلبوں کو فلاحی کارکن یا متعلقہ سٹاف چلاتا ہے جو سارے عمل کی نگرانی کرتے ہیں تاہم اکثر ان کلبوں‌کو چلانے کے لئے نوجوانوں کے مشوروں کو اہمیت دی جاتی ہے ۔

### نوجوانوں کے کلب کون جوائن کرسکتا ہے ؟

یہ کلب عموماً 12 سے 18 سال عمر کے نوجوانوں کے لئے ہوتے ہیں ۔ ان کلبوں کو جوائن کرنے کی مقررہ فیس ہوتی ہے تاہم یہ فیس عموماً انتہائی کم ہوتی ہے ۔

### مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں ؟

یوتھ کونسل برائے شمالی آئرلینڈ ملک بھر میں نوجوانوں کے اُمور سے متعلق مشورے دیتی ہے اور حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ اس کونسل کے بارے میں مزید معلومات http://www.ycni.org۔ سے حاصل کی جاسکتی ہیں ۔

## فرہنگ / لغت

فرہنگ سے مراد ایسے الفاظ ہیں جوعبارت میں استعمال ہوتے ہیں اور ان کی وضاحت کی ضرورت ہوتی ہے ۔

### سیکشن ۔2

Accessories جملہ ساز و سامان

ایک گھر میں تمام فرنیچر ، برتن ، فریج اور چھری کانٹے وغیرہ جملہ سازوسامان کہلاتاہے ۔

Area Code علاقے کا کوڈ

ایریا کوڈ سے مراد وہ 2 سے 4 نمبر ہیں جو آپ کسی نمبر سے پہلے ڈائل کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر بیلفاسٹ Belfast کا ایریا کوڈ 028 ہے۔ اگرآپ نے کوئی نمبر ڈائل کرنا ہو تو اس نمبر سے پہلے کوڈ 028ڈائل کریں ۔

Bereavement موت کا صدمہ

اس سے مرا د موت کا مقابلہ کرنا ہے ۔

Breach توڑنا

اس سے مراد کوئی معاہدہ وغیرہ توڑنا ہے ۔

Credit کھاتے میں جمع رقم

موبائل فون کے سلسلے میں کریڈٹ سے مراد کال کرنے کے لئے آپ کی پہلے سے ادا شدہ رقم ادا ہے۔ آپ یہ رقم بڑھا کر فون میں اپنا کریڈٹ بنا سکتے ہیں ۔

Eligible اہل

اہل سے مرا د آپ کسی چیز کے حصول کے لئے متعلقہ معیار پر پورا اترتے ہوں ۔

State Agent اسٹیٹ ایجنٹ

جائیداد کی خریدوفروخت سے متعلق سروس فراہم کرنے والے اسٹیٹ ایجنٹ کہا جاتا ہے ۔

Fee فیس

فیس سے مراد وہ مخصوص رقم ہے جو آپ کوئی سروس حاصل کرنے کے لئے ادا کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگرآپ کے پاس میڈیکل کارڈ یا جی پی وزٹ کارڈ نہیں تو پھرGP (میڈیکل پریکٹشنر) جب آپ کو دیکھنے کے لئے آئے گا تو ہرمرتبہ 50یورو لے گا ۔

Landline لینڈ لائن

لینڈ لائن فون سے مراد آپ کے گھر میں لگا ہوا تار والا فون ہے اور یہ موبائل نہیں ہوتا ۔

Landlord مالک مکان

مالک مکان وہ شخص ہوتا ہے جو کرائے کے مکان کا مالک ہوتا ہے یا اس کا نگران ہوتا ہے ۔

Means Test آمدن کے ذرائع کا ٹیسٹ

اس ٹیسٹ میں آپ کی آمدنی اور آپ کے تمام اخراجات کا جائزہ لیا جاتا ہے ۔

Online آن لائن

جوچیزانٹرنیٹ پردستیاب ہوتی ہے ۔

### سیکشن ۔3

Domestic Violence Officer آفیسر برائے گھریلو تشدد

یہ ایک ایسا پولیس آفیسر ہوتا ہے جسے خاص طو ر پر گھریلو تشدد کی صورت حال کو نمٹانے کے لئے تربیت دی جاتی ہے ۔

PSNI پولیس سروس، شمالی آئرلینڈ

یہ پولیس سروس آف ناردن آئرلینڈ کا مخفف ہے ۔انہیں عام طور پر پولیس کے نام سے بھی جانا جاتا ہے ۔

Refuge پناہ

پناہ سے مراد ایک ایسا محفوظ مکان ہے جہاں آپ تشدد سے بچ کر رہ سکتے ہیں اور اپنے بچوں کو بھی لا سکتے ہیں ۔

### سیکشن ۔4

Abortion اسقاطِ حمل

اس کامطلب حمل گرانا ہے ۔

Accident and Emergency حادثات اور ہنگامی حالات

یہ ہسپتال کا وہ شعبہ ہوتا ہے جہاں ہنگامی صورت حال میں لوگوں کا علاج کیا جاتا ہے ۔

Aural کانوں سے متعلق

کانوں سے متعلق اُمور۔



Birth Certificate پیدائش کا تصدیق نامہ

یہ ایک دستاویز ہوتی ہے جس میں نومولود بچے کا نام ، تاریخ اور والدین کے نام درج ہوتے ہیں۔ یہ ایک اہم دستاویز ہے جسے محفوظ رکھنا چاہیے ۔

Booster بوسٹر

باربار دی جانے والی ایک ویکسین جو آپ کے بچے میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتی ہے ۔

Charge اخراجات

یہ وہ رقم ہوتی ہے جو آپ کو ہسپتال میں ادا کرنی پڑتی ہے ۔

Contraceptive مانع حمل

یہ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو عورت کو حاملہ ہونے سے روکتی ہیں ۔

Dental دانتوں سے متعلق

دانتوں سے متعلق اُمور۔



Diagnose تشخیص

تشخیص سے مراد کسی شخص کی تکلیف یا بیماری

کا سبب جاننا ہے ۔

In–Patient Service سروس برائے اندرونی مریضاں

ہسپتال میں وہ جگہ جہاں آپ کو رات بسر کرنی پڑی ۔

Metabolic Disorder جینیاتی بیماری

یہ ایک جینیاتی بیماری ہے جو بہت تھوڑی تعداد میں بچوں کو متاثر کرتی ہے ۔

Miscarriage وقت سے پہلے حمل گر جانا

حمل گرنے سے مراد حمل کا مقررہ وقت سے قبل خود بخود ختم ہوجانا ہے ۔

Optical آنکھوں سے متعلق

آنکھوں سے متعلق اُمور ۔



Out – patient service سروس برائے بیرونی مریضاں

ہسپتال میں وہ جگہ جہاں آپ معائنہ کراتے ہیں لیکن رات کو ٹھہرتے نہیں ۔

Physical exam جسمانی معائنہ

اس سے مراد جب کوئی ڈاکٹر یا نرس آپ کے بچے کے جسم میں کسی مسئلے کو جاننے کے لئے معائنہ کرے ۔

Referral حوالہ جاتی

اس سے مراد جب آپ کا ڈاکٹر کسی دوسرے سپیشلسٹ سے رابطہ کرتا ہے اور اُسے بتاتا ہے کہ آپ کو اس کے علاج کی ضرورت ہے ۔

Screening Program سکریننگ پروگرام

سکریننگ پروگرام وہاں ہوتا ہے جہاں ایک پبلک ہیلتھ نرس یا ایریا میڈیکل آفیسر آپ کے بچے کی کسی بیماری یا مسئلے کا معائنہ کرے ۔

Subsidised اعانتی

اس کا مطلب ہے کہ جب حکومت کسی چیز کی قیمت کا کچھ حصہ ادا کرتی ہے اور آپ کو اس کی پوری قیمت ادا نہیں کرنا پڑتی ۔

Surgery سرجری

یہ ایک ڈاکٹر یاماہر دندان کا دفتر ہوتا ہے ۔

Treat علاج معالجہ

اس سے مراد کسی مسئلے یا بیماری کا تعین کرنا ہوتا ہے ۔

Time Out مخصوص جگہ

یہ ایک ایسی جگہ ہو تی ہے جہاں آپ کے بچے کو کچھ مخصوص وقت کے لئے بیٹھے رہنے کے لئے بھیج دیا جاتا ہے جب وہ کوئی غلط رویہ اختیار کرتا ہے۔ یہ کسی کونے میں ہوتی ہے یا سیڑھیوں کے اوپر، وہ اپنی عمر کے تناسب سے اتنے منٹ وہاں بیٹھتا ہے جتنی اس کی عمر ہوتی ہے مثلاً اگر وہ 5سال کا ہے تو اسے 5 منٹ بٹھایا جاتا ہے۔

Vaccinations and Immunisations حفاظتی ٹیکے اور ادویات

کچھ ادویات ایسی ہوتی ہیں جو بچوں کوبعض مخصوص بیماریوں سے بچاتی ہیں۔ ویکسین ان ہی جراثیم سے بنائی جاتی ہیں جو بیماری کا سبب بنتے ہیں تاہم یہ آپ کے بچے کے لئے محفوظ ہوتی ہے کیونکہ ویکسین میں شامل جراثیم ، پہلے سے موجود جراثیم کو ختم یا کمزور کردیتے ہیں ۔

## سیکشن 5

Community Run کمیونٹی کے زیر انتظام

اس سے مراد پری سکول کا انتظام مقامی کمیونٹی کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

Compulsory لازمی

اس سے مراد بچے قانونی طور پر سکول جانے کے پابند ہوتے ہیں ۔

Education System تعلیمی نظام

اس میں تعلیم کے تمام درجات شامل ہوتے ہیں جن میں پرائمری سکول، مابعد پرائمری سکول، تیسرے درجے کی تعلیم، بالغوں کی تعلیم اور مزید تعلیم شامل ہیں۔

Second Level Eduation دوسرے درجے کی تعلیم

طلباءکی اکثریت 12 اور13 سال کی عمر میں دوسرے درجے کی تعلیم میں منتقل ہو جاتے ہیں یعنی جب وہ اپنی پرائمری تعلیم مکمل کر لیتے ہیں۔اس درجہ کو مابعد پرائمری بھی کہا جا تا ہے۔

## مخفف الفاظ

بی بی سی – برطانوی نشریاتی کارپوریشن
بی سی جی– باسیلس کالمیٹی۔گورن
ای یو – یورپین یونین
ای ای اے– یورپی معاشی شعبہ
ایف ایس اے– اتھارٹی برائے غذائی معیارات
جی اے اے – گیلک اتھلیٹک ایسوسی ایشن
جی پی – جنرل پریکٹشنر
ایچ آئی بی – ہوموفیلس انفلوئنزا قسم ۔بی
ایچ آر سی – روایتی رہائش کے حالات
آئی ٹی وی – خود مختار ٹیلی ویژن
ایم اے بی ایس – رقم، مشاورت اور بجٹ سازی کی سروس
ایم ایم آر – خسرہ، گلپھڑے ، روبیلا ویکسین
ایم او ٹی – وزارت ٹرانسپورٹ ٹیسٹ
این آئی ای – شمالی آئر لینڈ انرجی
این آئی ایس – ادارہ شماریات و تحقیقات شمالی
آر اے– آئرلینڈ
ٹی بی – ٹیوبرکلوسس
( بی سی جی ویکسین)
ٹی وی – ٹیلی ویژن